عورت ہوں اس شہر میں مجھے کوئی نہیں جانتا چنانچہ اس شیخ البلد نے منہ موڑ لیا اور وہ عورت شکستہ دل ہو کر چلی گئی پھر وہ اس مجوسی آدمی کے پاس آئی اور اپنا حال اس کے سامنے بیان کیا کہ میرے ساتھ لڑکیاں ہیں اور میں ایک علوی شریف خاندان کی عورت ہوں اور شیخ البلد کے پاس جانے کا قصہ بھی سارا بیان کیا پس وہ شخص مجوسی فوراً اٹھا اور کچھ اپنی عورتوں کو بھیجا کہ اس عورت کو مع اس کی لڑکیوں کے میرے مکان پر لے آؤ پھر ان کو نہایت ہی نفیس کھانا کھلایا اور بہترین لباس پہنایا اور رات گذاری ان کے ساتھ نعمتوں اور کرامتوں سے کہا جب آدھی رات ہوئی تو شیخ البلد نے خواب میں دیکھا قیامت قائم ہو گئی ہے اور باندھا گیا ہے جھنڈا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے سر پر اور ایک محل ہے سبز یاقوت کا جس کے کنارے موتی یاقوت کے ہیں اور اس میں موتی اور مرجان ہیں جڑے ہوئے پھر کہا شیخ البلد نے کہ یا رسول اللہ یہ کس کا محل ہے؟ آپ نے فرمایا واسطے مومن موحد مرد کے تو اس نے کہا یا رسول اللہ میں مومن موحد ہوں تو فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ میرے پاس گواہ پیش کر کہ واقعی تو مسلمان موحد آدمی ہے پھر وہ حیران رہ گیا تو فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ عورت علویہ جب تیرے پاس آئی تھی تو تو نے کہا تھا کہ میرے پاس گواہ لا کہ واقعی تو علویہ عورت ہے سو اسی طرح تو بھی گواہ لے آ میرے پاس کہ واقعی تو مسلمان موحد آدمی ہے پس جاگا وہ آدمی (شیخ البلد)

marfat.com

خلق لی استدل علی بالاسلام فواللّٰہ ما
بنت البارحۃ انا واھل داری حتی
اسلمنا کلنا علی ید العلویۃ ورایت
مثل الذی رایت فی منامک وقال
لی رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم
العلویۃ وبناتھا عندک قلت نعم
یا رسول اللّٰہ قال: القصر لک و
لاھل دارک وانت واھل دارک من
اھل الجنۃ خلقک اللّٰہ مؤمنًا فی
الازل - قال فانصرف المسلم وبہ
من الحزن والکآبۃ مالا یعلمہ الا اللّٰہ
فانظر رحمک اللّٰہ الی برکۃ الاحسان
الی الارملۃ والایتام ما اعقب صاحبہ
من الکرامۃ فی الدنیا -

ولھذا ثبت فی الصحیحین
(١) عن رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم
انہ قال (الساعی علی الارملۃ والمساکین
کالمجاھد فی سبیل اللّٰہ) قال الراوی
احسبہ قال (وکالقائم لا یفتر
وکالصائم لا یفطر) والساعی
علیھم ھو القائم بامورھم ومصالحھم
ابتغاء وجہ اللّٰہ تعالٰی وفقنا اللّٰہ
لذلک بمنہ وکرمہ انہ جواد کریم،
رءوف غفور رحیم -

نہایت غمگین ہو کر اس عورت کو ناکام واپس لوٹانے پر۔
پھر سارا شہر پھر اور دریافت کیا کہ وہ عورت کہاں
ہے یہاں تک کہ معلوم ہوا کہ وہ عورۃ مجوسی کے پاس
ہے پھر آدمی بھیجا کہ اس کو یعنی مجوسی کو میرے پاس
لاؤ چنانچہ وہ آگیا تو اس نے اس کو کہا کہ میں یہ عورت علویہ
شریفہ تجھ سے مانگتا ہوں بمع لڑکیوں کے اس نے کہا یہ
کام بہت ہی مشکل ہے اور مجھ کو بلاشبہ بہت برکات
حاصل ہوئی ہیں اس نے کہا مجھ سے ہزار دینار لے
لے اور ان کو مجھے دیدے اس نے کہا اس طرح
نہیں کروں گا پھر اس نے کہا یہ ضروری ہے ان کا مجھے
دینا تو اس (مجوسی) نے کہا جو چیز آپ چاہتے ہیں میں
اس کا زیادہ مستحق ہوں وہ محل جو آپ نے خواب میں
دیکھا ہے وہ میرے لئے بنایا گیا ہے کیا تم میرے سامنے اپنا
اسلام ظاہر کرتے ہو؟ سو اللہ کی قسم جب تک میں اور میرا
اہل وعیال تمام کے تمام مسلمان نہیں ہوئے اس علویہ کے ہاتھ
پر رات کو سوئے نہیں تھے میں نے بھی خواب میں اسی طرح
دیکھا تھا جس طرح تم نے دیکھا ہے اور مجھے رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ وہ عورۃ علویہ اور اس کی لڑکیاں
تیرے پاس ہیں میں نے عرض کی جی ہاں یا رسول اللہ تو
آپؐ نے فرمایا یہ محل تیرا اور تیرے گھر والوں کا ہے تو اور
تیرے گھر والے تمام جنتی ہیں اللہ تعالیٰ نے تم کو ازل
میں مؤمن پیدا فرمایا تھا۔ تو ہٹ گیا وہ شیخ مسلم اور اس کو
بڑا غم تھا اور تکلیف تھی جس کو اللہ کے سوا کوئی نہیں
جانتا تھا۔ دیکھ اللہ کی رحمت ہو تجھ پر کہ کس طرح بیوہ

(١) وابن ماجہ من حدیث ابی ھریرۃ قالہ المنذری۔

الكبيرة الرابعة عشرة

الكذب على الله عزوجل وعلى رسوله صلى الله عليه وسلم.

قال الله عزوجل:

(وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ تَرَى الَّذِينَ كَذَبُوا عَلَى اللَّهِ وُجُوهُهُمْ مُسْوَدَّةٌ)

قال الحسن هم الذين يقولون ان شئنا فعلنا وان شئنا لم نفعل قال ابن الجوزي في تفسيره وقد ذهب طائفة من العلماء الى ان الكذب على الله وعلى رسوله كفر ينقل عن الملة ولا ريب ان الكذب على الله وعلى رسوله في تحليل حرام وتحريم حلال كفر محض وانما الشان في الكذب عليه فيما سوى ذلك.

وقال (۱) صلى الله عليه وسلم ومن كذب علي بني له بيت في جهنم وقال صلى الله عليه وسلم ومن كذب علي متعمدا فليتبوأ مقعده من النار) وقال (۲) صلى الله عليه وسلم

اور یتیم پر احسان کرنیکے بدلہ میں عزت ملی اس کو اور اسی لئے صحیحین میں ثابت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا آپ نے کہ خبر گیری کرنیوالا بیوہ اور مساکین کی مثل مجاہد فی سبیل اللہ کے ہے راوی نے کہا مجھے گمان ہے کہ فرمایا مثل نمازی کے جو نہ تھکے نماز سے اور مثل روزہ دار کے جو نہ افطار کرے۔ اِنَّہٗ جَوَادٌ کَرِیْمٌ رَؤُفٌ رَحِیْمٌ ۝

چودھواں ۱۴ کبیرہ خدا اور رسول پر جھوٹ بولنا

قولہ تعالیٰ: اور قیامت کے دن تو دیکھے انکو جو جھوٹ بولتے ہیں اللہ پر کہ ان کے منہ ہوں سیاہ (زمر)

اور حسن رض نے کہا وہ وہ لوگ ہونگے جو کہتے ہیں اگر ہم چاہیں تو کریں اور اگر نہ چاہیں تو نہ کریں۔ ابن جوزی نے بھی اپنی تفسیر میں کہا اور ایک جماعت علماء کی بھی اسی طرف گئی ہے کہ جھوٹ خدا اور رسول پر کفر ہے۔ اور بے شک جھوٹ بولنا خدا اور رسول پر تحلیل حرام اور تحریم حلال میں کفر ہے محض اختلاف اُس جھوٹ میں ہے جو اس کے علاوہ ہو۔ اور فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص جھوٹ بولے مجھ پر بنایا جائے گا اس کا گھر جہنم میں۔ اور فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص جھوٹ بولے مجھ پر جان بوجھ کر پس چاہیئے کہ گھر بناوے اپنا دوزخ میں اور فرمایا نبی علیہ الصلوٰۃ

(۱) رواه البخاري ومسلم وغيرهما وقد روي عن غيرهما واحد في الصحاح والسنن والمسانيد وغيرها حتى بلغ مبلغ التواتر اه ماداله للمنذري في ترغيبه

(۲) رواه مسلم وغيره من حديث سمرة بلفظ من حدث عني بحديث فذكره اه منذري

marfat.com

(ومن روى عني حديثا وهو يرى انه كذب فهو احد الكاذبين.

وقال (۱) صلى الله عليه وسلم (ان كذبا علي ليس ككذب على غيري من كذب علي متعمدا فليتبوأ مقعده من النار) وقال صلى الله عليه وسلم (من يقل عني مالم اقله فليتبوأ مقعده من النار) وقال صلى الله عليه وسلم (۲) (يطبع المؤمن على كل شيء الا الخيانة والكذب) نسأل الله التوفيق والعصمة انه جواد كريم

والسلام نے جو شخص میری طرف سے کوئی حدیث روایت کرے اور وہ جانتا ہو کہ جھوٹ ہے پس وہ ایک دو جھوٹوں میں سے ہے۔

اور ارشاد فرمایا آپ نے بیشک میرے اوپر جھوٹ بولنا دوسروں پر جھوٹ بولنے کی طرح نہیں ہے (کیونکہ) جو شخص جھوٹ بولے مجھ پر جان بوجھ کر پس چاہیئے کہ جگہ بنا دے اپنی آگ میں اور فرمایا آپ نے جو کہتا ہے میری طرف سے اس بات کو جو نہیں کہی میں نے پس چاہیئے کہ ٹھکانہ بنا وے اپنا جہنم میں۔

اور فرمایا آپ نے کہ مہر لگتی ہے مومن کے ہر عمل پر سوائے خیانت اور جھوٹ کے۔ نَسْأَلُ اللّٰهَ التَّوفِيق وَالْعِصْمَةَ اِنَّهٗ جَوَادٌ كَرِيْمٌ ؁

الكبيرة الخامسة عشرة: الفرار من الزحف

پندرھواں کبیرہ۔ میدان جنگ سے بھاگنا

اذا لم يزد العدو على ضعف المسلمين الا متحرفا لقتال او متحيزا (۳) الى فئة وان بعدت قال الله

جبکہ دشمن مسلمانوں سے دوگنے سے زیادہ نہ ہوں مگر یہ کہ داؤ بدلنے کے لئے یا اپنی فوج میں جانے کے لئے اگرچہ دور ہو۔ اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے۔

(۱) رواه مسلم وغيره من حديث المغيرة يعني ابن شعبة اه منذري

(۲) رواه البزار وابو يعلى من حديث سعد بن ابي وقاص ورواته رواة الصحيح فذكره الدارقطني في العلل مرفوعا وموقوفا وقال الموقوف اشبه بالصواب ورواه الطبراني في الكبير والبيهقي من حديث ابن عمر مرفوعا وله شاهد عند احمد من حديث الاعمش قال حدثت عن ابي امامة فذكره اه افاده المنذري في ترغيبه،

(۳) للمتحرف للقتال من يفر عن العدو لخدعة حربية والمتحيز لفئة من يفر عن وجه العدو لينضم الى جماعة المجاهدين وجملتهم۔

marfat.com

تعالى (وَمَنْ يُّوَلِّهِمْ يَوْمَئِذٍ دُبُرَهٗ اِلَّا مُتَحَرِّفًا لِّقِتَالٍ اَوْ مُتَحَيِّزًا اِلٰى فِئَةٍ فَقَدْ بَآءَ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَمَاْوٰهُ جَهَنَّمُ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ)

وعن ابي هريرة (١) رضى الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم (اجتنبوا السبع الموبقات) قالوا وما هن يا رسول الله قال (الشرك بالله والسحر وقتل النفس التى حرم الله الا بالحق واكل الربا واكل مال اليتيم والتولى يوم الزحف وقذف المحصنات الغافلات المؤمنات)

وعن ابن عباس رضى الله عنهما قال لما نزلت (اِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ عِشْرُوْنَ صٰبِرُوْنَ يَغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ) فكتب الله عليهم ان لا يفر عشرون من مائتين ثم نزلت (اَلْئٰنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ وَعَلِمَ اَنَّ فِيْكُمْ ضَعْفًا فَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ مِّائَةٌ صَابِرَةٌ يَّغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ وَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ اَلْفٌ يَّغْلِبُوْا اَلْفَيْنِ بِاِذْنِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ) فكتب ان لا يفر مائة من مائتين رواه البخارى۔

اور جو شخص ان سے اس موقع پر (یعنی بوقت مقابلہ) پشت پھیرے گا ہاں مگر جو لڑائی کے لئے پینترا بدلتا ہو یا جو اپنی جماعت کی طرف پناہ لینے آتا ہو (وہ مستثنیٰ ہے) (انفال)

باقی اور جو ایسا کرے گا تو وہ اللہ تعالیٰ کے غضب میں آجائے گا اور اس کا ٹھکانہ دوزخ ہوگا اور وہ بہت ہی بری جگہ ہے۔

حضرت ابوہریرہؓ نے کہا فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے۔ بچو سات ہلاک کرنے والی چیزوں سے۔ دریافت کیا کہ کون سی ہیں وہ سات چیزیں یا رسول اللہ فرمایا آپ نے۔ شرک[۱] باللہ۔ جادو[۲]۔ قتل کرنا[۳] اس نفس کا جس کا قتل کرنا اللہ نے منع کیا مگر ساتھ حق کے۔ اور کھانا سود[۴] کا۔ اور کھانا مال[۵] یتیم کا۔ اور پیٹھ پھیرنا[۶] جنگ کے دن۔ جھوٹی[۷] تہمت لگانا پاکدامن بے خبر مومن عورتوں کو۔

اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب نازل ہوئی یہ آیت اگر ہوں تم میں سے بیس آدمی صبر کرنے والے (تو) غالب آئیں گے دو سو پر۔ پھر لکھا ان پر کہ نہ بھاگیں بیس آدمی دو سو سے پھر نازل ہوئی یہ آیت کہ اب تخفیف کر دی اللہ تعالیٰ نے تم سے اور وہ جانتا ہے کہ تمہارے اندر کمزوری ہے پس اگر ہوں تم میں سے ایک سو تو غالب آئیں گے دو سو پر اور اگر تم میں سے ہزار آدمی ہوں تو غالب آئیں گے دو ہزار پر اللہ کے حکم سے اور اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے چنانچہ اب یہ لکھ دیا کہ نہ بھاگیں ایک سو دو سو سے۔ (رواہ بخاری)

١ تقدم تخريجه مرارا وانه متفق عليه۔

marfat.com

الكبيرة السادسة عشرة: غش الامام الرعية و ظلمه لهم

۱۶ سولہواں کبیرہ ۔ دھوکا دینا بادشاہ کا رعیت کو اور ظلم کرنا ان پر

قال الله تعالیٰ (اِنَّمَا السَّبِيْلُ عَلَى الَّذِيْنَ يَظْلِمُوْنَ النَّاسَ وَ يَبْغُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ) وقال الله تعالیٰ (وَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ غَافِلًا عَمَّا يَعْمَلُ الظّٰلِمُوْنَ اِنَّمَا يُؤَخِّرُهُمْ لِيَوْمٍ تَشْخَصُ فِيْهِ الْاَبْصَارُ مُهْطِعِيْنَ مُقْنِعِيْ رُءُوْسِهِمْ لَا يَرْتَدُّ اِلَيْهِمْ طَرْفُهُمْ وَاَفْئِدَتُهُمْ هَوَآءٌ) وقال تعالیٰ (وَسَيَعْلَمُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اَيَّ مُنْقَلَبٍ يَّنْقَلِبُوْنَ) وقال تعالیٰ (كَانُوْا لَا يَتَنَاهَوْنَ عَنْ مُّنْكَرٍ فَعَلُوْهُ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ)

(شعراء)

قولہ تعالیٰ:۔ الزام تو ان پر ہے جو ظلم کرتے ہیں لوگوں پر اور دھوم اٹھاتے ہیں ملک میں ناحق ان لوگوں کے لئے عذاب دردناک ہے۔ (شوریٰ)

قولہ تعالیٰ:۔ اور ہرگز مت خیال کر کہ اللہ تعالیٰ بے خبر ہے ان کاموں سے جو کرتے ہیں بے انصاف ان کو تو ڈھیل دے رکھی ہے اس دن کے لئے کہ پتھرا جائیں گی آنکھیں دوڑتے ہوں گے اوپر اٹھائے اپنے سر پھر کر نہیں آئیں گی ان کی آنکھیں انکی طرف اور دل ان کے اڑ گئے ہوں گے۔ (ابراہیم)

قولہ تعالیٰ:۔ اور اب معلوم کریں گے ظلم کرنیوالے کہ کس کروٹ الٹتے ہیں۔ (شعراء)

قولہ تعالیٰ:۔ آپس میں منع نہ کرتے برے کام سے جو وہ کر رہے تھے۔ کیا ہی برا کام ہے جو کرتے تھے۔ (مائدہ)

وقال رسول الله صلى الله عليه و سلم (۱) ومن غشنا فليس منا وقال عليه السلام (۲) الظلم ظلمات يوم القيامة وقال صلى الله

اور فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص دھوکا کرے ہمارے ساتھ وہ ہم میں سے نہیں ہے اور فرمایا آپ نے ظلم کرنا قیامت کے روز کئی اندھیرے ہوں گے اور فرمایا آپ نے ہر ایک تمہارا بادشاہ ہے اور

(۱) رواہ مسلم من حدیث ابی ہریرۃ
(۲) خ، م، ت من حدیث ابن عمر

marfat.com

عليه وسلم (۱) كلكم راع وكلكم
مسئول عن رعيته" وقال (۲) رسول
الله صلى الله عليه وسلم ايما راع
غش رعيته فهو في النار، وقال
صلى الله عليه وسلم، من استرعاه
الله رعية ثم لم يحطها بنصحه الا
حرم الله عليه الجنة" اخرجه
البخاري وفي (۳) لفظ، يموت يوم يموت
وهو غاش لرعيته الا حرم الله
عليه الجنة۔

وقال صلى الله عليه وسلم، ما
من حاكم يحكم بين الناس الا حبس
يوم القيامة وملك آخذ بقفاه فان
قال القه القاه فهوى في جهنم اربعين
خريفا، رواه الامام احمد (۴) وقال
رسول الله (۵) صلى الله عليه وسلم
ويل للامراء ويل للعرفاء ويل للامناء
ليتمنين اقوام يوم القيامة ان

ہر ایک سے سوال کیا جائے گا اس کی رعیت کے بارہ
میں۔ اور فرمایا آپ نے جس کو اللہ تعالیٰ بادشاہ
بناوے پھر وہ نہ خیال کرے ان کو نصیحت کرنے کا مگر
حرام کرے گا اللہ تعالیٰ اس پر جنت کو (بخاری) اور ایک
لفظ میں ہے کہ جس دن بھی مرے گا اس حال میں کہ
وہ دھوکا دینے والا تھا اپنی رعیت کو حرام کریگا اللہ تعالیٰ
اس پر جنت کو۔ اور فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے
کوئی حاکم ایسا نہ ہوگا جو فیصلہ کرتا ہے درمیان لوگوں
کے مگر روکا جائے گا وہ قیامت کے دن اور فرشتہ
اس کی گردن کو پکڑے ہوئے ہوگا پھر اگر کہے اللہ تعالیٰ
اس فرشتہ کو پھینک دے اس کو تو پھینک دے
گا اس کو درمیان دوزخ کے چالیس برس تک۔
(رواہ امام احمدؒ) اور فرمایا نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام نے
کہ ہلاکت واسطے امراء کے ہلاکت واسطے عرفا (بڑے
آدمیوں) کے ہلاکت واسطے امانت رکھنے والوں کے
البتہ تمنا کرے گی ایک قوم قیامت کے دن کہ کاش
اگر ان کے بال ثریا سے باندھے ہوئے ہوتے جو عذاب
دئے جاتے۔ تو آسان تھا اس سے جو امیر بنائے گئے۔

(۱) رواه خ، م من حديث ابن عمر (۲) رواه الطبراني في الاوسط والصغير عن
انس ورواته ثقات الا عبد الله ابن ميسرة ابا ليلى وشواهده الصحيحة كثيرة عن
معقل بن يسار في الصحيحين وعن ابن عباس وغيرهما (۳) يعني للبخاري ايضاً۔
(۴) وروى ابن ماجه والبزار نحواً من هذا في حديث ابن مسعود في اسنادهما مجالد بن
سعيد مختلف فيه افاده المنذري (۵) رواه احمد عن ابي هريرة مرفوعاً من طرق
رواة بعضها ثقات قاله المنذري في موضع وقال في موضع رواه حب والحاكم وقال
صحيح الاسناد۔

marfat.com

ذوائبهم كانت معلقة بالثريا يعذبون
ولم يكونوا عملوا من شيء «

وقال (١) صلى الله عليه وسلم
"ليأتين على القاضي العدل يوم القيامة
ساعة يتمنى انه لم يقض بين
اثنين في تمرة قط" وقال صلى الله
عليه وسلم "ما من امير عشرة الا
يؤتى به يوم القيامة مغلولة يده الى
عنقه اما اطلقه عدله او اوبقه جوره" (٢)

ومن دعاءه (٣) رسول الله
صلى الله عليه وسلم انه قال، اللهم
من ولي من امر هذه الامة شيئا
فرفق بهم فارفق به ومن شق عليهم
فاشقق عليه"

وقال (٤) صلى الله عليه وسلم
"من ولاه الله شيئا من امور المسلمين
فاحتجب دون حاجتهم وخلتهم و
وفقرهم احتجب الله دون حاجته
وخلته وفقره"

اور فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے البتہ ضرور آئے
گی ایک گھڑی قاضی عادل پر قیامت کے دن جو تمنا
کرے گا اس بات کی کہ کاش نہ فیصلہ کرتا میں درمیان
دو آدمیوں کے ایک کھجور میں بھی۔

اور فرمایا آپ نے کہ نہیں کوئی اوپر دس آدمیوں
کے امیر مگر لایا جائے گا قیامت کے دن اس حال میں
کہ ہاتھ اس کا بندھا ہوا ہوگا گردن کی طرف یا تو اس
کا عدل اس کو رہا کرا دے یا اس کا ظلم اس کو ہلاک
کرا دے۔ حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا۔

فرمایا آپ نے یا اللہ جو شخص امیر بنے اس امت
میں سے کسی چیز کا پھر نرمی کرے وہ لوگوں کیساتھ
تو تو بھی نرمی فرما اُن کے ساتھ اور جو سختی کرے تو بھی
سختی فرما ان پر اور فرمایا آپ نے جس شخص کو والی بنایا
اللہ تعالیٰ نے کسی چیز کا مسلمانوں کے کاموں میں
سے پھر مقرر کیا اس نے لوگوں کے لئے کوئی پہرہ دار
ان کی حاجت تکلیف اور فقر کے لئے تو حاجب مقرر
کردے گا اللہ تعالیٰ اس کی حاجتوں کے ورے۔

اور فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے عنقریب ظالم
امیر ہوں گے جو تصدیق کرے گا ان کے جھوٹ کی

(١) رواه البزار والطبراني في الاوسط من حديث ابي هريرة ورجال البزار رجال الصحيح
وله شاهد من حديث سعد بن ابي وقاص عند احمد وعن ابي الدرداء عند حب
افاده المنذري (٢) رواه احمد وابن حبان من حديث عائشة اهـ منه
(٣) مسلم والنسائي عن عائشة (٤) د، ت عن ابي مريم عمرو بن مرة
الجهني،

marfat.com

وقال (۱) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم "سیکون امراء فسقة جورة فمن صدقهم بكذبهم واعانهم على ظلمهم فليس منى ولست منه ولن يرد على الحوض · وقال (۲) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وصنفان من امتی لن تنالهم شفاعتی سلطان ظلوم غشوش وغال فی الدین یشهد علیهم ویتبرا منهم · وقال (۳) علیہ السلام · اشد الناس عذابا یوم القیامة امام جائر · وفی الحدیث (۴) ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال · ایها الناس مروا بالمعروف ولنهوا عن المنكر قبل ان تدعوا اللہ فلا يستجيب لكم وقبل ان تستغفروا اللہ فلا يغفر لكم ان الاحبار من اليهود والرهبان من النصارى لما تركوا الامر بالمعروف والنهى عن المنكر لعنهم اللہ على لسان انبيائهم ثم عمهم بالبلاء ::

اور مدد کرے گا ان کے ظلم پر تو نہ وہ مجھ سے ہے نہ میں اس سے ہوں اور ہرگز نہ آسکے گا وہ میرے حوض پر ——— اور فرمایا آپ نے دو قسم کے آدمی میری شفاعت کو نہ پہنچیں گے۔ بادشاہ ظالم دھوکا باز اور غلو کرنے والا دین میں۔

اور فرمایا آپ نے قیامت کے دن سخت ترین عذاب بادشاہ ظالم کو ہوگا ——— اور حدیث پاک میں ہے بے شک فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اے لوگو امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کیا کرو قبل اس کے کہ تم دعا مانگو اللہ سے اور نہ قبول فرماوے اور پیشتر ازیں کہ استغفار کرو اور نہ معاف کرے گناہ تمہارے بے شک یہود کے احبار اور نصاریٰ کے رہبان نے جب امر بالمعروف اور نہی عن المنکر چھوڑ دیا تو اللہ تعالیٰ نے ان پر لعنت فرمائی ان کے انبیاء کی زبان سے اور عام کیا مصیبت کو ان پر۔

اور فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص نئی چیز پیدا کرے اس دین میں (بدعت) جو نہ ہو اس میں پس وہ مردود ہے۔ جو شخص پیدا کرے نئی چیز یا جگہ دے نئی چیز کے پیدا کرنے والے کو پس اس پر لعنت

(۱) رواه احمد والترمذی وصححه النسائی والبزار بالفاظ متقاربة من حديث كعب بن عجرة.

۲ رواه الطبرانی فی الكبير من حديث ابی امامة ورجاله ثقات اھ منه

(۳) رواه الطبرانی من حديث عبد اللہ بن مسعود ورواته ثقات الا ليث بن سليم اھ

۴ . رواه الاصبهانی من حديث ابن عمر واشار المنذری الى ضعفه ،

marfat.com

وقال (۱) رسول اللہ صلی اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم "من احدث
فی امرنا ھذا ما لیس منہ فھو رد"
"من احدث حدثا او اوی محدثا
فعلیہ لعنۃ اللہ والملائکۃ والناس
اجمعین لا یقبل اللہ منہ صرفا
ولا عدلا" وفی الحدیث (۲) ایضا
من لا یرحم ولا یرحم لا یرحم اللہ من لا یرحم
الناس وقال (۳) صلی اللہ علیہ و
سلم "الامام العادل یظلہ اللہ فی
ظلہ یوم لا ظل الا ظلہ" وقال (۴)
المقسطون علی منابر من نور الذین
یعدلون فی حکمھم واھلیھم وما ولوا۔
ولما بعث رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم معاذا رضی اللہ عنہ
الی الیمن قال "ایاک وکرائم اموالھم
واتق دعوۃ المظلوم فانما لیس بینھا
وبین اللہ حجاب" رواہ البخاری و
قال (۵) علیہ الصلاۃ والسلام "ثلاثۃ

ہے اللہ کی اور فرشتوں کی اور تمام لوگوں کی نہ قبول
کرے گا اللہ تعالیٰ اس سے کوئی فرض نہ نفل اور ایک
حدیث پاک میں یہ بھی ہے کہ جو نہ رحم کرے گا نہ رحم
کیا جائے گا نہ رحم کرے گا اللہ تعالیٰ اس پر جو نہ رحم
کرے گا لوگوں پر۔
اور فرمایا آپ نے امام کو (بادشاہ) عادل کو چھپائے
گا اللہ تعالیٰ اپنے سایہ میں جس دن کوئی سایہ نہ ہوگا۔
بغیر سایہ اللہ تعالیٰ کے عرش کے اور فرمایا انصاف کرنے
والے نور کے منبروں پر ہوں گے۔ وہ لوگ جو عدل
کرتے ہیں اپنے حکم کرنے میں اور اپنے اہل میں جس
چیز کے والی (حاکم) بنائے گئے ہیں۔ اور جب بھیجا
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت معاذ کو یمن کی
طرف تو فرمایا کہ بچ تو لوگوں کے اچھے مال لینے سے
اور بچ تو مظلوم کی بددعا سے اس لئے کہ اس میں
اور اللہ تعالیٰ کے درمیان کوئی پردہ نہیں ہے (بخاری)
اور فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے تین آدمی ہیں
جن سے نہ بات کرے گا اللہ تعالیٰ ان سے قیامت
کے دن پھر ذکر فرمایا آپ نے ان میں سے بادشاہ
جھوٹ بولنے والے کو۔

(۱) رواہ خ، م، د من حدیث عائشۃ (۲) رواہ خ، م، ت من حدیث جریر
بن عبد اللہ ولہ شواھد من حدیث ابی موسی وابن مسعود وابن عمرو
وابن عباس وغیرھم والسنن والمسند والطبرانی (۳) رواہ خ۔ م۔ من
حدیث ابی ھریرۃ فی ضمن حدیث السبعۃ الذین یظلھم اللہ فی ظلہ
(۴) رواہ مسلم والنسائی من حدیث عبد اللہ بن عمرو بن العاص
(۵) رواہ مسلم وغیرہ من حدیث ابی ھریرۃ

marfat.com

لا یکلمھم اللہ یوم القیامۃ فذکر منھم
الملک الکذاب وقال انکم ستحرصون
علی الامارۃ وستکون ندامۃ یوم
القیامۃ" رواہ البخاری وفیہ ایضاً
وانا واللہ لا نولی ھذا العمل
احداً سالہ او احد حرص علیہ۔

وقال (۱) رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم یا کعب بن عجرۃ اعاذک اللہ من
امارۃ السفہاء امراء یکونون من
بعدی لا یھتدون بھدی ولا
یستنون بسنتی وعن (۲) ابی
ہریرۃ رضی اللہ عنہ عن النبی
صلی اللہ علیہ وسلم قال من
طلب قضاء المسلمین حتی ینالہ
ثم غلب عدلہ جورہ فلہ الجنۃ
ومن غلب جورہ عدلہ فلہ النار۔

وقال (۳) وستحرصون علی
الامارۃ وستکون ندامۃ یوم
القیامۃ۔ وقال (۴) عمر لابی
ذر رضی اللہ عنہما حدثنی بحدیث
سمعتہ من رسول اللہ فقال ابوذر

اور فرمایا بے شک عنقریب تم حرص کروگے اوپر امیر بننے کے اور ہوگی ندامت قیامت کے دن (بخاری) اور اس میں یہ بھی ہے کہ بے شک ہم خدا کی قسم نہ والی (حاکم) بنائیں گے اس کام کا کسی کو جو سوال کرے اس کا یا حرص کرے اس کی (یعنی بادشاہ بننے کی خواہش کرے) اور فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اے کعب بن عجرہ بچا دے تجھ کو اللہ تعالے بے وقوفوں کی امارت سے میرے بعد امراء ہوں گے نہ چلیں گے میرے طریقہ پر اور نہ اختیار کریں گے میری سنت کو۔

اور فرمایا آپ نے اور حرص کروگے تم اوپر امارت کے اور وہ ہوگی ندامت قیامت کے دن اور فرمایا حضرۃ عمر رضی اللہ عنہ نے ابوذر رضی اللہ عنہ کو کہ سنا مجھ کو کوئی حدیث جس کو تو نے سنا ہو نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام سے تو ابوذر رضی اللہ عنہ نے کہا میں نے سنا ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے ہوئے کہ لایا جائے گا۔ ایک حاکم پس پھینکا جائے گا اس کو پلصراط پر پھر ہلے گا پلصراط اس طرح ہلنا کہ نہیں باقی رہے گا اس کا کوئی جوڑ مگر اپنی جگہ سے جدا ہو جائے گا پھر اگر وہ مطیع ہوگا تو گزر جائے گا اس سے اور اگر نافرمان ہوگا تو پھٹ جائے گی پلصراط اور وہ گر

(۱) رواہ احمد ورواتہ محتج بہم فی الصحیح قالہ المنذری (۲) رواہ ابوداؤد ومنہ
(۳) تمامہ، فنعمت المرضعۃ وبئست الفاطمۃ - رواہ البخاری والنسائی
من حدیث ابی ہریرۃ قالہ المنذری (۴) روی نحوہ ابن ابی الدنیا من حدیث ابی ہریرۃ
ان بشر بن عاصم الجشمی حدث عمر فذکرہ وان عمر سأل سلمان وابا ذر
فصدقا قالہ المنذری وضعفہ د

marfat.com

سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم
يقول : يجاء بالوالي يوم القيامة فينبذ
به على جسر جهنم فيرتج به الجسر
ارتجاجة لا يبقى منه مفصل الا زال
عن مكانه فان كان مطيعا لله في عمله
مضى به وان كان عاصيا لله في عمله
انخرق به الجسر فهوى به في نار جهنم مقدار
خمسين عاما فقال عمر من يطلب العمل
بها يا ابا ذر قال من سلت الله انفه و
الصق خده بالتراب .

وقال عمرو بن المهاجر قال لي
عمر بن عبد العزيز رضي الله عنه اذا
رايتني قد ملت عن الحق فضع
يدك في تلبابي ثم قل يا عمر
ما تصنع .

يا رضيا باسم الظلم كم عليك
من المظالم . السجن جهنم والحق
الحاكم ولا حجة لك فيما تخاصم ،
القبر مهول فتذكر حبسك ،
والحساب طويل فخاص نفسك
والعمر كيوم فبادر شمسك تفرح
بمالك والكسب خبيث ، وتمرح
بمالك والسير حثيث ، ان الظلم لا
يترك منه قدر انملة ، فاذا رايت
ظالما قد سطا فتم له ، فربما بات

جائے گا دوزخ میں اس روز جس کی مقدار پچاس ہزار
برس کی ہوگی پس حضرت عمرؓ نے کہا کون کریگا عمل
اس کا (امارت کا) کہا انہوں نے وہ شخص نے تابع کر
لیا اپنا چہرہ اللہ تعالیٰ کے لئے اور ملا دیا اپنا چہرہ مٹی میں۔

اور کہا عمر بن مہاجر نے کہ مجھے فرمایا تھا عمر بن
عبدالعزیز نے رضی اللہ عنہ کہ جب تو مجھے دیکھے کہ
حق سے ہٹ رہا ہوں تو اپنا ہاتھ میرے سینے پر
رکھ کر کہہ دے کہ اے عمر کیا کر رہا ہے تو۔ اشعار

اے راضی ہونیوالا ظلم کے نام سے کتنے ہوں گے
تیرے اوپر مظالم قید خانہ دوزخ ہے اور حاکم سچا ہے
اور تیرے پاس کوئی دلیل تیرے جھگڑے کے لئے نہیں
ہوگی قبر ہولناک جگہ ہے پس یاد کر تو اپنی قبر کو اور حساب
لمبا ہے پس بچا تو اپنے نفس کو اور عمر ایک دن کی ہے
پس جلدی کر تو دن گزرنے سے قبل خوش ہوتا ہے اپنے
مال کے ساتھ حالانکہ کسب ناپاک ہے اور آرزوؤں
پر اتراتا ہے اور تیری رفتار دھیمی ہے بے شک ظلم
نہیں چھوڑا جائے گا تجھ سے بقدر ایک ناخن کے
پس جب دیکھے گا ظالم کو کہ وہ زیادتی
کر رہا ہے تو تو سوچا اس کے لئے
وانتظام کر بسا اوقات رات
گزارے گا پس پکڑے
گا اس کے پہلو کو
رات کے وقت
بچھونا۔

فاخذت جنبه من الليل نمله، اى
تروح فى الجسد.

الكبيرة السابعة عشرة: الكبر

الكبر والفخر والخيلاء والعجب
والتيه قال الله تعالى (وقال موسى
إِنِّي عُذْتُ بِرَبِّي وَرَبِّكُمْ مِنْ كُلِّ
مُتَكَبِّرٍ لَا يُؤْمِنُ بِيَوْمِ الْحِسَابِ)
وقال تعالى (إِنَّهُ لَا يُحِبُّ الْمُسْتَكْبِرِينَ)
وقال (۱) رسول الله صلى الله عليه
وسلم وبينما رجل يتبختر فى مشيه
اذا خسف الله به الارض فهو
يتجلجل فيها الى يوم القيامة وقال
(۲) عليه الصلوة والسلام،
يحشر الجبارون المتكبرون،
يوم القيامة امثال الذر يطؤهم
الناس يغشاهم الذل من كل
مكان وقال بعض السلف اول ذنب
عصى الله به الكبر قال الله تعالى
(وَإِذْ قُلْنَا لِلْمَلَائِكَةِ اسْجُدُوا

ستره‌واں کبیرہ (۱۷) در بیان تکبر

کبر فخر خود پسندی (ارشاد خداوندی)
اور کہا موسیٰ علیہ السلام نے بے شک میں پناہ
مانگتا ہوا اپنے اور تمہارے پروردگار سے ہر متکبر سے
جو ایمان لائے ساتھ قیامت کے۔ مومن
اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے۔ بے شک وہ نہیں دوست
رکھتا تکبر کرنیوالوں کو۔
اور فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کہ ایک آدمی
اکڑ اکڑ چل رہا تھا کہ دھنسا دیا اللہ تعالیٰ نے اس کو
زمین میں پھر وہ دھنستا چلا جائے گا زمین میں قیامت
تک اور آپ نے فرمایا اٹھائے جائیں گے جبار متکبر
لوگ قیامت کے دن چیونٹیوں کی طرح جو لوگ ان
کو روندھیں گے ڈھانپ لے گی اُن کو ذلت ہر طرف
سے اور کہا بعض بزرگوں نے کہ سب سے پہلا گناہ
جو نافرمانی کی گئی اللہ تعالیٰ کے ساتھ وہ تکبر ہے۔ اور
فرمایا اللہ تعالیٰ نے جب کہا ہم نے فرشتوں سے کہ
سجدہ کرو طرف آدم کے پھر سب نے سجدہ کیا سوائے

(۱) رواه خ، س، وغيرهما بنحوه من حديث ابن عمرو وشواهده من حديث ابي سعيد
الخدري وجابر وابي هريرة واقربها الى ما هنا لفظ ابي هريرة عن خ، م كما فى للمنذري
(۲) تمامه، يساقون الى سجن فى جهنم يقال له بولس تعلوهم نار الانيار يسقون من
عصارة اهل النار طينة الخبال، رواه النسائى والترمذى من حديث عمرو
بن شعيب عن ابيه عن جده عبد الله بن عمرو بن العاص اه منه

marfat.com

لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْا اِلَّا اِبْلِیْسَ اَبٰی وَ
اسْتَکْبَرَ وَکَانَ مِنَ الْکَافِرِیْنَ) فمن
استکبر علی الحق لم ینفعه ایمانه
کما فعل ابلیس۔

وعن النبی صلی اللہ علیہ وسلم
قال لا یدخل الجنة احد فی قلبه
مثقال ذرة من کبر، رواہ مسلم
وقال تعالیٰ (اِنَّ اللّٰہَ لَا یُحِبُّ کُلَّ
مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ)

وقال صلی اللہ علیہ وسلم: قال
اللہ تعالیٰ والعظمة ازاری والکبریاء
ردائی فمن نازعنی فیهما القیته
فی النار، رواہ مسلم - المنازعة :
المجاذبة،

وقال صلی اللہ علیہ وسلم :
اختصمت الجنة والنار فقالت الجنة
مالی لا یدخلنی الا ضعفاء الناس
وسقطهم وقالت النار أوثرت
بالجبارین والمتکبرین - الحدیث، (۱)
وقال تعالیٰ (وَلَا تُصَعِّرْ
خَدَّکَ لِلنَّاسِ وَلَا تَمْشِ فِی الْاَرْضِ

ابلیس کے کہ انکار کیا اُس نے اور تکبر کیا اور تھا وہ
کافروں سے (بقرہ) پس جو شخص تکبر کرتا ہے حق کے
مقابلہ میں نہ نفع دے گا اس کو ایمان اس کا جس
طرح کیا ابلیس نے۔ اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم
نے فرمایا کہ نہیں داخل ہوگا جنت میں کوئی شخص جس
کے دل میں ذرہ برابر بھی تکبر ہوگا۔ (مسلم)

اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے بے شک اللہ تعالیٰ نہیں
دوست رکھتا ہر مختال اور فخور کو اور نبی کریم صلی اللہ
علیہ وسلم نے فرمایا کہ ارشاد ہے باری تعالیٰ کا کہ عظمت
میری چادر ہے اور کبر میری رداء ہے پس جو شخص
کھینچے گا ان کو ڈال دوں گا اس کو آگ میں (مسلم)

اور آپ نے فرمایا کہ مناظرہ کیا جنت اور دوزخ نے
جنت نے کہا کہ نہیں داخل ہوں گے میرے اندر مگر ضعیف
اور گرے پڑے لوگ اور دوزخ نے کہا پسند کی گئی ہوں میں
جبارین اور متکبرین کیلئے۔ (الحدیث)

فرمان باری تعالیٰ اور لوگوں سے اپنا رخ مت
پھیر اور زمین پر اترا کر مت چل بے شک اللہ تعالیٰ
کسی تکبر کرنے والے فخر کرنے والے کو پسند نہیں
کرتے۔ (لقمان)

سلمہ بن اکوع نے کہا کہ ایک آدمی نبی کریم صلی
اللہ علیہ وسلم کے پاس کھانا کھاتا تھا بائیں ہاتھ

(۱) تمامه وتقضی اللہ بینهما انك الجنة رحمتی ارحم بك من اشاء وانك النار عذابی
اعذب بك من اشاء ولکلیکما ملؤها، رواہ مسلم من حدیث ابی سعید
الخدری اھ منذری

مَرَحًا اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ
اى لا تمش خدك معرضًا متكبرًا
والمرح التبختر۔

وقال سلمة بن الاكوع ، اكل
رَجُلٌ عند رسول الله صلى الله عليه
وسلم بشماله قال كل بيمينك قال
لا استطيع فقال لا استطعت
مامنعه الا الكبر فما رفعها
الى فيه بعد ، رواه مسلم وقال (۱)
عليه الصلاة والسلام الا اخبركم
باهل النار كل عتل جواظ مستكبر
العتل الغليظ الجافى والجواظ: الجموع
المنوع وقيل الضخم المختال فى مشيته
وقيل البطين۔

عن ابن عمر (۲) رضى الله عنهما
قال سمعت رسول الله صلى الله
عليه وسلم يقول ، مامن رجل
يختال فى مشيته ويتعاظم فى نفسه
الا لقى الله وهو عليه غضبان وصح
(۳) من حديث ابى هريرة اوّل
ثلاثة يدخلون النار: امير مسلط

سے آپ نے فرمایا دائیں ہاتھ سے کھا اس نے
جواب دیا کہ میں دائیں ہاتھ سے کھانے کی طاقت نہیں
رکھتا نہ روکا تھا اس کو بغیر تکبر کے کسی چیز نے چنانچہ
دوبارہ وہ اپنا ہاتھ منہ تک نہ لے جا سکا۔ (یا ہاتھ
شل کر دیا گیا) (مسلم)

اور فرمایا آپ نے کیا نہ خبر دوں تم کو اہل جہنم کی۔
ہر سخت مزاج شریر اور متکبر ہے۔

ابن عمرؓ نے کہا کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم
سے سُنا کہ فرمایا آپ نے جو آدمی تکبر کرے چلنے میں
اور بڑا سمجھے اپنے آپ کو ملیگا اللہ تعالیٰ کو کہ غضبناک
ہوگا اس شخص پر۔ ابوہریرہؓ سے روایت ہے۔ کہ
پہلے جو تین شخص داخل ہوں گے دوزخ میں ہا امیر جو کسی
قوم پر زبردستی مسلط ہو جائے۔ غنی جو زکوٰۃ نہ دے۔
فقیر فخر کرنے والا۔

اور بخاری شریف میں آیا ہے کہ آپ نے فرمایا کہ
تین آدمی ہیں کہ نہ دیکھے گا اُن کی طرف اللہ تعالیٰ
قیامت کے دن اور نہ پاک کرے گا ان کو اور اُن کے
لئے عذاب دردناک ہوگا۔ چادر کو ٹخنے سے نیچے لٹکانے
والا۔ اور احسان جتلانے والا اور جھوٹی قسم کھا کر اپنا
مال بیچنے والا۔ مسبل وہ ہے جو چادر یا پاجامہ شلوار
یا لبادہ کرتہ جو ٹخنے سے نیچے تک ہو۔ اس لئے کہ بیشک

(۱) رواه البخارى ومسلم من حديث حارثة عن وهب اھ بندری
(۲) رواه الطبرانى فى الكبير ورواته محتج بهم فى الصحيح والحاكم وقال صحيح على شرط مسلم اھ منه
(۳) رواه ابن خزيمة وابن حبان فى صحيحهما اھ منه

اى ظالم وغنى لا يؤدى الزكاة وفقير
فخور، وفى صحيح البخارى عن رسول
الله صلى الله عليه وسلم قال، ثلاثة
لا ينظر الله اليهم يوم القيامة ولا
يزكيهم ولهم عذاب اليم، المسبل
والمنان والمنفق سلعته بالحلف
الكاذب، والمسبل هو الذى
يسبل ازاره وثيابه اوسراويله
حتى يكون الى قدميه لانه صلى
الله عليه وسلم قال (۱) "ما اسفل من
الكعبين من الازار فهو فى النار"
واشر الكبر الذى فيه من يتكبر
على العباد بعلمه ويتعاظم فى نفسه
بفضيلته فان هذا لم ينفعه علمه
فان من طلب العلم للاخرة كسره
علمه وخشع قلبه واستكانت نفسه
وكان بالمرصاد فلا يفترعها بل
يحاسبها كل وقت ويتفقدها فان
غفل عنها جمحت عن الطريق المستقيم
واهلكته، ومن طلب العلم
للفخر والرياسة وبطريق على
المسلمين ويحامق عليهم وازدراهم
فهذا من اكبر الكبر ولا يدخل الجنة

فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کپڑا ٹخنے سے نیچے
ہے وہ آگ میں ہے اور بدترین تکبر یہ ہے کہ اپنے
علم اور فضل کی وجہ سے لوگوں پر بڑائی جتلاتا ہے پس
یہ علم اس کو نفع نہ دیگا جو تکبر کرتا ہے بندوں پر اپنے
علم سے اور عظمت جتلاتا ہے اپنے نفس میں ساتھ
فضیلت کے بے شک یہ نہیں نفع دیتا اس کو وہ
علم اور جو طلب کرے علم واسطے آخرت کے توڑے گا
اس کا علم تکبر کو اور نرم ہوگا دل اس کا اور
ہر وقت خدا کی یاد میں ہوگا بلکہ ہر وقت
محاسبہ کرتا رہے گا اور خبر گیری کرتا
رہے گا اور اگر غافل ہو گیا ان امور سے
ہٹ گیا سیدھے رستہ سے اور
ہلاک ہو جائے گا وہ اور جو طلب کرتا
ہے علم کو فخر اور ریاست کے
لئے اور لوگوں پر بڑائی جتلانے
کیلئے اور ان کو گھٹیا جاننے
کیلئے پس یہ سب سے بڑا
کبر ہے نہیں داخل
ہوگا جنت میں جس
کے دل میں
ایک ذرہ برابر
تکبر ہوگا۔

(۱) رواہ خ، من حدیث ابی ھریرۃ اھ منذری

من كان فى قلبه مثقال ذرة من كبر
ولا حول ولا قوة الا بالله العلى
العظيم.

الكبيرة الثامنة عشرة : شهادة الزور

ترجمہ:- اٹھارہواں کبیرہ، دربیان شہادت جھوٹی

قال الله تعالى (وَالَّذِيْنَ لَا يَشْهَدُوْنَ الزُّوْرَ) الآية وفى الاثر (۱) عدلت شهادة الزور الشرك بالله تعالى مرتين وقال تعالى (وَاجْتَنِبُوْا قَوْلَ الزُّوْرِ) وفى الحديث (۲) لا تزول قدما شاهد الزور يوم القيامة حتى تجب له النار قال المصنف رحمه الله تعالى شاهد الزور قد ارتكب عظائم احدها الكذب والافتراء قال الله تعالى (اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِىْ مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ كَذَّابٌ) وفى الحديث (۳) يطبع المومن على كل شيء ليس الخيانة والكذب (وثانيا) انه ظلم الذى شهد عليه

فرمایا اللہ تعالیٰ نے۔ (وہ لوگ جو نہیں گواہی دیتے جھوٹی) الآیۃ
اور اقوال بزرگوں میں ہے کہ جھوٹی گواہی شرک کرنے کے برابر ہے آپ نے اس کو دو مرتبہ فرمایا تاکیداً۔ اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے اجتناب کرو جھوٹی بات سے اور حدیث پاک میں ہے کہ نہ ہٹیں گے دونوں قدم جھوٹی گواہی دینے والے کے قیامت کے دن یہاں تک واجب ہو جائے گی اس کے لئے آگ دوزخ کی مصنف رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ جھوٹی گواہی دینے والا مرتکب ہوتا ہے کئی بڑے گناہوں کا۔ اول۔ جھوٹ بولنا اور افتراء اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے بے شک اللہ تعالیٰ نہیں ہدایت فرماتا اس شخص کو جو حد سے نکلنے والا جھوٹا ہو۔ اور ایک

---

(۱) هذا الحديث من رواية خريم بن فاتك مرفوعا فذكره قال: ثم قرأ (فاجتنبوا الرجس من الاوثان واجتنبوا قول الزور حنفاء لله غير مشركين به) رواه ابو داود وهذا لفظه والترمذى وابن ماجه ورواه الطبرانى فى الكبير موقوفا على ابن مسعود باسناد حسن اه منذرى (۲) رواه ابن ماجه والحاكم وقال صحيح الاسناد من حديث ابن عمر بلفظ، ان تزول ... الخ (۳) تقدم فى الكبيرة الرابعة عشرة تخريجه

marfat.com

حتی اخذ بشهادته ماله وعرضه
ودوحه روثالشهادة انه ظلم للذی
شهد له بأن ساق الیه المال الحرام
فاخذه بشهادته فوجبت له النار
وقال[1] صلی الله علیه وسلم
من قضیت له من مال اخیه بغیر
حق فلا یاخذه فانما اقطع له قطعة
من نار (ورابعها) انه اباح ما حرم
الله تعالی وعصمه من المال والدم
والعرض قال رسول الله صلی الله
علیه وسلم الا انبئکم باکبر
الکبائر الاشراک بالله وعقوق
الوالدین الا وقول الزور الا و
شهادة الزور فما زال یکررها حتی
قلنا لیته سکت، رواه البخاری[2]
فنسأل الله تعالی السلامة والعافیة
من کل بلاء.

حدیث میں ہے کہ ہر عمل مومن کا قبول ہو جاتا ہے سوائے
خیانت اور جھوٹ بولنے کے اور دوسرا۔ بیشک اس
شخص نے ظلم کیا جس نے جھوٹی گواہی دی پہنچایا اس
کی طرف مال حرام کو جو اس نے لیا بوجہ جھوٹی گواہی کے پس
واجب ہو گئی اس کے لئے آگ۔
اور فرمایا آپ نے کہ جس شخص کیلئے میں فیصلہ کروں اس
کے بھائی مسلمان کے مال میں ناحق پس ہرگز نہ لے اس کو
اس لئے کہ کاٹتا ہوں اس کیلئے ٹکڑا آگ کا اس لئے کہ
ظاہراً فیصلہ شہادتوں پر ہوتا ہے۔ اور چوتھا یہ کہ
بے شک مباح کیا اس نے جس کو حرام کیا اللہ تعالےٰ
نے اور محفوظ رکھا تھا اللہ تعالیٰ نے مال خون اور سامان اسکا۔
فرمایا نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کیا نہ بتاؤں میں
تم کو اکبر الکبائر سے شرک کرنا ساتھ اللہ تعالیٰ کے،
نافرمانی کرنا والدین کی خبردار اور جھوٹ بولنا خبردار اور جھوٹی
گواہی دینا تکرار فرمایا آپ نے یہاں تک کہ ہم نے کہا
کاش کہ آپ سکوت فرماتے (رواہ البخاری)
(فنسأل الله تعالی السلامة والعافية من كل بلاء)

الکبیرة التاسعة عشرة: شرب الخمر،

ترجمہ:۔ (انیسواں کبیرہ، در بیان شراب)

قال الله تعالی (یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا
اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَیْسِرُ وَالْاَنْصَابُ

ارشاد باری تعالیٰ۔ اے ایمان والو (بات یہی ہے
شراب اور جوا اور بت (وغیرہ) اور قرعہ کے تیر (یہ

[1] متفق علیه من حدیث أم سلمة ونحوه فی ابی داؤد اه مشکوٰة
[2] ومسلم والترمذی من حدیث ابی بکرة اه منه

وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ
فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝
اِنَّمَا يُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّوْقِعَ
بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ فِي
الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ وَيَصُدَّكُمْ عَنْ
ذِكْرِ اللّٰهِ وَعَنِ الصَّلٰوةِ فَهَلْ اَنْتُمْ
مُّنْتَهُوْنَ) فقد نهى عزوجل في
هذه الاٰية عن الخمر وحذر منها
وقال النبي (۱) صلى الله عليه و
سلم، اجتنبوا الخمر فانها ام الخبائث
فمن لم يجتنبها فقد عصى الله و
رسوله واستحق العذاب بمعصية
الله ورسوله قال الله تعالى (وَمَنْ
يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَتَعَدَّ
حُدُوْدَهٗ يُدْخِلْهُ نَارًا خَالِدًا
فِيْهَا وَلَهٗ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ) وعن
ابن عباس (۲) رضي الله عنهما قال
لما نزل تحريم الخمر مشى الصحابة
بعضهم الى بعض وقالوا حرمت الخمر
وجعلت عدلا للشرك ۝

گندے شیطانی کام ہیں) سو ان سے بالکل الگ رہو
تاکہ تم کو فلاح ہو شیطان تو یوں چاہتا ہے کہ شراب اور
جوا کے ذریعہ تمہارے آپس میں عداوت اور بغض
واقع کر دے اور اللہ تعالیٰ کی یاد سے اور نماز سے تم
کو باز رکھے سو اب بھی باز (نہیں) آؤ گے؟ (مائدہ)
پس تحقیق منع فرمایا اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں
شراب پینے سے اور ڈرایا اس سے اور فرمایا نبی علیہ
الصلوٰۃ والسلام نے بچو شراب سے اس لئے کہ بیشک
یہ اُمّ الخبائث ہے پس جو شخص نہ بچے گا پس یقیناً
نافرمانی کی اس نے اللہ کی اور اس کے رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کی اور مستحق ہو گیا عذاب کا بوجہ
معصیت (یعنی نافرمانی اللہ اور رسول) کے اور
فرمایا اللہ تعالیٰ نے۔ اور جو نافرمانی کرے اللہ کی اور
اس کے رسول کی اور توڑے اللہ تعالیٰ کی حدوں کو
داخل کریگا اس کو آگ میں ہمیشہ رہے گا اس میں
اور اس کے لئے عذاب ذلیل کن ہوگا۔
اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت
ہے کہ جب تحریم شراب کی آیت نازل ہوئی تو بعض
صحابہ بعض کے پاس گئے اور کہا کہ حرام کر دیا گیا ہے
شراب اور برابر کیا گیا (اس کا گناہ) شرک کرنے کے۔

(۱) رواه الحاكم من حديث ابن عباس بلفظ، فانها مفتاح كل شر، وقال صحيح الاسناد
وفي حديث عثمان مرفوعا اجتنبوا ام الخبائث فانه كان رجل ممن كان قبلكم ...الخ
فذكر قصة زناه حب، هو مرفوعا وموقوفا وذكر انه المحفوظ اه منذري

(۲) رواه الطبراني وقال رجاله رجال الصحيح اه منذري

وذهب (۱) عبد الله بن عمرو
الی ان الخمر اکبر الکبائر وهی بلا ریب
ام الخبائث وقد لعن شاربها فی غیر
حدیث (۲) وعن ابن عمر رضی الله
عنهما قال: قال رسول الله صلی الله
علیه وسلم «کل مسکر خمر و کل
خمر حرام ومن شرب الخمر فی الدنیا»
ومات ولم یتب منها وهو مدمنها
لم یشربها فی الآخرة» رواه مسلم (۳)
وروی مسلم (۴) عن جابر رضی
الله عنه قال: قال رسول الله صلی
الله علیه وسلم، ان علی الله عهداً
لمن شرب المسکر ان یسقیه الله
من طینة الخبال قیل یا رسول الله
وما طینة الخبال قال عرق اهل النار
او عصارة اهل النار»
وفی الصحیحین ان رسول الله
صلی الله علیه وسلم قال: من شرب
الخمر فی الدنیا یحرمها فی الآخرة۔
ذکران مدمن الخمر کعابد وثن
رواه الامام احمد فی مسنده من

اور عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کا مسلک یہی ہے کہ
شراب اکبر الکبائر ہے اور یہ بلا شبہ اُم الخبائث ہے
لعنت فرمائی آپ نے شراب پینے والے پر کئی
احادیث ہیں، اور ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت
ہے کہ فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر نشہ
دینے والی چیز شراب ہے اور ہر شراب حرام ہے
جو شخص پئے گا شراب دُنیا میں اور مر گیا بغیر توبہ
کے وہ مُدمن خمر ہے (یعنی ہمیشہ شراب پینے
والا) نہ پئے گا وہ آخرۃ میں (مسلم)
اور روایت کیا مسلم نے حضرت جابر رض سے فرمایا
نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بے شک اللہ تعالیٰ
پر وعدہ ہے واسطے اس شخص کے جو پیتا ہے شراب
یہ کہ پلاوے اس کو۔ طینۃ الخبال سے پوچھا گیا
یا رسول اللہ طینۃ الخبال کیا ہے؟ فرمایا دوزخیوں
کا بدبودار پسینہ ہے۔
بخاری اور مسلم میں ہے کہ فرمایا نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام
نے جو شخص دُنیا میں شراب پئے گا آخرت میں محروم
رہے گا۔
اور ذکر کیا گیا کہ بے شک مدمن الخمر مثل عبادت کرنے
والے بُت کے ہے روایت کیا اس کو امام احمد نے
اپنی مسند میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث سے

(۱) رواه الطبرانی مع قصة باسناد صحیح ورواه الحاکم وقال صحیح علی شرط مسلم اھ منه
(۲) من حدیث ابن عمر عن د، ھ. حدیث انس عن ھت. وحدیث ابن عباس
عن رواحمد، حب لك (۳) خ، د، ت، ی، ھق
(۴) والنسائی

حدیث ابی هریرة رضی الله عنه ان رسول الله صلی الله علیه وسلم، قال، مدمن الخمر کعابد وثن"

ذکران مدمن الخمر اذا مات ولم یتب لایدخل الجنة روی النسائی (۱) من حدیث ابن عمران رسول الله صلی الله صلی الله علیه وسلم قال: لا یدخل الجنة عاق ولا مدمن خمرٍ وفی روایة، ثلاثة قد حرم الله علیهم الجنة مدمن الخمر والعاق لوالدیه والدیوث وهوالذی یقرء السوء فی اهله۔

ذکران السکران لا یقبل الله منه حسنة روی (۲) جابر بن عبد الله ان رسول الله صلی الله علیه وسلم، قال: ثلاثةٌ لا تقبل لهم صلاة ولا ترفع لهم حسنة الی السماء: العبد الآبق حتی یرجع الی موالیه فیضع یده فی ایدیهم والمرأة الساخط علیها زوجها حتی یرضی عنها والسکران حتی یصحو"

والخمر ما خامر العقل ای غطاه

کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مُدمن خمر مثل بت پرست کے ہے۔ ذکر کیا گیا کہ بے شک مدمن خمر جب مرگیا ہو بغیر توبہ کے تو نہیں داخل ہوگا جنت میں روایت کیا نسائی نے ابن عمر کی حدیث سے بے شک فرمایا۔ آپؐ نے کہ بے شک تین آدمیوں پر حرام کیا ہے اللہ تعالیٰ نے جنت کو مدمن خمر نافرمان والدین اور دیوث۔ اور دیوث وہ ہے جس کو غیرت نہ ہو (بے غیرت)

ذکر ہے کہ شرابی سے اللہ تعالیٰ کوئی نیکی قبول نہیں فرماتا روایت کیا جابر بن عبد اللہ نے بے شک فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین آدمی ہیں جن کی نماز قبول نہیں ہوتی اور نہ ان کی نیکیاں آسمان کی طرف اٹھائی جاتی ہیں۔ اپنے مالک سے بھاگا ہوا غلام یہاں تک کہ واپس آکر اپنے مالک کے ہاتھ میں ہاتھ نہ دے اور عورت جس پر خاوند ناراض ہو یہاں تک کہ راضی ہو اُس سے۔ نشہ والا جب تک کہ ہوش میں نہ آوے۔

خمر اس کو کہتے جو عقل میں خمار کر دے خواہ چیز تر ہو یا خشک ہو اکول ہو یا مشروب ہو اور ابو سعید خُدری سے روایت ہے کہ فرمایا آپ نے نہیں قبول کرتا اللہ تعالیٰ شرابی سے اس کی نماز جب تک کہ اس کے جسم میں کچھ اثر باقی رہے۔ اور روایت میں ہے

(۱) واحمد والبزار والحاکم وقال صحیح الاسناد

(۲) رواه ابنا خزیمة وحبان والبیهقی والطبرانی فی الاوسط اهـ منه

سواء کان رطبا او یابسا او ما کولا او مشروبا وعن ابی سعید الخدری (۱) قال . قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ولا یقبل الله لشارب الخمر صلاة ما دام فی جسده شیٔ منها، وفی روایة . من شرب الخمر لم یقبل الله منه شیئاً ومن سکر منها لم تقبل له صلاة اربعین صباحاً فان تاب ثم عاد کان حقا علی الله ان یسقیه من مهل جهنم . وقال (۲) رسول الله صلی الله علیه وسلم ، من شرب الخمر ولم یسکر اعرض الله عنه اربعین لیلة ومن شرب الخمر وسکر لم یقبل الله منه صرفا ولا عدلا اربعین لیلة فان مات فیها مات کعابد وثن وکان حقا علی الله ان یسقیه من طینة الخبال قیل یا رسول الله وما طینة الخبال قال عصارة اهل النار القیح والدم .

کہ جو شخص شراب پیئے نہیں قبول کرتا اللہ تعالیٰ اس سے کوئی چیز . اور جو شخص نشہ (والی چیز استعمال) کرے نہ قبول کرے گا اس کی نماز چالیس دن کی پھر اگر توبہ کر لی اور پھر اعادہ کیا تو واجب ہے اللہ تعالیٰ پر کہ پلاوے اس کو تلچھٹ دوزخ کی اور فرمایا آپ نے جس شخص نے شراب پی اور نہ ہوا نشہ اس کو تو منہ موڑتا ہے اللہ تعالےٰ اس سے چالیس راتیں اور جس نے شراب پی اور اس کو نشہ ہو گیا نہیں قبول کرتا اللہ تعالیٰ اس سے کوئی فرض و نفل چالیس یوم تک پھر اگر اسی حالت میں مر گیا تو مر گیا وہ بت پرست کی طرح اور ضروری ہے کہ اللہ تعالیٰ پلائیں اس کو طینۃ الخبال جہنمیوں کا پسینہ . اور کہا عبداللہ بن ابی اوفیٰ نے جو شخص مر گیا اور وہ مدمن خمر تھا تو مر گیا وہ مثل لات اور عزیٰ کے پجاری کے . دریافت کیا گیا کہ کیا مدمن خمر وہ ہے جو ہر وقت شراب پیتا ہو ؟ فرمایا نہیں بلکہ وہ ہے جو پیئے اس کو جب مل جائے اگرچہ کئی برس کے بعد ملے .

ذکر کیا گیا بے شک جو شراب پیتا ہے اس حالت میں وہ مومن نہیں ہوتا . ابوہریرہؓ سے روایت ہے فرمایا آپ نے چور بوقت چوری مومن نہیں ہوتا اور

(۱) ذکره فی اللآلی المصنوعة عن عبد بن حمید بسنده الی ابی سعید الخدری

(۲) روی بالفاظ مختلفة منها اقربها حدیث عبد الله بن عمر وعند حب فی صحیحة والحاکم مختصرا ولکن احدیث عبد الله بن عمر عند ت وحسنه والحاکم ومن دوقفه علیه مختصرا افاده المنذری

وقال عبد الله بن ابي اوفى من
مات مدمن للخمر مات كعابد
اللات والعزى قيل أرأيت مدمن الخمر
هو الذى لا يستفيق من شربها
قال لا ولكن هو الذى يشربها اذا وجدها
ولو بعد سنين.

ذكر ان من شرب الخمر لا يكون
مومنا حين يشربها عن ابي هريرة
عن النبى صلى الله عليه وسلم لا
يسرق السارق حين يسرق وهو
مومن ولا يزنى الزانى حين يزنى
وهو مومن ولا يشرب الخمر حين
يشربها وهو مومن والتوبة معروضة
بعد" اخرجه البخارى (١) وفى الحديث
(٢) من زنى او شرب الخمر نزع
الله منه الايمان كما يخلع الانسان
القميص من رأسه" وفيه من شرب
الخمر ممسيا اصبح مشركا ومن
شربها مصبحا امسى مشركا وفيه
(٣) عن النبى صلى الله عليه وسلم

زانی بوقت زنا کرنے کے مومن نہیں ہوتا اور شرابی
بوقت نوشیدن شراب مومن نہیں ہوتا اور توبہ
معروضہ ہے اس کے بعد۔ (بخاری)

اور ایک روایت میں ہے کہ جو شخص زنا کرے یا
شراب پئے کھینچتا ہے اللہ تعالیٰ اس سے ایمان جس
طرح انسان اپنا کرتا سر سے کھینچ لیتا ہے اور یہ بھی ہے
اس میں کہ جو شخص شام کے وقت شراب پئے گا
صبح کرے گا وہ مشرکانہ حالت میں اور جو صبح کو
شراب پئے گا شام کو مشرک ہوگا۔

اور یہ بھی ہے کہ فرمایا آپ نے کہ جنت کی خوشبو
پانچ سو برس کے رستہ سے پائی جاتی ہے لیکن
اس خوشبو کو نافرمان والدین کا اور احسان جتلانے والا
اور شراب خور اور بت پرست نہ پائے گا۔

امام احمدؒ نے ابی موسیٰ اشعری کی حدیث سے روایت
کیا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہ داخل
ہوگا جنت میں شرابی اور جادو پر یقین رکھنے والا اور
قاطع الرحم اور جو بھی اس حال میں کہ وہ شراب پیتا
مرا اللہ تعالیٰ اس کو نہر غوطہ سے پلائے گا اور وہ پانی
ہے جو جاری ہے بدکار عورتوں کی شرمگاہوں سے جو
کہ تکلیف دیتی ہے دوزخیوں کو ان کی شرمگاہوں

(١) م . د ت ، س رتعله ، والتوبة معروضة بعد من زيادة مسلم وابي داؤد افاده
المنذرى (٢) رواه الحاكم من حديث ابي هريرة اه منه
(٣) رواه الطبرانى فى الصغير من حديث ابي هريرة واشار المنذرى
الى ضعفه اه منه

marfat.com

انه قال: ان رائحة الجنة لتوجد من
مسيرة خمسمائة عام ولا يجد
ريحها عاق ولا منان ولا مدمن خمر
ولا عابد وثن. وروى (١) الامام
احمد من حديث ابي موسى الاشعري
رضي الله عنه قال: قال رسول الله
صلى الله عليه وسلم: لا يدخل
الجنة مدمن خمر ولا مؤمن
بسحر ولا قاطع رحم ومن مات
وهو يشرب الخمر سقاه الله من نهر
الغوطة وهو ماء يجري من فروج
المومسات - اى الزانيات يؤذى
اهل النار ريح فروجهن.

وقال رسول الله (٢) صلى الله عليه
وسلم: ان الله بعثني رحمة وهدى
للعالمين بعثني لامحق المعازف و
المزامير وامر الجاهلية واقسم ربي
تعالى بعزته لا يشرب عبد من عبيدي
جرعة من الخمر الا سقيته مثلها من
حميم جهنم، ولا يدعها عبد من
عبيدي من مخافتي الا سقيته اياها

کی بدبو۔

اور فرمایا نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام نے بے شک
اللہ تعالیٰ نے مجھے رحمت اور ہدایت بنا کر بھیجا ہے
تمام عالموں کے لئے (اور) بھیجا مجھ کو تاکہ مٹاؤں میں
گانے کے آلات کو اور امور جاہلیت کو اور قسم کھائی میرے
رب نے اپنی عزت کی کہ نہیں پیا کرتی بندہ میرے
بندوں میں سے ایک گھونٹ شراب کا مگر پلاؤں گا
میں اس کو کھولتا ہوا پانی دوزخ کا اور نہیں چھوڑتا
کوئی میرا بندہ میرے بندوں میں سے شراب کو
مگر خوف کی وجہ سے مگر پلاؤں گا میں اس کو
خطائر قدس میں ساتھ نیک لوگوں کے۔

شراب پینے والے پر لعنت کا ذکر

ابو داؤد نے کہا ہے بے شک فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ
وسلم نے لعنت ہے خود شراب پر اور پینے والے پر
اور پلانے والے پر اور بیچنے اور خریدنے اور کشید
کرنے والے پر اٹھانے والے اور جس کیلئے اٹھایا
جائے اور اس کی قیمت کھانے والے پر امام احمد بن
حنبل نے ابن عباس کی روایت سے حدیث نقل
کی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ میرے
پاس جبرئیل آیا اور کہا کہ یا محمد بلاشبہ
اللہ تعالیٰ نے لعنت کی ہے شراب پر اور کشید

(١) وابو يعلى وابن حبان في صحيحه والحاكم وصححه اه منه
(٢) رواه احمد من حديث ابي امامة من طريق علي بن يزيد يعني الالهاني فيه خلاف والاكثر على تضعيفه اه منه

فی حظائر القدس مع خیر السند ماء"۔

ذکر من لعن فی الخمر۔ روی ابو داود (۱) ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال لعنت الخمر بعینها وشاربها وساقیها وبائعها ومبتاعها وعاصرها ومعتصرها وحاملها والمحمولة الیه واکل ثمنها" ورواه الامام (۲) احمد من حدیث ابن عباس قال سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول: أتانی جبریل علیه السلام فقال یا محمد ان الله لعن الخمر وعاصرها ومعتصرها وبائعها ومبتاعها وشاربها واکل ثمنها وحاملها والمحمولة الیه وساقیها ومستقیها"

ذکر النهی عن عیادة شربة الخمر اذا مرضوا وکذلک لایسلم علیهم عن عبد الله بن عمرو بن العاص رضی الله عنهما قال (لا تعودوا شراب الخمر اذا مرضوا) قال البخاری وقال ابن عمر (لا تسلموا علی شربة الخمر و

کرنے کروانے بیچنے خریدنے اور پینے اور قیمت کھانے اٹھوانے اور جس کی طرف اٹھایا جائے اور پلانے اور مانگنے والے پر۔

شرابی کی بیمار پرسی کی ممانعت

جب وہ بیمار ہوجائے۔ اسی طرح نہ سلام کرے اُن پر۔

عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا نہ بیمار پرسی کرو شرابیوں کی جب وہ بیمار ہوجائیں۔ اور بخاری نے کہا اور ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا نہ سلام کرو شرابی پر۔ اور فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ بٹھلاؤ اپنے پاس شرابی کو اور نہ بیمار پرسی کو اُن کی جب وہ بیمار ہوجائے اور نہ حاضر ہو۔ اُن کے جنازوں میں اور بے شک شرابی قیامت کے دن آئے گا مُنہ اس کا سیاہ ہوگا زبان نکلی ہوئی ہوگی اُس کے سینے تک گندے لعاب بہتے ہوں گے جو شخص بھی اس کو دیکھے گا کہیگا یہ شرابی ہے

بعض عُلماء نے کہا کہ بجز ابن سیت کہ روکا ان کی عیادت سے اور سلام کرنے سے اُن پر کہ شراب پینے والا

(۱) رواہ من حدیث ابن عمر بلفظ (لعن الله الخمر الخ) ولفظ واکل ثمنها من زیادة ابن ماجه وشاهده من حدیث انس عند ت، ه کما فی المنذری

(۲) ای بسند صحیح وابن حبان فی صحیحه والحاکم وقال صحیح اهـ منذری

marfat.com

قال (۱) صلی اللہ علیہ وسلم "لا تجالسوا شراب الخمر ولا تعودوا مرضاهم ولا تشهدوا جنائزهم فان شارب الخمر يجئ يوم القيامة مسودا وجهه مدلعا لسانه على صدره يسيل لعابه يقذره كل من رآه وعرفه انه شارب خمر"

قال بعض العلماء انما نهى عن عيادتهم والسلام عليهم لان شارب الخمر فاسق ملعون قد لعنه الله ورسوله كما تقدم فى قوله لعن الله الخمر وشاربها الحديث فان اشتراها وعصرها كان ملعونا مرتين وان سقاها لغيره كان ملعونا ثلاث مرات فلذلك نهى عن عيادته والسلام عليه الا ان يتوب فمن تاب تاب الله عليه

ذكر ان الخمر لا يحل التداوى بها عن ام سلمة (۲) رضى الله عنه عنها قالت اشتكت ابنة لى فنبذت

فاسق ملعون ہے بے شک اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے لعنت فرمائی ہے جیسا کہ اُوپر گذر چکا ہے۔

اور اگر خرید کرتا ہے اس کو یا کشید کرے گا ہوگا ملعون دو دفعہ آپ نے فرمایا اور اگر پلا دے دوسرے کو تو تین دفعہ لعنت کیا جائے گا۔ اسی لئے روکا شرابی کی عیادت سے اور سلام کرنے سے اس پر مگر یہ کہ توبہ کرے پس جو شخص توبہ کرے گا قبول فرماتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی توبہ کو۔

نہیں حلال شراب برائے علاج بھی

حضرت اُمّ سلمہ رضہ فرماتی ہیں کہ میری لڑکی بیمار ہوگئی پھر میں نے برتن سے شراب ڈالی اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما ہوئے اور وہ جوش مار رہی تھی آپ نے فرمایا اے اُمّ سلمہ رضہ یہ کیا ہے؟ میں نے کہا حضرت اس سے میں اپنی لڑکی کا علاج کر رہی ہوں آپ نے فرمایا بے شک اللہ تعالیٰ نے نہیں کی شفا

(۱) ذكره ابن الجوزى فى الموضوعات عن ابن عدى بسنده الى ابن عمر وقال موضوع فيه ضعفاء ليث وجعفر بن الحارث ابو الاشهب وابو مطيع، وله طرق اخرى لا ترفعه عن الحضيض۔

(۲) رواه البيهقى وابو يعلى وشاهده عن ابن مسعود عن احمد والحاكم وعلقه والبخارى عن ابن مسعود بصيغة الجزم

لها فی کوز فدخل علی رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم وهو یغلی فقال ما هذا یا
ام سلمة فذکرت له انی اداوی به
ابنتی فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و
سلم" ان اللہ تعالی لم یجعل شفاء امتی
فیما حرم علیها"۔

ذکر احادیث متفرقة رویت فی
الخمر- من ذلك ما ذکرہ ابو نعیم فی
الحلیة عن ابی موسی رضی اللہ عنه
قال اتی النبی صلی اللہ علیہ وسلم
بنبیذ فی جرة له نشیش فقال
اضربوا بهذا الحائط فان هذا
شرب من لا یؤمن باللہ والیوم
الآخر۔

وقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم، من کان فی صدرہ آیة
من کتاب اللہ وصب علیها الخمر
یجیٔ" یوم القیامة کل حرف من تلك
الآیة فیأخذ بناصیته حتی
یوقفه بین یدی اللہ تبارك تعالی
فیخاصمه ومن خاصمه القرآن خصم
فالویل لمن کان القرآن خصمه یوم
القیامة وجاء عن النبی صلی اللہ
علیہ وسلم" ما من قوم اجتمعوا
علی مسکر فی الدنیا الا جمعهم اللہ

میری امت کے لئے اس چیز میں جو حرام
ہے اس پر۔

ذکر احادیث متفرقہ

جو شراب کے بارہ میں روایت کی گئی ہیں
اُن میں سے جس کو ذکر کیا ابونعیم نے حلیہ میں
ابی موسیٰ سے لایا گیا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم
کے پاس نبیذ ایک برتن میں جس میں (پہلے)
شراب تھی آپ نے فرمایا مارو اس کو اس دیوار
پر کیونکہ یہ مشروب ہے ان لوگوں کا جو نہیں
ایمان رکھتے اللہ اور قیامت کے دن پر۔

اور فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے
جس کے سینہ میں ایک آیتہ قرآن کی ہو اور اس پر
شراب ڈالی جائے آئے گا ہر حرف اس آیتہ سے قیامت
کے دن جو پکڑے گا اس کی پیشانی کے بالوں کو
یہاں تک کہ اللہ تعالےٰ کے روبرو لا کھڑا کرے گا
پھر جھگڑا کرے گا اس سے اور جس شخص سے
قرآن جھگڑا کرے تو وہ مغلوب ہو گیا پس ہلاکت
ہے اس شخص کے لئے جس کے ساتھ قرآن مجید
کے دن جھگڑا کرے۔

روایت ہے کہ فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم
نے کہ نہیں کوئی قوم جو جمع ہو کسی نشہ دینے
والی چیز پر دنیا میں مگر جمع کرے گا اللہ تعالیٰ اس
قوم کو آگ میں پھر ایک دوسرے کو ملامت کریں
گے اور ایک کہے گا دوسرے کو اے فلاں نہ

marfat.com

في النار فيقبل بعضهم على بعض تلاوماً
يقول احدهم للآخر يا فلان لا جزاك الله
عني خيراً فانت الذي اوردتني هذا
المورد ويقول له الآخر مثل ذلك

وجاء عن النبي صلى الله عليه وسلم
انه قال من شرب الخمر في الدنيا
سقاه الله من سم الاساودة شربة
يتساقط لحم وجهه في الاناء قبل ان
يشربها فاذا شربها تساقط لحمه و
جلده يتاذى به اهل النار الا وشاربها
وعاصرها ومعتصرها وحاملها و
المحمولة اليه وآكل ثمنها شركاء في
اثمها لا يقبل الله منهم صلاة ولا صوماً
ولا حجا حتى يتوبوا فان ماتوا قبل
التوبة كان حقا على الله ان يسقيهم
بكل جرعة شربوها في الدنيا من صديد
جهنم الا وكل مسكر خمر وكل خمر
حرام۔

ويدخل في قوله صلى الله عليه
وسلم كل مسكر خمر: الحشيشة
كما سيأتي الكلام عليها ان شاء الله
تعالى: روي ان شربة الخمر اذا
أتوا على الصراط تخطفهم الزبانية
الى نهر الخبال فيسقون بكل كأس
شربوها من الخمر شربة من نهر

بدلا دے تجھ کو اللہ تعالے اچھا تو ہی مجھ کو
یہاں سے لایا ہے دوسرا بھی کہے گا اسکو اسی طرح۔
اور فرمایا نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام نے جو شخص
دنیا میں شراب پئے گا اللہ تعالی اس کو پلائے گا
زہر جس سے منہ کا گوشت گر پڑے گا اس کے
برتن میں قبل ازیں کہ پئے اس کو پھر جب پئے
گا تو گر پڑے گا اس کا گوشت اور چمڑا جو تمام
دوزخیوں کو تکلیف دے گا دیکھو شراب پینے والا
اور کشید کرنے والا اور کشید کروانے والا اور اٹھانے
والا اور جس کی طرف اٹھایا جائے اور اس کی
قیمت (آمدنی) کھانے والا سب کے سب
شریک ہیں اس گناہ میں نہ قبول کریگا اللہ تعالی
انکی نماز نہ روزہ نہ حج جب تک کہ توبہ نہ کرے
اور اگر قبل از توبہ مرگیا تو ضروری ہے کہ اللہ تعالی
اس کو بعوض ہر گھونٹ کے جو اس نے دنیا میں
شراب پی تھی پلا دے پیپ دوزخ کی۔ دیکھو ہر
نشہ دینے والی چیز شراب کے حکم میں ہے۔ اور
داخل ہوگی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد
میں کہ کل مسکر خمر۔ بھنگ بھی چنانچہ اس
پر گفتگو آئے گی انشاء اللہ۔

روایت کیا گیا ہے کہ بیشک شرابی جب
پلصراط پر آئیں گے تو فرشتے ان کو اچک کر
نھر الخبال کی طرف لے جائیں گے پھر پلائیں گے
ہر پیالے کے بدلے جو انہوں نے پیا تھا دنیا میں
نھر الخبال سے اور اگر یہ شربت ڈالا جائے

marfat.com

الخبال فلو أن تلك الشربة تصب من
السماء لاحرقت السمٰوٰت من حرها
نعوذ بالله منها.

ذکر الآثار عن السلف فی الخمر.

ذکر ابن مسعود رضی الله عنه قال
اذا مات شارب الخمر فادفنوه ثم
اصلبوه علی خشبة ثم انبشوا
عنه قبره فان لم تروا وجهه مصروفا
عن القبلة والا فاترکوه مصلوبا
وعن الفضیل بن عیاض انه حضر
عند تلمیذ له حضرته الوفاة فجعل
یلقنه الشهادة ولسانه لاینطق بها
فکررها علیه فقال لا اقولها وانا
بریء منها ثم مات فخرج الفضیل من
عنده وهو یبکی ثم رآه بعد مدة
فی منامه وهو یسحب به الی النار
فقال له یا مسکین بم نزعت منك
المعرفة فقال یا استاذ کان بی علة
فاتیت بعض الاطباء فقال لی تشرب
فی کل سنة قدحا من الخمر وان لم
تفعل تبقی بك علتك. فکنت
اشربها فی کل سنة لاجل العلة اوی
فکیف حال من یشربها لغیر ذالك
نسأل الله العفو والعافیة من کل
بلاء.

آسمان سے البتہ جل جائیں آسمان اس کی گرمی
سے۔ نعوذ باللہ

ذکر آثار سلف سے شراب کے بارہ میں

ذکر کیا ابن مسعودؓ نے جب مر جائے شرابی تو دفن
کرو تم اس کو پھر صلیب بناؤ اس کیلئے لکڑی کی پھر
کھودو قبر کو اس کی اور دیکھو اگر اس کا چہرہ قبلہ سے
پھرا ہوا ہو تو سولی پر چڑھاؤ ورنہ چھوڑ دو اس
کو مدفون۔

حکایت: فضیلؒ بن عیاض سے روایت ہے کہ وہ اپنے
ایک شاگرد کی موت کے وقت حاضر ہوئے اور اس
کو کلمہ شہادت تلقین کیا اور اس کی زبان نہ چلتی
تھی کلمہ شہادت پر بار بار کہا گیا اس کو پھر اس
نے کہا کہ میں یہ کلمہ نہیں کہوں گا اور میں اس سے
بیزار ہوں، پھر وہ مر گیا حضرت فضیلؒ باہر تشریف
لائے اور روتے تھے پھر اس کو کچھ مدت کے بعد
خواب میں دیکھا کہ گھسیٹا جا رہا ہے آگ کی طرف
حضرت فضیلؒ نے اس کو فرمایا اے فقیر کسی وجہ
سے تیری معرفت کھینچ لی گئی اس نے کہا اے
استاذ مجھے ایک بیماری تھی اور بعض اطباء کے پاس
گیا تو انہوں نے کہا کہ ہر سال ایک پیالہ شراب کا پی لیا
کر ورنہ تیری بیماری تجھے نہ چھوڑے گی چنانچہ میں بطور دوا کے
ہر سال ایک پیالہ شراب کا پی لیتا تھا یہ حال تو ہے اس کا
جو برائے علاج پیئے اور جو ویسے پی لیتے ہیں ان کا کیا حال
ہوگا۔ نسأل الله العفو والعافیة من کل بلاء

وسئل بعض التائبين عن سبب توبته فقال كنت انبش القبور فرايت فيها اموتا مصروفين عن القبلة فسألت اهليهم عنهم فقالوا كانوا يشربون الخمر فى الدنيا وماتوا من غير توبة و قال بعض الصالحين مات لى ولد صغير فلما دفنته رأيته بعد موته فى المنام وقد شاب راسه فقلت يا ولدى دفنتك وانت صغير فما الذى شيبك فقال يا ابتى دفن الى جانبى رجل ممن كان يشرب الخمر فى الدنيا فزفرت جهنم لقدومه زفرة لم يبق منها طفل الاشاب راسه من شدة زفرتها ، نعوذ بالله منها ونسال الله العفو والعافية مما يوجب العذاب فى الاخرة .

فالواجب على العبد ان يتوب الى الله تعالى قبل ان يدركه الموت وهو على اشر حالة فيلقى فى النار. نعوذ بالله منها .

(فصل)

والحشيشة المصنوعة من ورق القنب حرام كالخمر يحد شاربها

بعض توبہ کرنے والوں سے توبہ کرنے کا سبب دریافت کیا گیا۔ ایک نے کہا کہ میں گورکن تھا (یعنی قبر کھودنے والا) اور میں نے اُن میں سے بعض مُردوں کو دیکھا کہ اُن کا چہرہ قبلہ سے ہٹا ہوا ہے پھر میں نے ان کے گھر والوں سے اُن کے بارہ میں دریافت کیا تو انہوں نے کہا کہ وہ شراب پیتے تھے دُنیا میں اور بغیر توبہ کئے مر گئے تھے۔

اور ایک صالح آدمی نے کہا کہ میرا چھوٹا بچہ فوت ہو گیا تو کچھ مدت کے بعد اس کو خواب دیکھا کہ اس کا سر سفید ہو گیا ہے میں نے کہا اے بیٹے جب میں نے تجھ کو دفن کیا تھا تو تُو بچہ تھا تو بوڑھا کس طرح ہو کہا اّبا جان مجھے آپ نے ایک ایسے آدمی کے پہلو میں دفن کیا تھا جو شراب پیتا تھا دنیا میں تو دوزخ کے شور کی وجہ سے بوڑھا ہو گیا نعوذ باللہ۔

پس بندہ پر واجب ہے کہ توبہ کرے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں قبل از موت کہیں ایسا نہ ہو کہ نافرمانی کی حالت میں موت آ وے اور ڈالا جائے آگ میں نعوذ باللہ۔

فصل

در بیان بھنگ وغیرہ

بھنگ بھی شراب کی طرح حرام ہے اور لگائی جاتی ہے بھنگ پینے والے پر بھی اسی طرح حد لگائی جاتی ہے جس طرح شراب پینے والے پر اور یہ شراب سے بُری ہے کیونکہ وہ بھی فساد پیدا کرتی ہے عقل میں

كما يجد شارب الخمر وهى اخبث من الخمر من جهة انها تفسد العقل و المزاج حتى يصير فى الرجل تخنث ودياثة وغير ذلك من الفساد والخمر اخبث من جهة انها تقضى الى المخاصمة والمقاتلة وكلاهما يصد عن ذكر الله و عن الصلاة .

وقد توقف بعض العلماء المتاخرين فى حدها ورأى ان آكلها تعزر بما دون الحد حيث ظنها تغير العقل من غير طرب بمنزله البنج ولم يجد للعلماء المتقدمين فيها كلاما وليس كذلك بل آكلتها ينشون و يشتهونها كشراب الخمر واكثر حتى لا يصبروا عنها وتصدهم عن ذكر الله وعن الصلاة اذا اكثروا منها مع ما فيها من الدياثة والتخنث وفساد المزاج والعقل وغير ذالك لكن لما كانت جامدة مطعومة ليست شرابا تنازع العلماء فى نجاستها على ثلاثة اقوال فى مذهب الامام احمد وغيره فقيل هى نجسة كالخمر المشروبة وهذا هو الاعتبار الصحيح وقيل لا لجمودها و قيل يفرق بين جامدها ومائعها،

اور مزاج میں حتیٰ کہ پیدا ہو جاتی ہے آدمی میں خنثہ پن اور دیوثی وغیرہ فساد کی وجہ سے۔ اور شراب زیادہ خبیث ہے اس وجہ سے .... کہ جھگڑے اور لڑائی کا باعث بنتی ہے ویسے تو دونوں روکتی ہیں اللہ تعالےٰ کے ذکر سے اور نماز سے۔

اور بلاشبہ توقف فرمایا ہے بعض علمائے متاخرین نے اس کی حد میں اور ان کی رائے ہے کہ اس کے کھانے والے کو تعزیر دی جائے نہ حد جس طرح گمان کیا انہوں نے کہ متغیر کرتی ہے عقل کو بغیر خوشی کے بمنزلے بھنگ کے ہے اور علمائے متقدمین نے اس میں کوئی اختلاف نہیں کیا اور اس طرح نہیں بلکہ اس کو کھانیوالے نشہ لیتے ہیں اور خواہش کرتے ہیں شراب کی طرح بلکہ زیادہ یہاں تک کہ نہیں صبر کرتے اس سے اور روکتی ہے ان کو اللہ تعالیٰ کے ذکر سے اور نماز سے جبکہ زیادہ استعمال کریں اور ساتھ ہی اس (بھنگ) میں دیوث پنا ہے اور زنخہ پن۔ اور فساد عقل وغیرہ لیکن جب کہ وہ جمی ہوئی ہو کھانے کے قابل تو وہ شراب نہیں ہے اختلاف کیا ہے علماء نے اس کی نجاست میں تین اقوال سے بمطابق مذہب امام احمدؒ کہا گیا ہے کہ یہ نجس ہے شراب مشروبہ کی طرح اور یہی معتبر ہے اور بعض نے کہا کہ نہیں یہ حکم بوجہ منجمد ہونے اس کے۔ اور کہا گیا کہ فرق

وبكل حال فهي داخله فيما حرم الله و
رسوله من الخمر المسكر لفظاً ومعنى
قال ابو موسى يا رسول الله افتنا
في شرابين كنا نصنعهما باليمن
والبتع ، وهو من العسل ينبذ
حتى يشتد ، والمزر ، وهو من الذرة
والشعير ينبذ حتى يشتد قال
وكان رسول الله صلى الله عليه وسلم
قد اعطى جوامع الكلم بخواتمه فقال
صلى الله عليه وسلم ، كل مسكر
حرام ، رواه مسلم وقال صلى الله
عليه وسلم ، ما اسكر كثيره فقليله
حرام ، ولم يفرق صلى الله عليه وسلم
بين نوع ونوع لكونه ماكولا
او مشروبا على ان الخمر قد يصطبغ
بها يعني الخبز وهذه الحشيشة
قد تذاب بالماء وتشرب والخمر
يشرب ويؤكل والحشيشة تشرب و
تؤكل وانما لم يذكرها العلماء لانها
لم تكن على عهد السلف الماضين
وانما حدثت في مجيء التتار الى بلاد
الاسلام وقد قيل في وصفها شعراً:

فآكلها وزارعها حلالا
فتلك على الشقي مصيبتان

کیا جائے گا۔ جامع الرسائل میں بہرحال یہ
داخل ہے اُن میں جن کو حرام کیا اللہ تعالےٰ نے
اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے شراب
سے ہے نشہ دینے والی سے لفظاً بھی معنیً بھی
اور دریافت کیا ابو موسیٰ نے کہ یا رسول اللہ فتویٰ
دیں آپ ہمیں دو شرابوں میں جن کو ہم یمن میں بنایا
کرتے تھے۔ (البتع) جو کہ شہد سے بنائی جاتی
ہے یہاں تک کہ سخت ہو جاتی ہے اور (المزر)
وہ جوار اور جو سے بنائی جاتی ہے نچوڑی جاتی
ہے یہاں تک کہ سخت ہو جاتی ہے۔ اور فرمایا کہ
تھے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جو دیئے گئے آپ کو
جَوَامِعَ الْکَلِمِ پس فرمایا آپ نے کُلُّ مُسْکِرٍ
حَرَامٌ یعنی ہر نشہ دینے والی چیز حرام ہے۔
(مسلم) اور آپ نے فرمایا جو چیز نشہ دے وہ تھوڑی
بھی اور بہت بھی حرام ہے اور کوئی فرق نہیں فرمایا آپ
نے درمیان اقسام کے خواہ ماکول ہو خواہ مشروب
ہو اس لئے کہ شراب سے کبھی روٹی پکائی جاتی ہے
اور وہ بھی حشیش (بھنگ کے پتے) ہیں کبھی گلائے
جاتے ہیں پانی کے ساتھ اور پئے جاتے ہیں اور شراب
فقط پی جاتی ہے اور کھائی جاتی ہے اور حشیش بھی پئے
جاتے ہیں اور کھائے جاتے ہیں اور علماء نے اسکو ذکر
نہیں کیا اس لئے کہ وہ بھنگ سلف کے زمانہ میں نہ تھی
اور یہ تو ظاہر ہوئی ہے تاتاریوں کے آنے سے بلادِ
اسلامیہ میں اور کہا گیا اس وصف میں (شعر)
پس کھاتے ہیں اور کاشت کرتے ہیں حلال سمجھ کر چنانچہ

marfat.com

فواللّٰه ما فرح ابليس بمثل فرحه بالحشيشة لانه زينها للانفس الخسيسة فاستحلوها واستوخصوها:

قل لمن ياكل الحشيشة جهلا
عشت فى اكلها باقبح عيشه
قيمة المرء جوهر فلماذا
ياأخا الجهل بعته بحشيشه

(حکایت)

عن عبد الملك بن مروان ان شابا جاء اليه باكياً حزيناً فقال يا امير المؤمنين انى ارتكبت ذنباً عظيماً فهل لى من من توبة فقال وما ذنبك قال ذنبى عظيم قال وما هو فتب الى اللّٰه تعالىٰ فانه يقبل التوبة عن عباده ويعفو عن السيئات قال يا امير المؤمنين كنت انبش القبور وكنت ارى فيها اموراً عجيبة قال وما رأيت قال يا امير المؤمنين نبشت ليلة قبرا فرأيت صاحبه قد حول وجهه عن القبلة فخفت منه واردت الخروج واذا انا بقائل يقول فى القبر الاتسأل عن الميت لماذا

بدبخت پر یہ دو مصیبتیں ہیں۔

پس خدا کی قسم شیطان کسی چیز سے اتنا خوش نہیں ہوتا جتنا کہ بھنگ سے اس لئے کہ یہ مزین کرتی ہے خسیس نفسوں کو پھر حلال جانتے ہیں اور جائز سمجھتے ہیں۔ سے کہہ اُن کو جو حشیش کھاتے ہیں جہالت سے۔ گذران کرتے ہیں اس کے کھانے میں بدترین گذران انسان کی قیمت موتی ہے پس جب اس کو اے بھائی جہالت سے بیچتا ہے بعوض حشیش کے۔

حکایت

عبد الملک بن مروان سے مروی ہے کہ ایک جوان میرے پاس آیا روتا ہوا غمگین اور کہا کہ اے امیر المؤمنین میں مرتکب ہو گیا ہوں ایک بہت بڑے گناہ کا میرے لئے کوئی توبہ ہے تو میں نے کہا کہ کیا گناہ کیا ہے تو نے اس نے کہا میرا گناہ بہت بڑا ہے۔ میں نے کہا وہ کیسا ہے توبہ کر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں بے شک وہ توبہ قبول فرماتا ہے اپنے بندوں سے اور درگذر فرماتا ہے سیئات سے تو اس نے کہا کہ اے امیر المؤمنین میں کفن چور تھا اور ایک عجیب واقعہ دیکھا میں نے اس نے کہا وہ کیا تھا جو دیکھا تو نے۔ اُس نے کہا میں نے ایک رات ایک قبر کھولی (اور) مردہ کو دیکھا کہ بے شک پھرا ہوا تھا اس کا چہرہ قبلے سے پھر ڈر گیا میں اور نکلنے کا ارادہ کیا کہ ایک کہنے والے نے کہا قبر میں کہ کیا تو دریافت نہیں کرتا میت سے کہ اس کا منہ قبلہ سے کیوں پھرا ہوا ہے میں نے کہا کیوں؟ اس نے کہا کہ یہ نماز کو ہلکا سمجھتا تھا یہ سزا اس کی۔

حول وجهه عن القبلة فقلت لما ذا حول قال لانهٔ كان مستخفًا بالصلاة هذن اجزاء مثله ثم نبشت قبرًا اخر فرايت صاحبه قد حول خنزيرا وقد شد بالسلاسل والاغلال فى عنقه فخفت منه واردت الخروج وانا بقائل يقول لى الاتسأل عن عمله ولما ذا يعذب فقلت لما ذا فقال كان يشرب الخمر فى الدنيا ومات من غير توبة والثالث يا امير المؤمنين نبشت قبرًا فوجدت صاحبه قد شد بالارض باوتاد من نار واخرج لسانه من قفاه فخفت ورجعت واردت الخروج فنوديت الاتسأل عن حاله لما ذا ابتلى فقلت لما ذا فقال كان لا يتحرز من البول وكان ينقل الحديث بين الناس فهذا جزا مثله والرابع يا امير المومنين نبشت قبرًا فوجدت صاحبه قد اشتعل نارًا فخفت منه واردت الخروج فقيل الاتسأل عنه وعن حاله فقلت وما حاله فقال كان تاركا للصلاة والخامس يا امير المؤمنين نبشت قبرًا فرايته قد وسع على الميت مد البصر وفيه نور ساطع والميت نائم

۲
پھر دوسری جگہ قبر اکھاڑی کیا دیکھا کہ میّت خنزیر کی شکل میں ہے اور زنجیروں سے جکڑا ہوا ہے۔۔۔ ۔۔۔۔۔۔۔۔ اور طوق اس کی گردن میں ہیں پھر میں ڈر گیا اور نکلنے کا ارادہ کیا تو کہنے والے نے کہا کیا نہیں پوچھتا اس کے عمل سے جس لئے عذاب دیا جا رہا ہے میں نے کہا کیا وجہ ہے؟ اس نے کہا کہ یہ شراب پیتا تھا دنیا میں اور بغیر توبہ کے مرگیا اور اے امیر المؤمنین ۳ تیسری جگہ میں نے قبر کھودی تو پایا مردہ کو بندھا ہوا زمین سے آگ کی کیلوں سے اور زبان اس کی گدی کی طرف کو نکلی ہوئی ہے پھر میں ڈرا اور نکلنے کا ارادہ کیا کہ آواز دی گئی کہ اس کا حال نہیں پوچھتا کہ کیوں مبتلا ہے۔ میں نے کہا کہ کیوں ہے؟ کہا کہ نہ بچتا تھا پیشاب سے اور چغل خور تھا لہٰذا یہ سزا ہے اس کو۔ اور اے امیر المؤمنین ۴ چوتھی جگہ میں نے قبر کھودی اور مُردہ کو دیکھا کہ اس پر آگ ہے جو شعلے مارتی ہے پھر میں ڈرا اور نکلنے کا ارادہ کیا تو کہا گیا کہ اس کا حال نہیں پوچھتا میں نے کہا کیا حال ہے اس کا۔ تو کہا کہ یہ تارک الصلوٰۃ تھا اور اے امیر المؤمنین ۵ پانچویں میں نے قبر کھودی اور صاحب قبر کو دیکھا کہ اس کی قبر فراخ ہے جہاں تک نظر کام کرتی ہے اور اس میں نور ہے اور مُردہ سو رہا ہے تخت پر اور چمکتا ہے نور اس کا اور اس نے بہترین کپڑے پہنے ہوئے ہیں تو میں نے ہیبت زدہ ہو کر نکلنے کا ارادہ کیا اور مجھے کہا گیا کہ اس کا حال نہیں پوچھتا

marfat.com

على سرير وقد اشرق نوره وعليه
ثياب حسنة فأخذتني منه هيبة
واردت الخروج فقيل لي هلا
تسأل عن حاله لماذا اكرم بهذه الكرامة
فقلت لماذا اكرم فقيل لي لانه كان
شاباً طائعاً نشأ في طاعة الله عز و
جل وعبادته ؛ فقال عبد الملك عند
ذلك ان في هذه لعبرة للعاصين
وبشارة للطائعين فالواجب على المبتلى
بهذه المعائب المبادرة الى التوبة
والطاعة جعلنا الله واياكم من
الطائعين وجنبنا افعال الفاسقين
انه جواد كريم .

الكبيرة العشرون : القمار

قال الله تعالى (يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ
اٰمَنُوْا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ
وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ
مِنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ فَاجْتَنِبُوْهُ
لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ . انما يُرِيْدُ الشَّيْطَانُ
اَنْ يُوْقِعَ بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَ
الْبَغْضَاءَ فِي الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ وَيَصُدَّكُمْ
عَنْ ذِكْرِ اللهِ وَعَنِ الصَّلٰوةِ فَهَلْ
اَنْتُمْ مُنْتَهُوْنَ) والميسر هو

کہ اس کو اتنا عزت اور اکرام کیوں ہوا۔ میں
نے کہا کس لئے ہوا ؟
جواباً کہا گیا کہ وہ ایک فرمانبردار جوان تھا
اور اطاعت میں مشغول رہتا تھا۔
عبدالملک نے کہا کہ یہ عبرت ہے
گنہگاروں کے لئے اور خوشخبری
ہے فرمانبرداروں کیلئے پس
واجب ہے جو ان گناہوں
میں مبتلا ہوں توبہ کریں
جلدی اور اطاعت گزار
بنیں۔ اللہ تعالیٰ
ہمیں بھی مطیع
بنا دے۔

بیسواں کبیرہ دربیان جوا

فرمایا اللہ تعالیٰ نے یا ایہا الذین آمنوا انما
الخمر والمیسر والانصاب والازلام رجس
من عمل الشیطان فاجتنبوہ لعلکم
تفلحون ؕ الایۃ دربیان شراب یہ آیت مع ترجمہ
گذر چکی ہے۔ ملاحظہ فرما لیا جائے۔
میسر قمار کو کہتے ہیں خواہ کوئی قسم ہو نرد ہو شطرنج
ہو یا نگینہ ہو یا کعاب ہو یا اخروٹ ہو یا انڈے
یا کنکری وغیرہ ہو
اور یہ جوا لوگوں کا مال باطل طریقہ سے کھانا ہے

marfat.com

القمار بأي نوع كان نردا وشطرنج
او فصوص او كعاب او جوز او بيض
او حصى او غير ذلك ، وهو من
اكل اموال الناس بالباطل الذي
نهى الله عنه بقوله (وَلَا تَأْكُلُوا
أَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ) وداخل
في قول النبي صلى الله عليه وسلم
(١) ان رجالا يتخوضون في مال الله
بغير حق فلهم النار يوم القيامة
وفي صحيح البخاري ان رسول الله صلى
الله عليه وسلم قال: من قال لصاحبه
تعالى اقامرك فليتصدق، فاذا كان
مجرد القول يوجب الكفارة او الصدقة
فما ظنك بالفعل.

فصل

اختلف العلماء في النرد والشطرنج
اذا خليا عن رهن فاتفقوا على تحريم
اللعب بالنرد لما صح عن رسول
الله صلى الله عليه وسلم انه قال
من لعب بالنردشير فكانما
صبغ يده في لحم الخنزير ودمه
اخرجه مسلم وقال صلى الله عليه وسلم (٢)

جس کو منع فرمایا اللہ تعالیٰ نے اس سے بقولہ تعالیٰ
اور نہ کھاؤ اپنے آپس میں مال بطریق باطل ہ
اور داخل ہے یہ حضور علیہ السلام کے فرمان میں کہ
بے شک آدمی گھستے ہیں اللہ تعالیٰ کے مال میں ناحق
پس اُن کے لئے آگ ہے قیامت کے دن اور
بخاری میں ہے کہ فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم
نے جو شخص اپنے ساتھی کو کہے کہ آ تجھے جُوا کھلاؤں
اس کو چاہیئے کہ خیرات کرے پس جب مطلق کہنے
سے کفارہ لازم ہو گیا تو کیا خیال ہے تیرا اس
کے فعل سے۔

فصل

اختلاف کیا ہے علمائے نے نرد اور شطرنج میں
جبکہ رہن سے خالی ہوں اور متفق ہیں علماء ....
نرد کے ساتھ کھیلنے کی حرمت پر یہ ساتھ ارشاد نبی کریم
صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ فرمایا آپؐ نے جو شخص
کھیلے ساتھ نردشیر کے پس گویا کہ ہاتھ رنگے اُس نے
خنزیر کے گوشت سے اور خون سے (مسلم)
اور فرمایا آپؐ نے جو شخص کھیلے ساتھ نرد کے

(١) رواه البخاري كما قاله المؤلف في الرسالة الصغرى.
(٢) رواه مالك ، د ، ه ، ك - هق وقال ك صحيح على شرطهما

marfat.com

من لعب بالنرد فقد عصى الله و رسوله ، وقال ابن عمر رضی الله عنه اللعب بالنرد قمار کاکل لحم الخنزیر واللعب بها من غیر قمار کالدهن یودك الخنزیر.

قال واما الشطرنج فاکثر العلماء علی تحریم اللعب بها سواء کان برهن اوبغیره اما بالرهن فهو قمار بلا خلاف واما الکلام اذا خلا عن الرهن فهو ایضاً قمار حرام عند اکثر العلماء وحکی اباحته فی روایة عن الشافعی اذا کان فی خلوة و لم یشغل عن واجب ولا عن صلاة فی وقتها وسئل النووی رحمه الله عن اللعب بالشطرنج احرام ام جائز فاجاب رحمه الله هو حرام عند اکثر اهل العلم وسئل ایضاً رحمه الله عن لعب الشطرنج هل یجوز ام لا اجاب رحمه الله ان فوت به صلاة عن وقتها اولعب بها علی عوض فهو حرام والا فمکروه عند الشافعی وحرام عند غیره وهذا کلام النووی فی فتاویه والدلیل علی تحریمه علی قول الاکثرین فی قوله تعالی حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ وَلَحْمُ الْخِنْزِيرِ الی قوله

پس تحقیق نافرمانی کی اس نے خدا اور رسولؐ کی ۔ اور ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا لعب بالنرد قمار ہے مثل کھانے والے گوشت خنزیر کے اور کھیلنا اس کے ساتھ بغیر سامان قمار کے وہ مثل تیل کے ہے جو خنزیر کی چربی سے بنایا جائے۔

بہت سے علماء نے شطرنج کھیلنا حرام فرمایا ہے خواہ رہن سے ہو یا بغیر اس کے مگر ساتھ رہن کے قمار ہے بلا اختلاف مگر کلام ہے جبکہ بغیر رہن کے ہو وہ بھی قمار ہے حرام ہے نزدیک اکثر علماء کے اور امام شافعیؒ سے اباحت کی حکایت ہے ایک روایت میں جبکہ تنہائی میں ہو اور نہ روکے واجب سے نہ نماز سے اپنے اوقات میں اور سوال کیا گیا نوویؒ سے لعب بالشطرنج کا کہ آیا حرام ہے یا جائز ہے سو جواب دیا انہوں نے کہ وہ حرام ہے اکثر علماء کے نزدیک اور یہ بھی اُن سے پوچھا گیا کہ شطرنج سے کھیلنے والا گنہگار ہوتا ہے یا نہ تو انہوں نے جواب دیا کہ اگر نماز فوت ہو جائے اپنے وقت سے اور وہ کھیلتا رہے تو وہ حرام ہے ورنہ مکروہ ہے عند الشافعیؒ اور باقیوں کے نزدیک حرام ہے یہ ہے کلام نوویؒ کا فی الفتاویہ ۔ اور دلیل اوپر حرام ہونے کے بر قول خداوندی اور وہ یہ ہے ۔

تم پر حرام کیے گئے ہیں مردار اور خون اور خنزیر کا گوشت اور جو (جانور) کہ غیر اللہ کے نام زد کر دیا گیا ہو اور جو گلا گھٹنے سے مر جائے اور جو کسی ضرب سے مر جاوے اور جو گر کر مر جاوے اور جو

marfat.com

وَاَنْ تَسْتَقْسِمُوْا بِالْاَزْلَامِ) قال سفیان ووکیع بن الجراح هی الشطرنج وقال علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ الشطرنج میسر الاعاجم ۔ ومر رضی اللہ عنہ علی قوم یلعبون بها فقال ماهذه التماثیل التی انتم لها عاکفون لان یمس احدکم جمرا حتی یطفی خیر له من ان یمسها ثم قال واللہ لغیر هذا خلقتم و قال ایضا رضی اللہ عنہ صاحب الشطرنج اکذب الناس یقول احدهم قتلت و ما قتل ومات وما مات وقال ابو موسی الاشعری رضی اللہ تعالی عنہ لا یلعب بالشطرنج الا خاطئ و قیل لاسحاق بن راهویة اتری فی اللعب بالشطرنج باس فقال البأس کله فیه فقیل له ان اهل الثغور یلعبون بها لاجل الحرب فقال هو فجور وسئل محمد بن کعب القرظی عن اللعب بالشطرنج فقال ادنی ما یکون فیها ان اللاعب بها یعرض یوم القیامة او قال یحشر یوم القیامة مع اصحاب الباطل.

وسئل ابن عمر رضی اللہ عنهما عن الشطرنج فقال هی اشر

کسی کی ٹکر سے مر جاوے اور جس کو کوئی درندہ کھانے لگے لیکن جس کو ذبح کر ڈالو اور جو (جانور) پرستش گاہوں پر ذبح کیا جاوے اور یہ کہ تقسیم کرو قرعہ کے تیروں سے یہ سب گناہ ہیں۔

سفیان اور وکیع بن جراح نے کہا کہ یہ شطرنج ہے۔ اور حضرت علی بن ابی طالب نے کہا کہ شطرنج عجمیوں کی میسر ہے اور گذرے حضرت علیؓ ایک قوم پر جو شطرنج کھیل رہے تھے تو آپ نے فرمایا یہ کیا مورتیاں ہیں جن پر تم جم کر بیٹھے ہو اگر تمہارا کوئی آدمی انگاروں کو چھو لیتا تو وہ بہتر تھا اس سے جو اس کو چھوا۔ پھر فرمایا خدا کی قسم تم کسی اور چیز کے لئے (یعنی عبادت) پیدا کئے گئے تھے اور یہ بھی فرمایا کہ شطرنج کھیلنے والا بڑا جھوٹا ہے لوگوں سے ایک اُن سے کہتا ہے کہ مارا گیا حالانکہ نہیں مارا گیا اور مر گیا حالانکہ نہیں مرا اور ابو موسیٰ اشعری نے کہا کہ شطرنج کے ساتھ تو گنہگار ہی کھیلتے۔ اسحٰق بن راہویہ سے کہا گیا کہ کیا شطرنج کھیلنے میں کوئی خوف ہے فرمایا تمام خوف ہی ہے کہا گیا اُن سے کہ سرحدوں پر بیٹھنے والے کھیلتے ہیں اس کے ساتھ واسطے جنگ کے فرمایا وہ فجور ہے۔

اور محمد کعب قرظی سے شطرنج کھیلنے کا دریافت کیا گیا تو انہوں نے فرمایا کہ کم از کم وہ شخص جو شطرنج کھیلنے والا ہوگا کافر کہا جائے گا یا کھڑا کیا جائے گا قیامت کے دن ساتھ اہل باطل کے۔ اور پوچھا گیا ابن عمرؓ سے شطرنج کھیلنے کا فرمایا یہ زیادہ

marfat.com

من النرد وتقدم الكلام على تحريمه وسئل الامام مالك بن انس رحمه الله عن الشطرنج فقال الشطرنج من النرد بلغنا عن ابن عباس انه ولى مالا ليتيم فوجدها في تركة والد اليتيم فاحرقها ولو كان اللعب بها حلالا لما جاز له ان يحرقها لكونها مال اليتيم ولكن لما كان اللعب بها حراما احرقها فتكون من جنس الخمر اذا وجد في مال اليتيم وجبت اراقته كذلك الشطرنج وهذا مذهب حبر الامة رضي الله عنه وقيل لابراهيم النخعي ما تقول في اللعب بالشطرنج فقال انها ملعونة

وروى (۱) ابو بكر الاثرم في جامعه عن واثلة بن الاسقع عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال ان الله في كل يوم ثلثمائة وستين نظرة الى خلقه ليس لصاحب الشاة فيها نصيب يعني لاعب الشطرنج لانه يقول شاه مات وروى ابو بكر الآجري باسناده عن ابي هريرة رضي الله عنه ان

بدترین ہے نرد سے جیساکہ گذر گئی اس کی حرمت میں پہلے۔ امام مالک بن انسؓ سے پوچھا گیا شطرنج کھیلنے کے متعلق تو فرمایا شطرنج نرد سے ہے اور ہم کو یہ بات حضرت ابن عباس سے پہنچی ہے کہ بے شک وہ متولی ہے مال یتیم کے پس پایا اس مال میں سامان شطرنج کا تو جلا دیا اس کو۔ اگر اس کا کھیلنا حلال ہوتا تو اس کو کیوں جلاتے جبکہ وہ مال بھی یتیم کا تھا چونکہ اس کا کھیلنا حرام تھا اس لئے جلا دیا۔ پس یہ ہوگا شراب کی جنس سے جبکہ پایا جاوے مال یتیم میں تو واجب ہوتا ہے اس کا ضائع کرنا اسی طرح شطرنج اور یہ ہے مذہب ابن عباس رضی اللہ عنہما کا اور دریافت کیا گیا ابراہیمؒ بھی سے شطرنج کا تو انہوں نے کہا یہ ملعون کا ہے۔

اور ابو بکر اثرم نے اپنی جامعہ میں واثلہ بن اسقع سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا ہے کہ فرمایا آپؐ نے بے شک تین سو ساٹھ نظریں ہیں اللہ تعالیٰ کی جو ہر روز اپنی مخلوق کی طرف ہوتی ہیں نہیں ہوتا واسطے صاحب شاہ کے کوئی حصہ یعنی شطرنج کھیلنے والا۔

اور ابو بکر آجری نے روایت کیا ہے ساتھ سند کے ابوہریرہ سے کہ بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب گذرو تم ان لوگوں پہ

(۱) احمد بن محمد بن هانی ابو بکر الاثرم البغدادی صاحب الامام احمد المتوفی سنة ۲۷۳ ھ

رسول الله صلی الله علیه وسلم
قال اذا مررتم بهٰؤلاءِ الذین یلعبون
بهذه الازلام النرد والشطرنج
وما کان من اللهو فلا تسلموا علیهم
فانهم اذا اجتمعوا واکبوا علیها جاءهم
الشیطان بجنوده فاحدق بهم
کلما ذهب واحد منهم یصرف بصره
عنها لکزه الشیطان بجنوده فلا
یزالون یلعبون حتی یتفرقوا کالکلاب
اجتمعت علی جیفة فاکلت منها
حتی ملأت بطونها ثم تفرقت وانهم
یکذبون علیها فیقولون شاه مات

وروی عنه صلی الله علیه وسلم
انه قال (۱) اشد الناس عذابا
یوم القیامة صاحب الشاه یعنی
صاحب الشطرنج الاتراه یقول
قتلته والله مات والله افتری
وکذب علی الله .

وقال مجاهد ما من میت یموت
الامثل له جلساؤه الذین کان
یجالسهم فاحتضر رجل ممن کان
یلعب بالشطرنج فقیل له قل

سے جو کھیلتے ہیں ازلام نشے اور شطرنج اور وہ جو بھی
لعب سے ہو تو نہ سلام کرو ان پر بے شک وہ جب
اکٹھے ہوتے ہیں اور اس پر گرتے ہیں آتا ہے اُن
کے پاس شیطان ساتھ اپنے (پورے) لشکر کے گھس
جاتا ہے اُن میں جب اُٹھ جاتا ہے اُن میں سے کوئی
پھیرتا ہے اپنی آنکھ اس سے مارتا ہے اس کو شیطان
مع اپنے لشکر کے اسی طرح کرتے ہیں جب تک کہ
متفرق نہیں ہو جاتے. مثل کتوں کے جو اکٹھے ہوتے ہیں
مُردار پر پھر کھاتے ہیں اس کو یہاں تک کہ پیٹ بھر گیا
اُن کا.

اُن کا پھر متفرق ہو جاتے ہیں اور یہ اس لئے کہ جھوٹ
بولتے ہیں اور کہتے ہیں کہ شاہ مر گیا اور نقل کیا گیا
ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ سخت عذاب
لوگوں سے قیامت کے دن صاحب الشاہ پر ہوگا
یعنی شطرنج والے پر کیا نہیں دیکھتا کہ کہتا ہے میں
نے اس کو قتل کر دیا خدا کی قسم وہ مر گیا خدا کی قسم
افتراء کیا اللہ پر اور جھوٹ بولا اللہ پر.

اور مجاہد نے کہا کہ نہیں مرتا کوئی شخص مگر ہم
شکل بنایا جاتا ہے اس کے سامنے ان کے ساتھیوں
کو جن کے ساتھ بیٹھتا اٹھتا تھا پھر ایک آدمی اس
کے سامنے آکر جو شطرنج کھیلتا تھا اس کے ساتھ
کہتا ہے کہ کہہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰه

(۱) قال المنذری فی الترغیب : وقد ورد ذکر الشطرنج فی احادیث
لا اعلم لشیء منها اسنادا صحیحا ولا حسنا والله اعلم .

marfat.com

لا اله الا الله فقال شاهك ثم مات
فغلب على لسانه ما كان يعتاده حال
حياته فى اللعب فقال عوض كلمة
الاخلاص شاهك وهذا كما جاء فى
انسان آخر ممن كان يجالس شراب
الخمر انه حين حضره الموت فجاءه
انسان يلقنه الشهادة فقال له
اشرب واسقنى ثم مات فلا حول
ولا قوة الا بالله العلى العظيم .
وهذا كما جاء فى حديث مروى
يموت كل انسان على ما عاش
عليه ويبعث (۱) على ما مات
عليه فنسأل الله المنان بفضله
ان يتوفانا مسلمين لا مبدلين
ولا مغيرين ولا ضالين ولا زائغين
انه جواد كريم .

وہ کہتا ہے تیرا شاہ مرگیا پھر وہ خود مرگیا اور غالب آگئی
اس کی زبان پر وہ بات جس کی اس کو عادت تھی
زندگی میں تو بجائے کلمہ طیبہ پڑھنے کے شاہک
کہا اور یہ ہے جیساکہ دوسرا آدمی شراب پیتا ہے
اور اس کے ہم مشربوں کی شکل ایک آدمی اس
کو کلمہ تلقین کرتا ہے اور وہ کہتا ہے تو بھی پی
مجھے بھی پلا پھر وہ مرگیا لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا
بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۔

اور اسی طرح آیا ہے حدیث پاک میں کہ ہر انسان
مرتا ہے اس کام پر جس میں اس نے اپنی زندگی
گذاری ہوگی اور حشر ہوگا اس کا اسی حالت پر جس
پر مرا ہوگا۔ فنسال اللہ المنان بفضلہ ان
یتوفنا مسلمین لا مبدلین ولا مغیرین
ولا ضالین ولا زائغین اِنَّهٗ جوادٌ
کریمٌ

(۱) روى مسلم آخر ، بلفظ ، يبعث كل عبد على ما مات عليه ذكره على
اسنى المطالب ۔

marfat.com

الكبيرة الحادية والعشرون: قذف المحصنات

اکیسواں کبیرہ دربیان قذف المحصنات (تہمت لگانا پاکدامن عورتوں پر)

قال الله تعالىٰ (إِنَّ الَّذِينَ يَرْمُونَ الْمُحْصَنَاتِ الْغَافِلَاتِ الْمُؤْمِنَاتِ لُعِنُوا فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ يَوْمَ تَشْهَدُ عَلَيْهِمْ أَلْسِنَتُهُمْ وَأَيْدِيهِمْ وَأَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ) وقال تعالىٰ (وَالَّذِينَ يَرْمُونَ الْمُحْصَنَاتِ ثُمَّ لَمْ يَأْتُوا بِأَرْبَعَةِ شُهَدَاءَ فَاجْلِدُوهُمْ ثَمَانِينَ جَلْدَةً وَلَا تَقْبَلُوا لَهُمْ شَهَادَةً أَبَدًا وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ) بين الله تعالى فى الاية ان من قذف امراة محصنة حرة عفيفة عن الزنا والفاحشة انه ملعون فى الدنيا والاخرة وله عذاب عظيم وعليه فى الدنيا الحد ثمانون جلدة وتسقط شهادته وان كان عدلا وفى الصحيحين ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال اجتنبوا السبع الموبقات فذكرمنها قذف المحصنات الغافلات المؤمنات . والقذف ان يقول لامراة اجنبية حرة

ارشاد باری جو لوگ تہمت لگاتے ہیں۔ اُن عورتوں کو جو پاکدامن ہیں (اور) باتوں (کے کرنے) سے (بالکل) بے خبر ہیں (اور) ایمان والیاں ہیں اُن پر دُنیا اور آخرت میں لعنت کی جاتی ہے اور اُن کو (آخرت میں) بڑا عذاب ہوگا جس روز اُن کے خلاف میں اُن کی زبانیں گواہی دیں گی اور اُن کے ہاتھ اور اُن کے پاؤں بھی گواہی دیں گے) اُن کاموں کی جو کہ یہ لوگ کرتے تھے۔ ارشاد باری تعالیٰ۔

اور جو لوگ (زنا کی) تہمت لگائیں پاک دامن عورتوں کو اور پھر چار گواہ (اپنے دعوے پر) نہ لا سکیں تو ایسے لوگوں کو اسّی دُرّے لگاؤ اور ان کی کوئی گواہی کبھی قبول مت کرو (یہ تو دنیا میں اُن کی سزا ہوئی) اور یہ لوگ (آخرت میں بھی مستحق سزا ہیں کیونکہ) فاسق ہیں۔ (نور)

بیان فرمایا اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں کہ جو شخص کسی پاکدامن عورت آزاد کو زنا کی تہمت لگائے اور فحش بے شک وہ ملعون ہے دنیا اور آخرت میں اور اس کے لئے عذاب بڑا ہے۔ اور دُنیا میں اس کے لئے حد ہے اسّی کوڑے اور نہیں قبول ہوگی اس کی گواہی اگرچہ سچی ہو۔ اور صحیحین میں ہے کہ فرمایا نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام نے بچو سات ہلاک کرنے والی چیزوں سے پھر بیان فرمایا آپ نے

marfat.com

عفیفة مسلمة یا زانیة اویا باغیة اویا قحبة او یقول لزوجها یا زوج القحبة او یقول لولدها یا ولد الزانیة اویا ابن القحبة او یقول لبنتها یا بنت الزانیة اویا بنت القحبة فان القحبة عبارة عن الزانیة فاذا قال ذالك احد من رجل او امراة لرجل او لامراة کمن قال لرجل یا زانی او قال لصبی حر یا علق اویا منکوح وجب علیه الحد ثمانون جلدة الا ان یقیم بینة بذلك والبینة ما قال الله اربعة شهداء یشهدون علی صدقه فیما قذف به تلك المراٰة اوذلك الرجل فان لم یقم بینة جلد اذا طالبته بذلك التی قذفها اواذا طالبه بذلك الذی قذفه و کذلك اذا قذف مملوکه او جاریته بان قال لمملوکه یا زانی او للجاریة یا زانیة اویا باغیة اویا قحبة لما ثبت فی الصحیحین عن رسول الله صلی الله علیه وسلم انه قال من قذف مملوکه بالزناء اقیم علیه الحد یوم القیامة الا ان یکون کما قال ، وکثیر من

اُن میں سے تہمت لگانا پاکدامن عورت غافلہ مومنہ کو اور یہ کہ تہمت لگانا عورت اجنبیہ آزاد کو جو کہ پاکدامن ہو مسلمان ہو اور (یوں) کہا کہ اے زانیہ یا اے باغیہ یا اے قحبہ یا اس کے خاوند کو کہے اے قحبہ کے خاوند یا اس لڑکے کو کہے کہ اے حرامزادے یا اے قحبہ کے بچے یا لڑکی کو کہا اے بدکار عورت کی بچی یا اے قحبہ کی بچی۔ قحبہ کا معنیٰ زانیہ ہے (رنڈی) جب اس طرح کہے کوئی مرد عورت کو یا عورت مرد کو جس طرح اس نے کہا مرد کو کہ اے زانی یا آزاد بچے کو اے حرام کا ٹکڑا یا بدکار تو واجب ہے اس پر حد اسّی کوڑے مگر یہ کہ پیش کردے چار گواہ جو گواہی دے دیں اس کی صداقت پر جس میں اس نے تہمت لگائی ہے مرد یا عورت پر اور اگر نہ قائم کرے گواہ تو کوڑے مارے جائیں گے جبکہ طلب کرے وہ جس کو قذف کیا تھا اور اسی طرح جبکہ قذف کرے مملوک کو ساتھ زنا کے یا لونڈی کو یعنی یوں کہا اپنے مملوک سے کہ اے زانی یا لونڈی کو کہ اے زانیہ یا اے باغیہ یا اے قحبہ چنانچہ صحیحین میں ثابت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ جو شخص قذف کرے اپنے مملوک کو زنا سے تو قائم کی جائے گی اس پر حد قیامت کے دن مگر یہ کہ ہو اس طرح جس طرح کہا اس نے۔

اور بہت سے جاہل ایسی بے ہودہ باتیں کرتے ہیں جن پہ ان کو عذاب ہوگا دنیا اور

marfat.com

الجهال واقعون فی هذا الکلام الفاحش
الذی علیهم فیه العقوبة فی الدنیا
والاخرة ولهذا اثبت فی الصحیحین
عن رسول الله صلی الله علیه وسلم
انه قال، ان الرجل لیتکلم بالکلمة ما
یتبین فیها یزل (۱) بها فی النار
ابعد مما بین المشرق والمغرب
فقال له معاذ بن جبل یارسول الله
وانا لمؤاخذون بما نتکلم به
فقال ثکلتك (۲) امك یا
معاذ وهل یکب الناس فی النار
علی وجوههم الا حصائد السنتهم
وفی الحدیث (۳) ومن کان
یؤمن بالله والیوم الاخر فلیقل
خیرا او لیصمت وقال تبارك
وتعالی فی کتابه العزیز ما یلفظ
من قول الا لدیه رقیب عتید
وقال عقبة بن عامر (۴) یارسول
الله ما النجاة قال امسك علیك
لسانك ولیسعك بیتك وابك

آخرت میں اور اس لئے ثابت ہے صحیحین سے
فرمایا آپ نے تحقیق آدمی بات کرتا ہے ساتھ
ایسے کلمہ کے جس کو وہ ہلکا سمجھتا ہے حالانکہ گرے گا
آگ میں زیادہ دور بقدر مشرق اور مغرب کے
پس کہا معاذ بن جبل نے کہ یا رسول اللہ کیا ہم
پکڑے جاویں گے بات چیت کے متعلق
آپ نے فرمایا روئے تجھ پر تیری ماں اے
معاذ نہیں اُلٹے منہ ڈالے جاویں گے
لوگ جہنم میں مگر اپنی زبان کی کاٹ کی وجہ
سے اور حدیث پاک میں ہے کہ جو شخص
اللہ پر اور آخرت پر ایمان رکھتا ہے اُسے
چاہیے کہ بات کرے اچھی یا خاموش رہے۔
اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں (ما یلفظ الآیۃ)
عقبہ بن عامر نے کہا یا رسول اللہ کس
چیز میں نجات ہے آپ نے فرمایا روک
اپنی زبان کو اور اپنے گناہوں پر رو اللہ کے
ہاں سب سے زیادہ دور لوگوں میں سے سخت
دل آدمی ہے۔ فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ
وسلم نے بے شک زیادہ مبغوض لوگوں
میں سے اللہ کی طرف فحش بکنے والا

(۱) یزل ان یهوی من الزلل بالزای (۲) ای فقدتك ولا یقصد معناه وانما یجری علی
لسانهم عرفا (۳) رواه خ م فی ضمن حدیث اکرام الضیف والنهی عن اذی
الجار من المنذری (۴) رواه ت وحسنه وابن ابی الدنیا کلهم من
طریق عبید الله بن زحر عن علی بن یزید عن القاسم عن ابی امامة
عنه .

marfat.com

على خطيئتك وان ابعد الناس الى الله القلب القاسي
وقال صلى الله عليه وسلم (١) ان ابغض الناس الى الله الفاحش البذي الذي يتكلم بالفحش وردى الكلام وقانا الله واياكم شرا لسنتنا بمنه وكرمه انه جواد كريم (٢)

ہے جو فحش کلامی کرے اور گندی بات۔
اللہ تعالیٰ ہم کو ایسی باتوں سے بچائے وہ جواد اور کریم ہے

الكبيرة الثانية والعشرون: الغلول من الغنيمة

بائیسواں کبیرہ (مالِ غنیمت چرانا)

وهي من بيت المال ومن الزكاة قال الله تعالى (اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْخَائِنِيْنَ) وقال تعالى (وَمَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَّغُلَّ وَمَنْ يَّغْلُلْ يَاْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ) وفي صحيح مسلم عن ابي هريرة رضي الله عنه

اور یہ چوری بیت المال سے ہو یا زکوٰۃ سے فرمایا اللہ تعالیٰ نے۔ بے شک اللہ تعالیٰ نہیں دوست رکھتا خیانت کرنے والوں کو۔ اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے۔ اور نبی کی یہ شان نہیں کہ وہ خیانت کرے حالانکہ جو شخص خیانت کرے گا۔ وہ شخص اپنی خیانت کی ہوئی چیز کو قیامت کے دن حاضر کرے گا۔ (آل عمران)

(١) في معناه حديث عبد الله بن عمرو مرفوعا اياكم والفحش فان الله لا يحب الفحش ولا التفحش رواه النسائي في سننه الكبرى في التفسير منها والحاكم وصححه وكذلك حديثه الجنة حرام على فاحش ان يدخلها، رواه ابن ابي الدنيا وابو نعيم وحديث ابن مسعود مرفوعا. ليس المؤمن بالطعان ولا اللعان ولا الفاحش ولا البذي رواه الترمذي باسناد صحيح افاده العراقي (٢) فائدة تم قال المؤلف في الصغرى:

marfat.com

قال : قام فینا رسول الله صلی الله علیه وسلم ذات یوم فذکر الغلول فعظمه وعظم امره ثم قال لا الفین (۱) احدکم یجیء یوم القیامة علی رقبته بعیر له رغاء (۲) یقول یا رسول الله اغثنی فاقول لا املک لک من الله شیئا قد ابلغتک لا الفین احدکم یجیء یوم القیامة علی رقبته فرس له حمحمة (۳) فیقول یا رسول الله اغثنی فاقول لا املک لک من الله شیئاً قد ابلغتک لا الفین احدکم یجیء یوم القیامة علی رقبته شاة لها ثغاء (۴) یقول یا رسول الله اغثنی فاقول لا املک لک من الله شیئاً قد ابلغتک. لا الفین احدکم یجیء یوم القیامة علی رقبته نفس لها صیاح فیقول یا رسول الله اغثنی فاقول لا املک لک من الله شیئاً قد ابلغتک. لا الفین احدکم یجیء یوم القیامة علی رقبته رقاع تخفق فیقول یا رسول الله اغثنی فاقول لا املک

اور مسلم شریف میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت منقول ہے کہ ایک روز نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کھڑے ہو کر غلول کو ذکر فرمایا اور بڑی اہمیت بیان فرمائی پھر فرمایا ہرگز نہ پاؤں میں تمہیں قیامت کے دن جو اس کی گردن پر اونٹ بولتا ہوا اور کہے یا رسول اللہ میری مدد کریں پھر میں کہوں. کہ میں کچھ اختیار نہیں رکھتا تیرے لئے اللہ تعالیٰ کے آگے. تحقیق میں نے تم کو پہنچا دیا کہ ہرگز نہ پاؤں میں تم میں سے کسی شخص کو قیامت کے دن کہ گردن پر گھوڑا ہنہناتا ہو پھر کہے یا رسول اللہ میری مدد کیجئے اور میں کہوں نہیں اختیار رکھتا میں تیرے لئے اللہ تعالیٰ کے آگے. تحقیق پہنچا دیا میں نے تم کو ہرگز نہ آوے تم میں سے کوئی شخص قیامت کے دن کہ اس کی گردن پر بکری ہو بولتی ہوئی پھر کہے اَغِثْنِی یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اور میں کہوں میں تیرے لئے اللہ تعالےٰ کے آگے کوئی اختیار نہیں رکھتا.

تحقیق پہنچا دیا میں نے تم کو کہ ہرگز کوئی نہ آوے قیامت کہ اس کی گردن پر کوئی نفس ہو چیختا ہوا پھر کہے وہ شخص اغثنی یا رسول اللہ اور میں کہوں کہ میں تیرے لئے خدا کے سامنے کوئی اختیار نہیں رکھتا. تحقیق پہنچا دیا میں نے تم کو کہ ہرگز کوئی

(۱) ای لا اجدن
(۲) الرغاء صوت البعیر
(۳) الحمحمة صوت الفرس
(۴) الثغاء صوت الشاة

marfat.com

لك من الله شيئاً قد ابلغتك؛ لا
الفين احدكم يجيء يوم القيامة على
رقبته صامت فيقول يا رسول الله
اغثني فاقول لا املك لك من الله
شيئاً قد ابلغتك اخرج هذا الحديث
مسلم (۱)

(قوله) على رقبته رقاع تخفق
اى ثياب وقماش (قوله) على رقبته
صامت اى من ذهب أو فضه، فمن
اخذ شيئاً من هذه الانواع المذكورة
من الغنيمة قبل ان تقسم بين الغانمين
اومن بيت المال بغير اذن الامام
اومن الزكاة التى تجمع للفقراء جاء
يوم القيامة حامله على رقبته كما ذكر
الله تعالى فى القرآن (وَمَن يَغْلُلْ يَأْتِ
بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ)

ولقول النبى صلى الله عليه وسلم
ادوا الخيط والمخيط واياكم والغلول
فانه عار على صاحبه يوم القيامة
ولقول النبى صلى الله عليه وسلم لما
استعمل ابن اللهتبية على الصدقة
وقدم وقال هذا لكم وهذا اهدى الى
فصعد النبى صلى الله عليه وسلم
المنبر وحمد الله واثنى عليه الى ان
قال: والله لا يأخذ احدكم شيئاً

نہ آوے قیامت کے دن کہ اس کی گردن پر
کرطا ہو جو ہلتا ہو پھر کہے اغثنی یارسول اللہ اور
میں کہوں کہ میں تیرے لئے خدا کے سامنے کوئی
اختیار نہیں رکھتا تحقیق پہنچا دیا میں نے تم کو
ہرگز کوئی نہ آوے قیامت کے دن کہ اس کی
گردن پر سونا ہو پھر کہے اغثنی یارسول اللہ اور
میں کہوں کہ میں تیرے لئے خدا کے سامنے (مسلم)

پس وہ شخص جو لے گا ان اشیاء کو ان اقسام
مذکورہ سے قبل از تقسیم درمیان غانمین کے یا
بیت المال سے بغیر اجازت امام کے یا زکوٰۃ سے
جو جمع کی گئی غریبوں کے لئے آئے گا۔ قیامت کے
دن اٹھائے ہوئے اپنی گردن پر جس طرح بیان
فرمایا اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں ومن یغلل
یات بما غل یوم القیامۃ۔ اور مطابق ارشاد
پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کہ ادا کرو سوئی اور دھاگہ
اور بچو تم غلول سے کیونکہ وہ شرم کی بات ہے اس
کے لئے قیامت کے دن اور بفرمان نبی کریم صلی
اللہ علیہ وسلم جبکہ عامل بنا ابن لتبیہ اوپر صدقات
(فراہم کرنے) کے اور آیا اور کہا کہ یہ تو ہے تمہارے
لئے اور یہ مجھ کو ہدیہ دیا ہے پس چڑھے نبی کریم
صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر اور حمد وثنا بیان فرمائی
اللہ تعالیٰ کی اور فرمایا آپ نے خدا کی قسم نہ لے
تم میں سے کوئی چیز بغیر اپنے حق کے مگر آئے
گا بروز قیامت اٹھائے ہوئے اس کو پس میں
نہیں پہچانوں گا تمہارے کسی کو جو لے اللہ تعالےٰ

marfat.com

بغیر حقه الاجاء یوم القیامة یحمله فلا اعرف رجلا منکم لقی الله یحمل بعیراً له رغاء او بقرة لها خوار او بشاة تیعر ثم رفع یدہ صلی الله علیه وسلم فقال اللهم هل بلغت[۱]

وعن ابی هریرة قال خرجنا مع رسول الله صلی الله علیه وسلم الی خیبر (ففتح علینا) فلم نغنم ذهبًا ولا ورقًا غنمنا المتاع (الطعام) والثیاب ثم انطلقنا الی الوادی (یعنی وادی القری) ومع رسول الله صلی الله علیه وسلم عبد وهبه له رجل من بنی جذام (یدعی رفاعة بن یزید من بنی الضبیب) فلما نزلنا (الوادی) قام عبد رسول الله صلی الله علیه وسلم یحل رحله فرمی بسهم فکان فیه حتفه فقلنا هنیئًا له بالشهادة یا رسول الله فقال رسول الله کلا والذی نفسی بیدہ ان الشملة لتلتهب علیه نارًا اخذها من الغنائم لم تصبها المقاسم قال ففزع الناس فجاء رجل بشراك او شراکین (فقال اصبت یوم خیبر) فقال رسول الله

سے اٹھائے ہوئے اونٹ بولتا ہوا یا گائے جس کی آواز ہو یا بکری منمناتی ہوئی پھر اٹھائے آپ نے ہاتھ اور فرمایا یا اللہ کیا میں نے پہنچا دیا ہے؟

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نکلے ہم ساتھ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے خیبر کی طرف پھر فتح ہو گیا تو نہ لیا ہم نے سونا اور چاندی بطور غنیمت کے (بلکہ) غنیمت لی ہم نے متاع (یعنی کھانا اور کپڑے پھر ہم وادی القریٰ کی طرف چلے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک غلام تھا جو آپ کو کسی نے ہبہ کیا تھا بنی جذام سے جس کو (رفاعہ بن یزید قبیلہ بنی ضبیب سے کہا جاتا تھا)

جب ہم وادی پر اُترے تو کھڑا ہوا غلام آپ کا اور تیار کیا سواری کو پھر تیر لگا اس کو اور وہ مر گیا پس ہم نے کہا مبارک ہو اس کو شہادت یا رسول اللہ فرمایا آپ نے ہرگز نہیں۔ قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے اس شملہ میں آگ شعلے مارتی ہے جو اس نے قبل از تقسیم مال غنیمت میں لے لیا تھا پھر گھبرائے لوگ۔ پھر لایا ایک آدمی ایک تسمہ یا دو اور کہا کہ حاصل کیا میں نے ان کو بروز خیبر تو فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک تسمہ ہو یا دو وہ آگ

---

[۱] رواہ خ م من حدیث ابی حمید الساعدی ، الخوار صوت البقر ، والیعار صوت الغنم اھ منذری

marfat.com

صلى الله عليه وسلم شراك او شراكان
من نار متفق عليه (۱)
وعن عبد الله ابن عمرو (۲) رضي
الله عنهما قال كان على ثقل رسول الله
صلى الله عليه وسلم* هو في النار فذهبوا
ينظرون اليه فوجدوا عباءة قد
غلها عن زيد بن خالد الجهني أن
رجلا غل في غزوة خيبر فامتنع النبي
صلى الله عليه وسلم من الصلاة عليه
وقال ان صاحبكم غل في سبيل الله
قال ففتشنا متاعه فوجدنا فيه
خرزا من خرز اليهود ما يساوي درهمين
قال الامام احمد رحمه الله ما نعلم
ان النبي صلى الله عليه وسلم امتنع
من الصلاة على احد الا على الغال
وقاتل نفسه وجاء عن (۳) النبي
صلى الله عليه وسلم انه قال هدايا
العمال غلول۔
وفي الباب احاديث كثيرة ويأتي
بعضها في باب الظلم، والظلم على ثلاثة

* رجل يقال له كركرة فمات فقال النبي صلى الله عليه وسلم

سے ہے۔ (متفق علیہ)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت ہے
کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک آدمی
تھا جس کو کرکرہ کہا جاتا تھا وہ سامان بردار تھا آپ
کا وہ مر گیا فرمایا آپ نے کہ وہ دوزخ میں ہے پھر
لوگوں نے اس کو جا کر دیکھا تو ایک کرتہ پایا جس
کو اس نے مال غنیمت سے چرایا تھا حضرت
زید بن خالد جہنی نے کہا کہ ایک شخص نے غزوہ خیبر
سے مال بطور دھوکہ کے لیا تھا تو نبی کریم صلی اللہ
علیہ وسلم نے اس پر نماز جنازہ پڑھنے سے منع
فرمایا تھا۔ اور فرمایا بے شک تمہارے ساتھی نے
غلّ کیا ہے فی سبیل اللہ چنانچہ تفتیش کی ہم نے
اس کے سامان میں سے تو پایا یہودی کی کوڑیاں
کو اور وہ دو درہم کی قیمت کی بھی نہ تھیں۔ امام
احمد بن حنبلؒ نے فرمایا کہ ہم نہیں جانتے کہ نبی
کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی پر نماز جنازہ پڑھنے
سے منع کیا ہو بجز حال کے (دھوکہ دینے والے
اور خودکشی کرنے والے۔
اور فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ عمال

۱) رواه خ من حديث عبد الله بن عمرو بن العاص وكان في الاصل ابن عمر غلطا فصححناه (عمرو) والثقل محركة الغنيمة وكركرة بفتح الكافين او كسرهما أفاده المنذري

۲) رواه مالك واحمد، د، ى، ه بنحو معناه هنا كما في المنذري

۳) رواه احمد وابن ماجه من حديث ابي حميد الساعدي وله شواهد من حديث حذيفة وابن عباس وجابر افاده في كشف الخفاء۔

marfat.com

اقسام (احدها) اكل المال بالباطل (و ثانيها) ظلم العباد بالقتل والضرب و الكسر والجراح (وثالثها) ظلم العباد بالشتم واللعن والسب والقذف وقد خطب النبي صلى الله عليه وسلم بمنى فقال: الا ان دماءكم واموالكم و اعراضكم عليكم حرام كحرمة يومكم هذا في شهركم هذا في بلدكم هذا متفق عليه۔

وقال صلى الله عليه وسلم لا يقبل الله صلاة بغير طهور ولا صدقة من غلول۔ فنسأل الله التوفيق لما يحب ويرضى انه جواد كريم۔

لوگوں کے بدلے بھی غلول میں داخل ہیں اور اس مضمون میں بکثرت احادیث وارد ہیں۔ بعض بابُ الظلم میں آئی ہیں اور ظلم تین قسم ہے ایک تو باطل طریقہ سے مال کھانا۔ دوسرا ظلم کرنا آدمیوں پر قتل کرنے اور مارنے سے اور ہڈی توڑنا وغیرہ زخم کرنا وغیرہ۔ تیسرا ظلم کرنا بندوں پر گالیاں دینا اور لعنت کرنا اور تہمت لگانا کسی کو۔ اور تحقیق خطبہ فرمایا نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام نے منیٰ میں اور فرمایا دیکھو خون تمہارے اور مال تمہارے اور اسباب تمہارے حرام ہیں تمہارے اوپر مثل حرمت آج کے دن کے اس مہینہ میں اور اس شہر میں (متفق علیہ)

اور فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں قبول کرتا اللہ تعالیٰ نماز بغیر وضو کے اور صدقہ غلول سے۔

فنسأل الله التوفيق لما يحب ويرضى انه جواد كريم۔

الكبيرة الثالثة والعشرون: السرقة

قال الله تعالى (وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوْا اَيْدِيَهُمَا جَزَاءً بِمَا كَسَبَا نَكَالًا مِّنَ اللّٰهِ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ) قال ابن شهاب نكل الله بالقطع في السرقة من اموال الناس والله عزيز في انتقامه من السارق حكيم فيما اوجبه من قطع يده وقال

تیئسواں کبیرہ، دربیان چوری

اور چوری کرنیوالا مرد اور چوری کرنیوالی عورت کاٹ ڈالو ان کے ہاتھ سزا میں ان کی کمائی کی تنبیہ ہے اللہ تعالیٰ کی طرف سے اور اللہ غالب ہے حکمت والا ہے۔

ابن شہاب نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے لوگوں کے مالوں سے چوری کرنے سے عبرت دی ہے اور اللہ تعالیٰ انتقام

ك حديث رواه مسلم من حديث ابن عمر ١٥ مشكاة

marfat.com

(١) صلی اللہ علیہ وسلم الا یزنی
الزانی حین یزنی وهو مؤمن ولا یسرق
السارق حین یسرق وهو مؤمن ولكن
التوبة معروضة"

ومن ابن عمر (٢) رضی اللہ عنهما
ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قطع
فی مجن قیمته ثلاثة دراهم وعن (٣)
عائشة رضی اللہ عنها قالت كان رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقطع ید السارق
فی ربع دینار فصاعدا۔ وفی روایة (٤)
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
لا تقطع ید السارق فیما دون ثمن المجن"
قیل لعائشة رضی اللہ عنها وما ثمن
المجن قالت ربع الدینار۔ وفی روایة
(٥) قال اقطعوا فی ربع دینار ولا
تقطعوا فیما دون ذلك، كان ربع
الدینار یومئذ ثلاثة دراهم
والدینار اثنی عشر درهما.

وعن ابی هریرة (٦) رضی اللہ
عنه قال قال رسول اللہ صلی اللہ

لینے میں غالب ہیں چور سے اور حکمت والے ہیں اس
میں جس کو واجب فرمایا ہاتھ کاٹنے سے۔
اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ زانی بوقت کردن زنا
مومن نہیں رہتا اور چور چوری کرتے وقت مومن نہیں
رہتا۔ ولیکن توبہ معروضہ ہے۔

ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ بیشک نبی کریم
صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاتھ کاٹا تھا تقریباً تین درہم کی
قیمت کی ڈھال چرانے پر اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا
فرماتی ہیں کہ کاٹتے تھے ہاتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نے چور کے ثمن المجن سے کم میں دریافت کیا گیا کہ
ثمن المجن کتنا ہے تو انہوں نے فرمایا ربع دینار۔ اور ایک
روایت میں آیا ہے کہ فرمایا نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام نے
کہ ہاتھ کاٹو ربع دینار میں اور اس سے کم میں نہ کاٹو
اور ربع دینار آجکل تقریباً تین درہم ہوتے ہیں اور
دینار بارہ درہم کا۔

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ فرمایا نبی کریم صلی اللہ
علیہ وسلم نے کہ لعنت کی اللہ تعالیٰ نے چور پر۔ اور
جو شخص چرائے ایک انڈا تو کاٹا جائے ہاتھ اس کا
اور چرائے رسی تو کاٹا جائے ہاتھ اس کا اور اعمش
نے کہا کہ دیکھتے تھے خود الاز نجیر جو تین

(١) تقدم عزوه فیما تقدم فی الكبیرة العاشرة
(٢) متفق علیه كما فی المشكاة وبلوغ المرام (٣) متفق علیه
(٤) هی لفظ مسلم كما فی بلوغ المرام (٥) لفظ روایة احمد ١٥ منه
(٦) متفق علیه كما فی المشكاة

علیه وسلم ، لعن السارق یسرق البیضة
فتقطع یده ویسرق الحبل فتقطع
یده ، قال الاعمش کانوا یرون انه
بیض الحدید والحبل کانوا یرون
ان منها ما یساوی ثمنه ثلاثة دراهم
وعن (١) عائشة رضی الله عنها
قالت کانت مخزومیة تستعیر المتاع
وتجحده فامر النبی صلی الله علیه
وسلم بقطع یدها فاتی اهلها اسامة
بن زید فکلموه فیها فکلم النبی
صلی الله علیه وسلم فقال له النبی
صلی الله علیه وسلم : "یا اسامة
لا اراك تشفع فی حد من حدود الله
تعالیٰ" ثم قام النبی صلی الله علیه و
سلم خطیباً فقال " انما هلك من کان
قبلکم انهم کانوا اذا سرق فیهم الشریف
ترکوه واذا سرق فیهم الضعیف قطعوه
والذی نفسی بیده لو ان فاطمة بنت
محمد سرقت لقطعت یدها
فقطع ید المخزومیة . وعن
عبد الرحمن (٢) بن جریر قال سألنا
فضالة بن عبید عن تعلیق ید السارق

درہم کی قیمت کے برابر ہوتے۔
حضرت عائشہ رض فرماتی ہیں کہ ایک مخزومیہ
عورت نے مستعار چیز واپس نہ کی تو آپ
نے اس کے ہاتھ کاٹنے کا حکم دیا تو آئے
اس کے رشتہ دار اسامہ بن زید کے پاس
اور اس عورت کے بارہ میں گفتگو کی پھر
اسامہ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی
خدمت میں اس کی بات کی تو آپ نے فرمایا
اے اسامہ نہیں خیال کرتا تھا میں کہ تو
سفارش کرے گا اللہ کے حدود میں پھر آپ
نے بطور خطبہ کے فرمایا بجز این نیست کہ ہلاک
ہوئے وہ لوگ جو تم سے پہلے گزر چکے ہیں کہ
وہ لوگ جب کوئی شریف آدمی ان میں کا
چوری کرتا تو اس کو چھوڑ دیتے اور اگر کوئی
غریب کمزور آدمی چوری کرتا تو ہاتھ کاٹتے۔
قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں
میری جان ہے اگر فاطمہ بنت محمد صلی اللہ
علیہ وسلم چوری کرے تو اس کے ہاتھ بھی
کاٹے جائیں گے۔ پھر اس مخزومیہ عورت
کا ہاتھ کاٹا گیا۔
عبدالرحمن بن جریر سے مروی ہے کہ پوچھا
ہم نے فضالہ بن عبید سے چور کا ہاتھ کاٹ

١. متفق علیه واللفظ لمسلم کما فی المشکاة
٢. رواه ت ، د ، س ، هکذا فی المشکاة

marfat.com

وعنقه امن السنة قال اتی النبی صلی اللہ علیہ وسلم بسارق فقطع یدہ ثم امربھا فعلقت فی عنقه قال العلماء ولا تنفع السارق توبته الا ان یرد ماسرقه فان کان مفلسا تحلل من صاحب المال واللہ اعلم

کر لٹکانے کے متعلق اسکی گردن میں کہ کیا یہ سنت ہے تو انہوں نے فرمایا کہ ایک چور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا پھر کاٹا گیا اس کا ہاتھ پھر حکم دیا آپ نے کہ لٹکایا جائے اس کا ہاتھ اس کی گردن میں۔ علماء نے کہا ہے کہ نہیں نفع دیتی توبہ چور کو مگر یہ کہ واپس کرے مال مسروقہ اور اگر چور مفلس ہے تو حلال کرائے صاحب مال سے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

الکبیرۃ الرابعة والعشرون: قطع الطریق

قال اللہ تعالی: (اِنَّمَا جَزٰٓؤُا الَّذِیْنَ یُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَیَسْعَوْنَ فِی الْاَرْضِ فَسَادًا اَنْ یُّقَتَّلُوْٓا اَوْ یُصَلَّبُوْٓا اَوْ تُقَطَّعَ اَیْدِیْهِمْ وَاَرْجُلُهُمْ مِّنْ خِلَافٍ اَوْ یُنْفَوْا مِنَ الْاَرْضِ ذٰلِكَ لَهُمْ خِزْیٌ فِی الدُّنْیَا وَلَهُمْ فِی الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِیْمٌ)

قال الواحدی (۱) رحمه اللہ معنی یُحاربون اللہ ورسوله یعصونهما ولا

چوبیسواں کبیرہ دربیان قطع طریق

جو لوگ اللہ تعالیٰ سے اور اس کے رسولؐ سے لڑتے ہیں اور ملک میں فساد پھیلاتے پھرتے ہیں اُن کی یہی سزا ہے کہ قتل کئے جاویں یا سُولی دئے جاویں یا اُن کے ہاتھ اور پاؤں مخالف جانب سے کاٹے جاویں یا زمین پر سے نکال دیئے جاویں یہ اُن کے لئے دُنیا میں سخت رسوائی ہے اور اُن کو آخرت میں عذاب عظیم ہوگا۔

(۱) ھو ابو الحسن علی بن احمد بن محمد بن علی بن متویة بفتح المیم وتشدید التاء المثناۃ صاحب التفاسیر المشھورۃ والبسیط والوسیط والوجیز واسباب نزول القرآن والتحبیر فی شرح اسماء اللہ الحسنیٰ، وشرح دیوان ابی الطیب المتنبی شرحا مستوفی لیس فی شروحه علی کثرتھا مثله ذکر فیه اشیاء غریبة وکان الواحدی تلمیذ ابی اسحٰق احمد بن محمد بن ابراھیم الثعلبی المفسر المشھور وعنه اخذ علم التفسیر وادبی علیه، توفی سنة ۴۶۸ھ ہجریة فی جمادی الآخرۃ اھ من ابن خلکان

يطيعونهما كل من عصاك فهو محارب لك ويسعون فى الارض فساداً اى بالقتل والسرقة واخذ الاموال وكل من اخذ السلاح على المومنين فهو محارب لله ورسوله وهذا قول مالك والاوزاعى والشافعى (قوله) ان يقتلوا الى قوله او ينفوا من الارض قال الوالبى (۱)

عن ابن عباس رضى الله عنهما (او) ادخلت للتخيير ومعناها الاباحة ان شاء صلب وان شاء نفى، وهذا قول الحسن وسعيد بن المسيب ومجاهد وقال فى رواية عطية (۲) او ليست للاباحة انما هى مرتبة للحكم باختلاف الجنايات فمن قتل واخذ المال قتل وصلب ومن اخذ المال ولم يقتل قطع ومن سفك الدماء وكف عن الاموال قتل ومن اخاف السبيل ولم يقتل نفى من الارض وهذا مذهب الشافعى رضى الله عنه وقال الشافعى ايضاً عيد

واحدی نے کہا کہ یحاربون اللہ ورسولہ کا معنی یہ ہے نافرمانی کرتے ہیں ان دونوں کی اور نہیں اطاعت کرتے ان دونوں کی۔ ہر وہ شخص جو نافرمانی کرے وہ محارب ہے۔ اور یسعون فی الارض فساداً یعنی قتل کرنے اور چوری کرنے اور مال کی سعی کرے اور ہر وہ جو اٹھائے ہتھیار اوپر مومن کے پس وہ محارب ہے واسطے اللہ اور رسول کے اور یہی قول ہے امام مالک کا اور اوزاعی اور شافعی کا قولہ ان یقتلوا الی قولہ او ینفو من الارض الایۃ

والبی نے حضرت ابن عباس سے نقل کیا کہ حرف او داخل کیا گیا واسطے تخییر کے اور مطلب اس کا یہ ہے کہ امام وقت کو اختیار ہے ان مذکورہ سزاؤں میں جو سزا دے دے اور یہی مسلک ہے حسن کا اور سعید بن مسیب کا اور مجاہد کا اور عطیہ کی روایت میں ہے کہ او اباحت کیلئے نہیں ہے (بلکہ) یہ تو مرتب کی گئی ہے واسطے حکم کے ساتھ اختلاف جنایات کے۔ سو جس شخص نے قتل کیا اور مال لوٹا وہ قتل کیا جائے گا اور سولی پر چڑھایا جائے گا اور جس نے مال لوٹا قتل نہیں کیا تو اس کے ہاتھ کاٹے جائیں گے اور جس شخص نے قتل

(۱) یعنی علی بن ابی طلحۃ الوالی راویۃ تفسیر ابن عباس وان کان فی سماعہ منہ کلام، راجع ترجمتہ فی المیزان للذھبی۔

(۲) یعنی ابن سعد العوفی مختلف فی توثیقہ صدوق یخطی کثیرا وکان یدلس افادہ فی التقریب۔

marfat.com

كل واحد بقدر فعله فمن وجب عليه
القتل والصلب قتل قبل صلبه كراهية
تعذيبه ويصلب ثلاثا ثم ينزل ومن
وجب عليه القتل دون الصلب قتل
ودفع الى اهله ليدفنوه ومن وجب
عليه القطع دون القتل قطعت يده
اليمنى ثم حسمت فان عاد وسرق
ثانياً قطعت رجله اليسرى فان
عاد وسرق قطعت يده اليسرى
لما روى (۱) عن النبي صلى الله عليه
وسلم قال في السارق ان سرق فاقطعوا
يده ثم ان سرق فاقطعوا رجله ثم ان
سرق فاقطعوا يده ثم ان سرق فاقطعوا
رجله ولانه فعل ابي بكر وعمر رضي الله
عنهما ولا مخالف لهما من الصحابة
ووجه كونها اليسرى انه اتفاق من صار
الى قطع الرجل بعد اليد على انها اليسرى
وذلك معنى قوله من خلاف.
وقوله تعالى (أَوْ يُنفَوْا مِنَ الْأَرْضِ)
قال ابن عباس هو ان يهدر الامام
دمه فيقول من لقيه فليقتله
هذا فيمن لم يقدر عليه فاما

گیا اور مال نہ لوٹا تو قتل کیا جائے گا اور جو شخص
ڈراوے رستہ چلنے والوں کو اور قتل وغیرہ نہیں کیا
تو شہر بدر کیا جائے گا اور یہ ہے مذہب شافعیؒ
کا اور کہا شافعیؒ نے بھی حد لگائی جاوے ہر ایک
(مجرم) کو بقدر اس کے فعل کے پس جس پر واجب
ہے قتل کرنا اور سولی دینا سو اس کو قتل کیا جائے
قبل سولی دینے کے بوجہ مکروہ ہونے تکلیف دینے
کے اور تین یوم تک سولی پر لٹکایا جائے پھر اتارا
جاوے ۔ اور جس پر واجب ہے قتل بغیر سولی کے
تو قتل کیا جاوے اور اس کے ورثاء کو واپس دیا
جاوے جو اس کو دفن کریں اور جس پر واجب ہے
ہاتھ کاٹنا بغیر قتل کرنے کے تو کاٹا جاوے اس
کا ہاتھ دائیاں پھر داغ دیا جائے پھر اگر دوبارہ
وہ جرم کرے تو کاٹا جائے پاؤں بایاں پھر اگر اعادہ
کرے چوری کا تو کاٹا جائے ہاتھ بایاں ۔ اسی طرح
روایت کیا گیا ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے
چور کے متعلق کہ اگر چوری کرے کوئی تو کاٹو اس کا
دائیاں ہاتھ پھر اگر چوری کرے تو کاٹو اس کا پاؤں
بایاں پھر اگر چوری کرے تو کاٹو ہاتھ بایاں یہ اس
لئے کہ بے شک کیا اسی طرح ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما
اور کسی ایک صحابی نے بھی مخالفت نہ کی اور وجہ بایاں
ہاتھ کاٹنے کی جو کہ کٹنے ہاتھ دایاں کے اور پاؤں

(۱) رواه ابو داود والنسائي من حديث جابر واستنكره و
اخرجه من حديث الحارث ابي حاطب نحوه وذكر الشافعي
ان القتل في الخامسة منسوخ اه بلوغ المرام

من قبض عليه فنفيه من الارض الحبس والسجن لانه اذا حبس و منع من التقلب فی البلاد فقد نفی منها انشد ابن قتيبة لبعض المسجونين شعرًا.

خرجنا من الدنيا ونحن من اهلها
فلسنا من الاحياءِ فيها ولا الموتی
اذا جاءنا السجان يومًا لحاجة
عجبنا وقلنا جاء هذا من الدنيا

قال فيمجرد قطع الطريق واخافة السبيل بقد ارتكب الكبيرة فكيف اذا اخذ المال اوجرح او قتل فقد فعل عدة كبائر مع ما غالبهم عليه من ترك الصلاة وانفاق ما ياخذونه فی الخمر والزنا واللواطة وغير ذلك نسأل الله العافية من كل بلاء ومحنة انه جواد كريم غفور رحيم.

بایاں کے بایاں ہاتھ ہی رہ جاتا ہے اور یہی معنیٰ ہیں خلاف کے۔

اور قولہ تعالیٰ (او ينفوا من الارض) ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ امام اس کا خون بدر کر دے اور کہہ دے کہ جس کو ملے قتل کر دے اس کو اور یہ اس کے لئے ہے جبکہ اس کے پکڑنے پر قادر نہ ہو مگر وہ جس پر قابو پالیا پس اس کو شہر بدر کرے قید خانہ میں اس لئے کہ جب قید کیا گیا تو روکا گیا چلنے پھرنے سے زمین پر۔ ابن قتیبہ نے بعض قیدیوں کے بارہ میں یوں کہا۔

شعر:
ہم دُنیا سے نکل گئے حالانکہ ہم دُنیا کے باشندے ہیں
پس ہم قید خانہ میں نہ مُردوں سے ہیں نہ زندوں سے
جب کوئی داروغہ آتا ہے کسی دن کسی ضرورت کیلئے
تعجب کرتے ہیں ہم اور کہتے ہیں کہ آیا ہے دُنیا سے

کیا جب فقط قطع اور اخافت سبیل سے بڑا گناہ مرتکب کبیرہ کا تو کیا حال ہوگا جبکہ مال بھی لوٹ لے یا زخمی کر دے یا قتل کر دے پس تحقیق کیا ارتکاب کئی کبائر کا اس نے جو غالب آگیا اس پر ترک صلوٰۃ اور انفاق اس سے جو انہوں نے شراب میں ناکاری میں وغیرہ ذٰلک۔ دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہر بلاء اور مصیبت سے بچائے۔ (آمین)

الكبيرة الخامسة والعشرون: اليمين الغموس

قال الله تعالىٰ اِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَاَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيْلًا اُولٰٓئِكَ لَا خَلَاقَ لَهُمْ فِى الْاٰخِرَةِ وَلَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ وَلَا يَنْظُرُ اِلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَلَا يُزَكِّيْهِمْ وَلَهُمْ

پچیسواں کبیرہ۔ دربیان یمین غموس، جھوٹی قسم جو لوگ مول لیتے ہیں اللہ تعالیٰ کے قرار پر اور اپنی قسموں پر تھوڑا سا مول اُن کا کچھ حصہ نہیں آخرت میں اور نہ بات کرے گا اُن سے اللہ اور نہ نگاہ کرے گا ان کی طرف قیامت کے دن اور نہ پاک کرے گا اُن کو اور

marfat.com

عَذَابٌ أَلِيمٌ) قال الواحدي (۱) نزلت في رجلين اختصما الى النبي صلى الله عليه وسلم في ضيعة فهم المدعى عليه ان يحلف فانزل الله هذه الاية فنكل المدعى عليه عن اليمين واقر للمدعى بحقه وعن عبد الله (۲) قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من حلف على يمين وهو فيها فاجر ليقطع بها مال امرئ مسلم لقى الله تعالى وهو عليه غضبان فقال الاشعث: فى والله نزلت كان بينى وبين رجل من اليهود ارض فجحدنى فقدمته الى النبي صلى الله عليه وسلم فقال الك بينة قلت لا قال لليهودى احلف قلت يارسول الله انه اذا يحلف فيذهب بمالى فانزل الله تعالى (إِنَّ الَّذِينَ يَشْتَرُونَ بِعَهْدِ اللَّهِ وَأَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيلًا) اي عرضا يسيرا من الدنيا وهو ما يحلفون عليه كاذبين (أُولَٰئِكَ لَا خَلَاقَ لَهُمْ فِي الْآخِرَةِ) اى لا نصيب لهم فى الاخرة (وَلَا يُكَلِّمُهُمُ اللَّهُ) اى بكلام يسرهم (وَلَا يَنْظُرُ

ان کے واسطے عذاب ہے دردناک۔ (آل عمران)

واحدی نے کہاکہ یہ آیت دو آدمیوں کے بارہ میں نازل ہوئی ہے جو لائے اپنی زمین کا جھگڑا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس مُدعا علیہ نے ارادہ کیا کہ جھوٹی قسم کھالے سو اتاری اللہ تعالیٰ نے یہ آیت پس انکار کیا مدعا علیہ نے قسم کھانے او اقرار کیا مُدعی کے حق میں۔

اور عبداللہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص قسم کھاوے اور اس میں جھوٹا ہو تاکہ حاصل کرے ساتھ اس قسم کے مال مسلمان کا تو طے گا اللہ تعالیٰ کو اور وہ اللہ اس پر غضبناک ہوگا۔

اور اشعث نے کہا خدا کی قسم نازل ہوئی یہ آیت میرے حق میں کہ میرے اور ایک یہودی کے درمیان کچھ زمین تھی پس منکر ہوگیا وہ سو لے گیا میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس چنانچہ فرمایا آپ نے کیا تیرے پاس کوئی گواہ ہے؟ میں نے کہا نہیں آپ نے یہودی کو فرمایا کہ تو قسم کھالے میں نے کہا یا رسول اللہ بیشک جب اس نے قسم کھائی تو مال لے جائیگا تو اتاری اللہ تعالیٰ نے یہ آیت مذکورہ۔ یعنی تھوڑا سا مال دنیا سے اور وہ جو قسم کھاتے ہیں اس پر جھوٹوں میں سے ہیں۔ یعنی نہ تو آخرۃ میں اُن کا کوئی حصہ ہوگا نعمتوں میں سے نہ کلام فرماوے گا اللہ تعالیٰ مہربانی سے جس سے کہ وہ شخص خوش ہو اور نہ رحمت کی نظر فرماوے گا اور نہ پاک کرے گا

(۱) تقدمت ترجمته قريبا (۲) رواه خ م، د ت، ه مختصرا اھ
وتفسير الآية فى اخر الحديث من صنيع المؤلف

إِلَيْهِمْ، نظراً يسرهم يعني نظر الرحمة
(وَلَا يُزَكِّيهِمْ) ولا يزيدهم خيراً
ولا يثني عليهم.

وعن عبد الله بن مسعود
قال سمعت رسول الله صلى الله عليه
وسلم يقول: "من حلف على مال
امرئ مسلم بغير حق لقي الله وهو
عليه غضبان، قال عبد الله ثم قرأ
علينا رسول الله صلى الله عليه وسلم
تصديقه من كتاب الله (إِنَّ الَّذِينَ
يَشْتَرُونَ بِعَهْدِ اللَّهِ وَأَيْمَانِهِمْ
ثَمَنًا قَلِيلًا) الى آخر الآية اخرجاه
في الصحيحين وعن ابي امامة
قال كنا عند رسول الله صلى الله عليه
وسلم فقال، من اقتطع حق امرئ
مسلم بيمينه فقد اوجب الله
له النار وحرم عليه الجنة، فقال
رجل وان كان يسيراً يا رسول الله،
قال وان كان قضيباً من اراك اخرجه
مسلم [1] في صحيحه قال حفص بن
ميسرة ما اشد هذا الحديث
فقال اليس في كتاب الله تعالى
(إِنَّ الَّذِينَ يَشْتَرُونَ بِعَهْدِ اللَّهِ

اس کو گناہوں سے۔

عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ سنا میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا جو کسی مسلمان کے مال کو جھوٹی قسم سے کھاتا ہے (تو) ملے گا اللہ تعالیٰ سے کہ اللہ تعالیٰ اس پہ ناراض ہوگا۔

فرمایا عبد اللہ نے پھر پڑھا نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس آیت کو (إن الذین الآیۃ) (صحیحین)

اور ابو امامہ سے مروی ہے کہ ہم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تھے کہ فرمایا آپ نے جو شخص کاٹتا ہے حق کسی مسلمان ساتھ قسم کے بے شک واجب کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر آگ کو اور حرام کرتا ہے جنت کو۔ ایک شخص نے کہا اگرچہ تھوڑی سی چیز بھی ہو یا رسول اللہ فرمایا اگرچہ ٹہنی ہو پیلو (کے درخت) کی (مسلم)

اور مسلم میں یہ بھی ہے کہ کہا حفص بن میسرہ نے کہ اس سے زیادہ سخت کوئی حدیث نہیں ہے پھر فرمایا کیا نہیں ہے کتاب اللہ میں (إنّ الّذینَ الآیۃ)

اور ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے تین آدمی ہیں کہ نہ بات کرے گا اللہ تعالیٰ اُن سے بروز قیامت اور نہ پاک کرے گا ان کو۔ اور ان کے لئے عذاب الیم ہوگا۔ پھر پڑھا آپ نے

[1] س، ه، مالك كلهم من حديث ابي امامة اياس بن ثعلبة الحارثي احمد، ندى

وَاَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيلًا) الآية وعن ابي ذر (۱) عن النبي صلى الله عليه قال ثلاثة لا يكلمهم الله يوم القيامة ولا يزكيهم ولهم عذاب اليم فقرأها رسول الله صلى الله عليه وسلم ثلاث مرات فقال ابوذر خابوا وخسروا يا رسول الله من هم قال، المسبل والمنان والمنفق سلعته بالحلف الكاذب، وقال صلى الله عليه وسلم: الكبائر الاشراك بالله وعقوق الوالدين وقتل النفس واليمين الغموس، اخرجه البخاری (۲) فی صحیحہ والغموس هو الذی یتعمد الکذب فیها سمیت غموسًا لانها تغمس الحالف فی الاثم وقیل تغمسه فی النار (۳)

اس کو تین مرتبہ پس کہا ابوذر رضی اللہ عنہ نے کہ نقصان اور خسارہ پانے والے ہو گئے یا رسول اللہ وہ کون لوگ ہیں؟ آپ نے ارشاد فرمایا دامن یعنی کپڑا وغیرہ کو ٹخنے سے نیچے لٹکانے والا اور احسان جتلانے والا اور اپنا مال جھوٹی قسم کھاکر بیچنے والا۔ اور فرمایا نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے الکبائر۔ الاشراک باللہ۔ اور نافرمانی والدین کی اور قتل کرنا کسی جی کو ناحق۔ اور جھوٹی قسم کھانے والا۔ (اخرجہ بخاری)

والغموس۔ اس کا نام غموس اس لئے ہے کہ قسم اٹھانے والا یا تو گناہوں میں گھس جاتا ہے یا آگ میں داخل کیا جائے گا۔

(فصل)

ومن ذلك الحلف بغير الله عز وجل كالنبی والكعبة والملائكة

فصل

اور اسی سے ہے قسم کھانا بغیر اللہ عزوجل کے مثلاً قسم ہے نبی کی قسم ہے کعبہ کی قسم ہے

(۱) رواہ مسلم د ت، س، ھ

(۲) ت، س من حدیث عبد اللہ بن عمرو بن العاص وقد تقدم مرارًا

(۳) عبارۃ المنذری: تغمس الحالف بها فی الاثم فی الدنیا وفی النار فی الآخرۃ وهی احسن مما هنا مع جمعها قولین فیها۔

marfat.com

والسماء والماء والحياة والامانة وهى
من اشد ما هنا والروح والراس
وحياة السلطان ونعمة السلطان
وتربة فلان .

عن ابن عمر (١) رضى الله عنهما
عن النبى صلى الله عليه وسلم
قال ، ان الله ينهاكم ان تحلفوا بآبائكم
فمن حلف فليحلف بالله او ليصمت
وفى رواية فى الصحيح ، فمن كان
حالفا فلا يحلف الا بالله او ليسكت .

وعن (١) عبد الرحمن بن سمرة
رضى الله عنه قال : قال رسول الله
صلى الله عليه وسلم ، لا تحلفوا
بالطواغى ولا بآبائكم ، رواه مسلم .
الطواغى جمع طاغية وهى الاصنام
ومنه الحديث هذه طاغية دوس
اى صنمهم ومعبودهم ؛ وعن بريدة (٢)
رضى الله عنه قال ؛ قال رسول الله
صلى الله عليه وسلم من حلف
بالامانة فليس منا ، رواه ابوداؤد
وغيره وعنه رضى الله عنه

فرشتوں کی اور قسم ہے آسمان اور قسم ہے پانی کی زندگی
کی اور امانت کی اور یہ سخت ہے اُن سے اور
قسم ہے روح کی سر کی بادشاہ کی زندگی کی اور بادشاہ
کی نعمتوں کی اور قسم ہے فلاں کی قبر کی وغیرہ۔

اور ابن عمرؓ سے روایت ہے فرمایا نبی کریم
صلے اللہ علیہ وسلم نے بے شک اللہ تعالےٰ نے
منع کیا ہے تم کو اس بات سے کہ قسم کھاؤ تم اپنے
باپوں کی پس جو شخص قسم کھاوے اس کو چاہیئے کہ
اللہ کی قسم کھاوے یا چُپ رہے۔

اور ایک روایت میں ہے کہ جو شخص قسم اٹھانا
چاہے تو اس کو چاہیئے کہ خدا کی قسم اٹھاوے یا
خاموش رہے۔ اور عبدالرحمٰن بن سمرہ رضی اللہ عنہ
سے مروی ہے فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم
نے کہ نہ کھاؤ تم قسم ساتھ طواغی کے (یعنی بتوں
کے نام کی) اور نہ اپنے باپوں کی (مسلم)
بریدہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرمایا نبی کریم
صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص قسم اٹھاوے ساتھ
امانت کے پس نہیں وہ ہم سے (ابوداؤد)
اور اُسی سے مروی ہے کہ فرمایا آپؐ نے
جو شخص قسم اٹھاوے کہ میں بیزار ہوں
اسلام سے اگرچہ وہ جھوٹا ہو پھر بھی وہ ہو

(١) كان فى الأصل ابو عبد الرحمن وهو غلط وانما هو عبد الرحمن بن سمرة ابن
حبيب من مسلمة الفتح افتتح سجستان روى له الستة سكن البصرة
مات بها سنة ٥٠ افاده فى التقريب (٢) اى عن بريدة رواه د ، ه والحاكم وقال
صحيح على شرطهما اهـ منه

(۱) قال : قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ، من حلف فقال انی بری من الاسلام فان کان کاذبًا فهو کما قال وان کان صادقًا فلن یرجع الی الاسلام سالمًا ط

وعن ابن عمر رضی الله عنهما انه سمع رجلا یقول والکعبة فقال لا تحلف بغیر الله فانی سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول ، من حلف بغیر الله فقد کفر واشرک
رواه الترمذی وحسنه ابن حبان فی صحیحه والحاکم وقال صحیح علی شرطهم

(۲) قال وفسر بعض العلماء قوله کفر اواشرک علی التغلیظ کما روی عن النبی صلی الله علیه وسلم انه قال " الریاء شرک "

وقال (۳) صلی الله علیه وسلم من حلف فقال فی حلفه واللات والعزی فلیقل لا اله الا الله وقد کان فی الصحابة من هو حدیث عهد

جائے گا۔ جس طرح کہا اس نے اور اگر سچا ہو تو ہرگز نہ لوٹے گا۔ اسلام کی طرف صحیح سالم بھی مکمل۔

ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ میں نے نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم سے سُنا کہ فرمایا جو شخص اللہ کے سوائے کسی دوسرے کی قسم اٹھاوے تحقیق وہ کافر ہو گیا یعنی (اس نے کفر کیا) اور شرک کیا (ترمذی) اور حسن کہا ہے اس کو ابن حبان نے اپنی صحیح میں۔

اور تفسیر کی بعض علمائے نے قولہ کفر اور اشرک۔ کی تغلیظاً جس طرح روایت کیا گیا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا آپ نے (اَلرِّیَاۤءُ شِرْكٌ)

اور فرمایا آپ نے جو شخص قسم اٹھاوے اور کہے قسم ہے لات کی عُزّٰی کی تو اس کو کلمہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کہنا چاہیئے۔

اور چونکہ صحابہ کرام قبل از اسلام ایسی قسموں کے عادی تھے اس لئے بسا اوقات ان کی زبان سے ایسے کلمات نکل جاتے تھے

(۱) ای عن بریدة رواه د ، ه والحاکم وقال صحیح علی شرطهما اه منه

(۲) وسکت علی ذلك المنذری فی ترغیبه لکن قال المصنف فی الصغری۔ اسناده علی شرط مسلم وساقه من حدیث الحسن بن عبید الله النخعی عن سعد بن عبیدة فتامل

(۳) قال فی الصغری :۔ متفق علیه یعنی رواه خ م

بالحلف بها قبل اسلامه فربما سبق
لسانه الى الحلف بها فأمره النبي
صلى الله عليه وسلم ان يبادر
يقول لا اله الا الله ليكفر بذلك
ما سبق الى لسانه وبالله
التوفيق ۔

تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو حکم فرمایا کہ
اگر کوئی شخص ایسا کلمہ کہہ دے تو فوراً لَا اِلٰہَ اِلَّا
اللہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہنا
چاہیئے تاکہ اس کا کفارہ ہو جاوے جو اس کی زبان
سے نکل گیا تھا۔

(وَبِاللّٰہِ التَّوْفِیْقُ)

الكبيرة السادسة والعشرون: الظلم

بأكل اموال الناس واخذها
ظلما وظلم الناس بالضرب و
الشتم والتعدى والاستطالة
على الضعفاء قال الله تعالى :
﴿وَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ غَافِلًا عَمَّا
يَعْمَلُ الظَّالِمُونَ إِنَّمَا يُؤَخِّرُهُمْ
لِيَوْمٍ تَشْخَصُ فِيهِ الْأَبْصَارُ
مُهْطِعِينَ مُقْنِعِي رُءُوسِهِمْ لَا يَرْتَدُّ
إِلَيْهِمْ طَرْفُهُمْ وَأَفْئِدَتُهُمْ هَوَاءٌ
وَأَنذِرِ النَّاسَ يَوْمَ يَأْتِيهِمُ الْعَذَابُ
فَيَقُولُ الَّذِينَ ظَلَمُوا رَبَّنَا أَخِّرْنَا
إِلَىٰ أَجَلٍ قَرِيبٍ نُّجِبْ دَعْوَتَكَ
وَنَتَّبِعِ الرُّسُلَ أَوَلَمْ تَكُونُوا
أَقْسَمْتُم مِّن قَبْلُ مَا لَكُم مِّن زَوَالٍ
وَسَكَنتُمْ فِي مَسَاكِنِ الَّذِينَ
ظَلَمُوا أَنفُسَهُمْ وَتَبَيَّنَ لَكُمْ كَيْفَ

چھبیسواں کبیرہ، در بیان ظلم

لوگوں کا مال بطور ظلم کے لینا کھانا کمزور آدمی کو
گالیاں دینا مارنا دست درازی کرنا وغیرہ

قولہ تعالیٰ: ۔ اللہ ہرگز مت خیال کر کہ اللہ بے خبر ہے
اُن کاموں سے جو کرتے ہیں بے انصاف اُن کو
تو ڈھیل دے رکھی ہے اس دن کے لئے کہ پتھرا
جائیں گی آنکھیں۔ دوڑتے ہوں گے اوپر اٹھائے
اپنے سر پھر کر نہیں آئیں گی اُن کی طرف اُن کی
آنکھیں اور دل اُن کے اُڑ گئے ہوں گے۔ اور
ڈرا دے لوگوں کو اُس دن سے کہ آئیگا اُن پر
عذاب تب کہیں گے ظالم اے رب ہمارے
مہلت دے ہم کو تھوڑی مدت تک کہ ہم قبول
کرلیں تیرے بلانے کو اور پیروی کرلیں رسولوں
کی کیا تم پہلے قسم نہ کھاتے تھے کہ تم کو نہیں دنیا
سے ٹلنا اور آباد تھے تم بستیوں میں انہیں

marfat.com

فَعَلْنَا بِهِمْ وَضَرَبْنَا لَكُمُ الْاَمْثَالَ)
وقال الله تعالى (اِنَّمَا السَّبِيْلُ
عَلَى الَّذِيْنَ يَظْلِمُوْنَ النَّاسَ) وَقَالَ
تعالى (وَسَيَعْلَمُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا
اَيَّ مُنْقَلَبٍ يَّنْقَلِبُوْنَ) (۱) وقال
صلى الله عليه وسلم ان الله ليملى
للظالم حتى اذا اخذه لم يفلته ثم قرا
رسول الله صلى الله عليه وسلم
(وكذلك اَخْذُ رَبِّكَ اذا اخذ
القُرٰى وهى ظالمة ان اخذه
اليم شديدٌ) وقال (۲)
صلى الله عليه وسلم من
كانت عنده مظلمة لاخيه من
عرض اوشى فليتحلله اليوم من قبل
ان لا يكون دينار ولا درهم ان كان
له عمل صالح اخذ منه بقدر مظلمته
فان لم يكن له حسنات اخذ من
سيئات صاحبه فحمل عليه.
وقال صلى الله عليه وسلم (۳)
عن ربه تبارك وتعالى انه قال
"يا عبادى انى حرمت الظلم على نفسى

لوگوں کی جنہوں نے ظلم کیا اپنی جان پر اور کھل
چکا تھا تم کو کہ کیسا کیا ہم نے اُن سے اور بتلائے
ہم نے تم کو سب قصے۔ (ابراہیم)
اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے (اِنَّمَا السَّبِيْلُ
عَلَى الَّذِيْنَ يَظْلِمُوْنَ النَّاسَ) (ترجمہ گذر چکا ہے
(شوریٰ)
اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے۔ اور اب معلوم کریں گے ظلم
کرنے والے کہ کس کروٹ اُلٹتے ہیں (شعراء)
اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بیشک اللہ تعالےٰ
ڈھیل دیتا ہے ظالم کو یہاں تک کہ جب پکڑتا ہے
اس کو تو نہیں مہلت دیتا اور پھر پڑھا آپ نے
اس آیت کو وکذلک اخذ ربک (الآیۃ)
اور فرمایا آپ نے کہ جس شخص پاس ہو ظلم کی کوئی چیز
بھائی کی طرف سے سامان سے یا کوئی اور چیز تو چاہیئے کہ
حلال کروالے اس سے قبل کہ نہ ہوگا اس کے پاس کوئی
دینار نہ درہم۔ اور اگر کچھ نیک اعمال ہوں گے تو اس سے
لے لئے جائیں گے بقدر ظلم کے اور اگر اس کے پاس
کوئی نیکی نہ رہی گی تو مظلوم کی برائیاں لیکر اس پر رکھ
دی جائیں گی۔
اور فرمایا نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اللہ تعالیٰ کی طرف
سے۔ بیشک فرمایا اللہ تعالیٰ نے۔ اے میرے بندو!

(۱) رواه م، ت من حديث ابى موسى الاشعرى قاله المنذرى
(۲) رواه خ، ت من حديث ابى هريرة اه منذرى
(۳) رواه مسلم والترمذى وهو من حديث ابى ذر الطويل۔

marfat.com

وجعلته بينكم محرما فلا تظالموا، و
قال (۱) رسول الله صلى الله عليه وسلم
اتدرون من المفلس قالوا يا رسول الله
المفلس فينا من لا درهم له ولا متاع
فقال ان المفلس من امتي من ياتي يوم
القيامة بصلاة وزكاة وصيام
وحج فياتي وقد شتم هذا وقذف
هذا وأخذ مال هذا ونبش عن عرض
هذا وضرب هذا وسفك دم هذا
فيؤخذ لهذا من حسناته ولهذا
من حسناته فان فنيت حسناته قبل
ان يقضي ما عليه اخذ من خطاياهم
فطرح عليه ثم طرح في النار، وهذه
الاحاديث كلها في الصحاح (۲)
وتقدم حديث " ان رجالا يتخوضون
في مال الله بغير حق فلهم النار
يوم القيامة، وتقدم قوله (۳)
لمعاذ حين بعثه الى اليمن، و
اتق دعوة المظلوم فانه ليس
بينها وبين الله حجاب (۴) و
في الصحيح، من ظلم قيد شبر
من الارض طوقه من سبع ارضين

تحقیق میں نے اپنے اوپر ظلم کرنا حرام کیا ہے تو تمہارے
درمیان بھی حرام کیا گیا ہے لہذا تم آپس میں ظلم نہ کیا کرو۔
اور فرمایا آپ نے کہ کیا تم جانتے ہو کہ مفلس کون
ہے؟ عرض کیا یا رسول اللہ مفلس وہ ہے کہ نہ درہم
ہو اس کے پاس اور نہ کوئی سامان وغیرہ آپ نے
فرمایا بے شک مفلس میری امت سے وہ ہے کہ
آوے قیامت کے دن نماز اور زکوٰۃ اور روزہ اور
حج کے ساتھ اور آیا ہوگا اس حالت میں کہ گالیاں دیں
اس کو تہمت لگائی اس کو اور مال کھایا اس کا اور اس
کا سامان لیا اور اسکو مارا اور اس کا خون بہایا پھر لی جائیں
گی اس کی نیکیاں اُن کے لئے پھر اگر ختم ہو گئیں نیکیاں
اس کی قبل ازیں کہ پورا کیا جاوے جو کچھ اس کے ذمہ
تھا تو لی جائیں گی اُن کی برائیاں اور ڈالی جائیں گی
اس پر اور پھر پھینکا جائے گا آگ میں اور یہ تمام احادیث
صحاح میں ہیں اور پیشتر ایک حدیث گزر چکی ہے
کہ بعض لوگ دست درازی کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کے مال
میں ناحق تو ان کے لئے آگ ہے قیامت کے دن اور
گذر چکا فرمان آپ کا جو فرمایا معاذ بن جبل کو فرمایا جبکہ
بھیجا آپ نے اس کو طرف یمن کے (کہ) بچ بددعا
مظلوم سے کیونکہ اس کے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان
کوئی حجاب نہیں ہے اور صحیح میں ہے کہ جو شخص بطور
ظلم کے بقدر ایک بالشت کے کسی کی زمین لے گا

(۱) رواه مسلم، ت من حديث ابي هريرة (۲) تقدم في الثمار رواه خ
(۳) رواه خ، م، ى حديث طويل عن ابن عباس
(۴) رواه خ، م، من حديث عائشة وشواهده كثيرة كما في المنذرى

marfat.com

يوم القيامة"
وفي بعض الكتب يقول الله تعالى
اشتد غضبي على من ظلم من لم
يجد له ناصرا غيري وانشد
بعضهم :

لا تظلمن اذا ما كنت مقتدرا
فالظلم ترجع عقباه الى الندم
تنام عيناك والمظلوم منتبه
يدعو عليك وعين الله لم تنم

وكان بعض السلف يقول لا تظلم
الضعفاء فتكون من اشرار الاقوياء
وقال ابو هريرة مكتوب في التوراة
ينادي مناد من وراء الجسر يعني
الصراط يا معشر الجبابرة الطغاة
ويا معشر المترفين الاشقياء ان الله
يحلف بعزته وجلاله ان لا يجاوز
هذا الجسر اليوم ظالم - عن جابر
(1) قال لما رجعت مهاجرة الحبشة
عام الفتح الى رسول الله صلى الله
عليه وسلم قال: الا تخبروني
باعجب ما رأيتم بارض الحبشة فقال
فتية كانوا منهم بلى يا رسول الله

تو ساتوں زمین کا طوق بنا کر اللہ تعالیٰ اس کے گلے
میں ڈالے گا قیامت کے دن ۔
اور بعض کتابوں میں آیا ہے کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے
کہ سخت ہوتا ہے میرا غصہ اس پر جو ظلم کرے
ایسے آدمی پر جس کا حمایت کرنے والا میرے
بغیر کوئی نہ ہو۔ (شعر)

ہرگز نہ ظلم کرنا جبکہ تو طاقت ور ہو
پس ظلم لوٹتی ہے اس کے پیچھے ندامت
تیری آنکھیں سوتی ہیں اور مظلوم جاگتا ہے
بددعا کرتا ہے تیرے اوپر اور خدا کی آنکھ نہیں سوتی

اور بعض بزرگوں نے فرمایا ہے کہ نہ ظلم کر
کمزوروں پر ورنہ ہوگا تو بدترین طاقتوروں سے
ابوہریرہؓ سے مروی ہے کہ توراۃ میں لکھا ہوا ہے
کہ منادی کرے گا ندا کرنے والا کہ پیچھے پل صراط کے ورے
کہ اے جباروں سرکشوں کی جماعت اے بدبخت
امراء کی جماعت بے شک اللہ تعالیٰ قسم کھاتے ہیں
اپنی عزت کی اور جلال کی کہ نہ گذرے گا کوئی ظالم
اس پل پر سے آج ۔
اور حضرت جابرؓ سے مروی ہے کہ جب واپس آئے
مہاجرین حبشہ سے فتح مکہ والے سال نبی کریم علیہ الصلوٰۃ
والسلام کی طرف تو فرمایا آپ نے کیا بات تھی جو
حبشہ میں تم نے دیکھی تھی کیا مجھے نہیں بتلاتے؟ ایک

(1) عزى المرفوع منه في الجامع الصغير الى ابن ماجه وابن حبان في صحيحه وصححه
وذكر بعض شاهدا له من حديث بريدة عند ابي يعلى والبيهقي ورقم عليه بالصحة ايضا

بینما نحن یوما جلوس اذا مرت بنا
عجوز من عجائزهم تحمل علی راسها
قلة من ماء فمرت بفتی منهم فجعل
احدی یدیه بین کتفیها ثم دفعها
فخرت المرأة علی رکبتیها وانکسرت
قلتها فلما قامت التفتت الیه ثم
قالت سوف تعلم یا غادر اذا
وضع الله الکرسی وجمع الله الاولین
والآخرین وتکلمت الایدی والارجل
بما کانوا یکسبون سوف تعلم من امری
وامرک عنده غدًا قال فقال رسول
الله صلی الله علیه وسلم: "صدقت
کیف یقدس الله قومًا لا یؤخذ
من شدیدهم لضعیفهم"

اذا الظلوم استوطا الظلم مرکبا
ولج عتوا فی قبیح اکتسابه
فکله الی صرف الزمان وعدله
سیبدو له مالم یکن فی حسابه

وروی عن النبی صلی الله علیه و
سلم انه قال: خمسة غضب الله
علیهم ان شاء امضی غضبه علیهم
فی الدنیا والا امر بهم فی الآخرة الی
النار: امیر قوم یاخذ حقه
من رعیته ولا ینصفهم من نفسه
ولا یدفع الظلم عنهم وزعیم

جوان جو اُن میں سے تھا۔ اس نے کہا ہاں یا رسول اللہ
ایک دن ہم بیٹھے تھے کہ اچانک ایک بڑھیا سر پر گھڑا
پانی کا لیکر گذری تو ایک لڑکے نے اس کے دونوں
کندھوں کے درمیان ہاتھ سے دھکا دیا جسکی وجہ سے
وہ گھٹنوں کے بل گر پڑی اور گھڑا بھی ٹوٹ گیا پھر جب
وہ کھڑی ہوئی تو اس کی طرف متوجہ ہوکر کہا کہ عنقریب
تجھے معلوم ہوجائے گا اے غادر جبکہ رکھے گا اللہ تعالیٰ
اپنی کرسی اور جمع کرے گا پہلوں اور پچھلوں کو اور
بولیں کے ہاتھ اور پاؤں جن سے وہ کام کرتا تھا عنقریب
تجھے پتہ چل جائے گا میرے اور تیرے معاملے کا
اس کے پاس کل کو۔ پھر فرمایا نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام
نے سچ کہا اس بڑھیا نے کس طرح پاک کرے
گا اللہ تعالیٰ ایسی قوم کو جو نہ لے بدلہ زبردستوں
سے کمزوروں کے لئے) (شعر)

جب ظالم سوار ہوتا ہے ظلم کی سواری پر
اور گھستا ہے بطور ظلم کے بُرے کاموں میں
پس سونپ دے اس کو حوادث زمانہ اور عدل کی طرف
عنقریب ظاہر ہوجائیگا اس ظلم کیلئے جو کچھ اسکے گمان میں نہ تھا

اور روایت کیا گیا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے
فرمایا آپ نے پانچ آدمی ہیں جن پر خدا کا غضب
ہوگا اگر چاہتے تو وہ دنیا میں پورا فرما دے ورنہ حکم
کرے گا آخرت میں دوزخ کی طرف کا۔ قوم کا امیر
جو رعیت سے تو اپنا حق لے اور نہ انصاف کرے
اپنی طرف سے اُن میں اور نہ دفع کرے اُن سے
ظلم کو۔ ذمہ دار قوم کا جو اس کی اطاعت کرتی

قوم يطيعونه ولا يساوى بين القوى
والضعيف ويتكلم بالهوى ورجل
لا يأمر اهله وولده بطاعة الله
ولا يعلمهم امر دينهم ورجل
استاجر اجيرا فاستوفى منه العمل
ولم يوفه اجرته ورجل ظلم امرأة
صداقها۔

وعن عبد الله بن سلام قال ان
الله تعالى لما خلق الخلق واستووا
على اقدامهم رفعوا رءوسهم
الى السماء وقالوا يا رب مع من انت
قال مع المظلوم حتى يؤدى اليه
حقه وعن وهب بن منبه قال
بنى جبار من الجبابرة قصرا وشيده
فجاءت عجوزة فقيرة فبنت الى جانبه
كوخا تأوى اليه فركب الجبار يوما
وطاف حول القصر فرأى الكوخ
فقال لمن هذا فقيل لامرأة فقيرة
تأوى اليه فامر به فهدم فجاءت
العجوزة مهدوما فقالت من هدمه
فقيل الملك رآه فهدمه فرفعت
العجوزة راسها الى السماء وقالت يا
رب اذا لم اكن انا حاضرة فاين
كنت انت قال فامر الله جبريل ان
يقلب القصر على من فيه فقلبه

ہو اور وہ نہیں انصاف کرتا کمزور اور زبردست کے
درمیان اور خواہشات کی باتیں کرتا ہے اور آدمی
جو نہ حکم کرے اپنے گھر والوں کو اللہ کی اطاعت کا
اور نہ ان کو دین سکھاوے۔ اور آدمی جو مزدور سے
کام تو کرالے پورا لیکن اس کو مزدوری نہ دے۔
اور آدمی جو ظلم کرے اپنی عورت پر مہر میں
(یعنی نہ دے)

عبداللہ بن سلام سے مروی ہے کہ بے شک جب
پیدا فرمایا اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوق کو اور کھڑے ہو گئے
اپنے قدموں پر تو انہوں نے آسمان کی طرف منہ
اٹھا کر کہا یا رب کون ہیں وہ لوگ جن کے ساتھ
تو ہے تو فرمایا اللہ تعالیٰ نے مظلوم کے ساتھ یہاں
تک کہ اس کا حق ادا کر دیا جائے اور وہب بن
منبہؓ سے مروی ہے کہ ایک ظالم بادشاہ نے اپنا محل
بہت پختہ بنایا اور ایک غریب عورت نے بھی
اس کے پہلو میں ایک کٹیا سی بنالی چنانچہ ایک دن
وہ جابر بادشاہ آیا اور جب دیکھا تو دریافت کیا کہ یہ کٹیا
کس نے بنائی ہے بتلایا گیا کہ یہ ایک غریب عورۃ نے
بنائی ہے تو اس نے حکم دیا کہ اس کو گرادو چنانچہ گرادی
گئی پھر جب وہ غریب عورت آئی اور دیکھا تو پوچھا کہ
اس (میری کٹیا) کو کس نے گرایا ہے لوگوں نے کہا کہ
بادشاہ نے گروائی ہے تو اس نے آسمان کی طرف
منہ کر کے کہا یا اللہ جب میں یہاں موجود نہ تو تُو
کہاں تھا کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے جبریل علیہ السلام
کو حکم دیا کہ اس (بادشاہ کے محل) کو الٹا دے بمع

marfat.com

وقیل لما حبس خالد بن برمك و
ولده قال یا ابتی بعد العز صرنا
فی القید والحبس فقال یا بنی دعوة
المظلوم سرت بلیل غفلنا عنها ولم
یغفل الله عنها وکان یزید بن حکیم
یقول ما هبت احدًا قط هیبتی
رجلا ظلمته وانا اعلم انه لا ناصر
له الا الله یقول لی: حسبی الله والله
بینی وبینك.

وحبس الرشید ابا العتاهیة
الشاعر فکتب الیه من السجن
هذین البیتین شعرا:

اما والله ان الظلم شوم
ومازال المسیء هو الظلوم
ستعلم یا ظلوم اذا التقینا
غدًا عند الملیك من الملوم

وعن ۱ ابی امامة قال یجئ
الظالم یوم القیامة حتی اذا کان
علی جسر جهنم لقیه المظلوم وعرفه
ما ظلمه به فما یبرح الذین
ظلموا بالذین ظلموا حتی ینزعوا
ما بایدیهم من الحسنات فان لم یجدوا

اس سے چھین لیے جو کچھ اس میں ہے چنانچہ اس کے محل کو اٹھا دیا۔
اور کہتے ہیں کہ جب خالد برمک کو قید کیا گیا اور اس کا لڑکا
بھی تو لڑکے نے کہا کہ ابّا جی عزت کے بعد قید میں
آگئے تو جواب دیا بیٹا مظلوم کی دعا رات کو چلی اور ہم
اس سے غافل تھے اور اللہ اس سے غافل نہ تھا۔
یزید بن حکیم کہتا تھا کہ میں کسی ایک سے بھی نہیں ڈرتا
ہرگز مثل ڈرنے میرے کے اس مظلوم سے جس کو میں
جانتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے بغیر اس کا کوئی مددگار نہیں
ہے اور کہے مجھے حَسْبِیَ اللہ اور اللہ تیرے اور میرے درمیان ہے۔
اور قید کیا رشید نے ابو العتاہیہ کو جو شاعر
تھا تو اس نے قید خانہ میں سے اس کی طرف یہ
دو شعر لکھ کر بھیجے۔ (شعر)

خبردار ظلم بہت بُرا ہے
اور ہمیشہ بُرا جو ہے ظالم ہے
عنقریب جان لے گا اے ظالم
جب ملیں گے ہم کل بادشاہوں کے بادشاہ کے پاس

ابو امامہ سے مروی ہے کہ آئے گا ظالم قیامت
کے دن یہاں تک کہ جب پلصراط پر آئیگا تو مظلوم
اس کو ملے گا اور بتلائے گا اسکو جو کچھ اس نے ظلم کیا تھا
اس کے ساتھ پس مظلوم اس ظالم کو نہ چھوڑے گا یہاں
تک کہ کھینچ لیگا اس کی نیکیاں جو اس کے پاس
ہوں گی پھر اگر کوئی نیکی نہ رہے گی اس کے پاس تو

۱. رواه الطبرانی فی الاوسط من حدیث ابی امامة مرفوعًا ورواته مختلف
فی توثیقهم قاله المنذری

marfat.com

لهم حسنات حملوا عليهم من سيئاتهم مثل ما ظلموهم حتى يردوا الى الدرك الأسفل من النار۔

وعن (۲) عبد الله بن انيس قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول يحشر العباد يوم القيامة حفاة عراة غرلا بهما فينادیهم مناد بصوت يسمعه من بعد كما يسمعه من قرب انا الملك الديان لا ينبغي لاحد من اهل الجنة ان يدخل الجنة او احد من اهل النار ان يدخل النار وعنده مظلمة الا ان اقصه حتى اللطمة فما فوقها ولا يظلم ربك احدًا۔ وجاء عن (۳) النبي صلى الله عليه وسلم انه قال من ضرب سوطا ظلما اقتص منه يوم القيامة ومما ذكر ان كسرى اتخذ مؤدبا لولده يعلمه ويؤدبه حتى اذا بلغ الولد

رکھی جائیں گی اس پر مظلوم کی برائیاں جتنا کہ اس نے سی پر ظلم کیا ہوگا یہاں تک کہ ڈالے گا اسکو دوزخ کے نچلے طبقے میں۔

عبد اللہ بن انیس سے مروی ہے کہ سنا میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا اٹھیں گے لوگ قیامت کے دن ننگے پاؤں ننگے بدن اور غیر مختون پھر منادی کرنے والا ندا دے گا ایسی کہ دُور اور نزدیک والے یکساں سُن لیں گے اور منادی یہ ہوگی (منجانب اللہ) کہ میں مَلِکُ الدَّیان ہوں اور نہیں لائق کسی ایک شخص کے لئے کہ جنت یا دوزخ میں داخل ہونا جب تک کہ اس پر کوئی ظلم موجود ہو یہاں تک کہ اس کا بدلہ دلواؤں گا میں حتٰی کہ طمانچہ مارنے کا یا کم وبیش کا اور تیرا رب نہیں ظلم کرتا کسی پر ہم نے کہا یا رسول اللہ کس طرح ہوگا اس حال میں کہ ننگے بدن اور ننگے پاؤں ہوں گے آپ نے فرمایا نیکیوں کے ساتھ اور برائیوں کے ساتھ بدلہ ہوگا اور تیرا رب کسی پر ظلم نہیں کرتا۔

اور فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کوڑا

(۱) رواه احمد باسناد حسن قاله المنذری وعزاه ابن القيم فی صواعقه الى ابی يعلى الموصلی فی مسنده والبخاری فی الأدب المفرد والضياء فی المختارة والطبرانی فی المعجم والسنة وغيرهم وحسن اسناده وهو من رواية همام ابن يحيى عن القاسم بن عبد الواحد عن عبد الله بن محمد بن عقيل عن جابر فی رحلته الى الشام الى عبد الله بن انيس فذكره وعلقه خ فی اول صحيحه مجزوما به و فی آخره بلفظ ويذكر عن جابر الخ

(۲) رواه البزار والطبرانی باسناد حسن من حديث ابی هريرة قاله المنذری۔

الغاية في الفضل والأدب استحضره
المؤدب يوما وضربه ضربا شديدا
من غير جرم ولا سبب فحقد الولد
على المعلم الى ان كبر ومات ابوه فتولى
الملك بعده فاستحضر المعلم
وقال له : ما حملك على ان ضربتني
في يوم كذا وكذا ضربا وجيعا من
غير جرم ولا سبب فقال المعلم اعلم
ايها الملك انك لما بلغت الغاية
في الفضل والادب علمت انك
تنال الملك بعد ابيك فاردت ان
اذيقك الم الضرب والم الظلم حتى
لا تظلم احدا فقال جزاك الله خيرا
ثم امر له بجائزة وصرفه .

ومن الظلم اخذ مال اليتيم
وتقدم (١) حديث معاذ بن
جبل حين قال له رسول الله واتق
دعوة المظلوم فانه ليس بينها
وبين الله حجاب وفي رواية (٢)
ان دعاء المظلوم يرفع فوق الغمام
ويقول الرب تبارك وتعالى وعزتي

مارے کسی کو بطور ظلم کے بدلا لیا جائے گا اس سے قیامت
کے دن اور اسی طرح کہا جاتا ہے کہ کسریٰ بادشاہ نے
اپنے بیٹے کے لئے ایک استاد مقرر کیا جو اس کو
پڑھاتا تھا یہاں تک کہ جب وہ لڑکا جوان ہو گیا اور
علم و فضل میں تکمیل کر لی تو استاد نے ایک دن
اس کو بلا کر خوب مارا بغیر کسی جرم کے تو لڑکے نے
یہ بات اپنے دل میں رکھ لی یہاں تک کہ اس کا باپ
مر گیا اور وہ باپ کی جگہ تخت نشین ہوا تو اس نے استاد
کو بلا کر دریافت کیا کہ ہاں جی اس دن جو آپ نے بلا وجہ
مجھے مارا تھا کیا بات تھی ؟ استاد نے جواب دیا کہ
اے بادشاہ میں جانتا تھا کہ عالم اور فاضل بننے
کے بعد اپنے والد کی جگہ تخت نشین بنے گا تو میں
نے چاہا کہ تجھے مار اور ظلم کا مزہ چکھا دوں تاکہ تو
کسی پر ظلم نہ کرے بادشاہ نے کہا خدا تجھے جزا خیر
دے پھر حکم دیا اس کیلئے انعام دینے کا اور رخصت کر دیا
اور یہ ظلم ہے یتیم کا مال کھانا . اور پہلے حدیث
گذر چکی ہے معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ والی کہ فرمایا
اس کو نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کہ بچ بدعائے
مظلوم سے کیونکہ اس میں اور اللہ کے درمیان
کوئی حجاب نہیں ہے اور ایک روایت میں
یوں ہے کہ مظلوم کی دعا بادلوں سے اوپر اٹھائی

(١) تقدم قريبا انظر (خ ، م ، د ، س ، من حديث ابن عباس .
(٢) رواها احمد في حديث لأبي هريرة و(ت) وحسنه ، (هـ) ، وابن خزيمة وابن حبان في صحيحهما قاله المنذري .

وجلالی لانصرنک ولو بعد حین و
نشدوا شعرًا :

توق دعا المظلوم ان دعاءه
لیرفع فوق السحب ثم یجاب
توق دعا من لیس بین دعائه
وبین الله العالمین حجاب
ولا تحسبن الله مطرحًا له
ولا انه یخفی علیه خطاب
فقد صح ان الله قال وعزتی
لانصرن المظلوم وهو مثاب
فمن لم یصدق ذا الحدیث فانه
جهول والا عقله فمصاب

فصل

ومن اعظم الظلم المماطلة بحق
علیه مع قدرته علی الوفاء لما ثبت
فی الصحیحین ان رسول الله صلی
الله علیه وسلم قال مطل الغنی
ظلم وفی روایة لی الواجد ظلم یحل
عرضه وعقوبته ای یحل شکایته
وحبسه.

فصل

ومن الظلم ان یظلم المرأة حقها
من صداقها ونفقتها وکسوتها وهو

جاتی ہے اور اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میری عزت وجلال کی قسم کہ میں ضرور مدد کرونگا تیری اگرچہ کچھ دیر کے بعد ہو۔ (اشعار)

بچ تو مظلوم کی بد دعا سے اگر وہ بد دعا کرے
البتہ اُٹھے گی اُوپر بادلوں کے اور پھر قبول ہو جائیگی
بچ تو بد دعا اس کی سے کہ نہیں ہے اس کی
دعا اور اللہ تعالیٰ میں بیچ حجاب (پردہ)
اور ہرگز نہ گمان کر تو اللہ کے متعلق کہ وہ پھینکنے والا
ہے مظلوم کو۔ اور نہ یہ کہ اس پر پوشیدہ ہے کوئی بات
بیشک ثابت ہو چکی ہے یہ بات کہ کہا اللہ نے مجھے اپنی
عزت کی قسم ضرور مدد کرونگا میں مظلوم کی اور وہ بدلہ دلایا
جائیگا۔ اور جو نہ سچا جانے اس حدیث کو پس
بے شک وہ جاہل ہے اور اگر نہ تو پاگل ہے۔

فصل

بڑے مظالم میں سے ہے ڈھیل کرنا اس کے حق میں باوجود قدرت پورا کرنے کے۔ صحیحین میں ثابت ہے بے شک نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ڈھیل کرنا ادائیگی حق میں غنی کا ظلم ہے۔ اور ایک روایت میں ہے وسعت والے کیلئے ظلم ہے دیر کرنا ادائیگی حقوق میں حلال ہو جاتی ہے عزت اس کی اور سزا اس کی یعنی جائز ہو جاتی ہے اس کی شکایت کرنا اور بند کرنا۔

اور ارشاد پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔
سستی کرنا غنی کا ظلم ہے حلال ہے اسباب اسکا اور تکلیف دینا اس کو۔ اور ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے

marfat.com

داخل فی قوله صلی الله علیه وسلم لی الواجد ظلم یحل عرضه وعقوبته

وعن ابن مسعود رضی الله عنه قال یؤخذ بید العبد او الامة یوم القیامة فینادی به علی رءوس الخلائق هذا فلان ابن فلان من کان له علیه حق فلیأت الی حقه قال فتفرح المرأة ان یکون لها حق علی ابیها او اخیها او زوجها ثم قرأ (فلا انساب بینهم یومئذ ولا یتساءلون) قال فیغفر الله من حقه ما شاء ولا یغفر من حقوق الناس شیئا فینصب العبد للناس ثم یقول الله تعالی لاصحاب الحقوق ائتوا الی حقوقکم قال فیقول الله تعالی للملائکة خذوا من اعماله الصالحة فاعطوا کل ذی حق حقه بقدر طلبته فلن کان ولیا لله وفضل له مثقال ذرة ضاعفها الله تعالی له حتی یدخله الجنة بها وان کان عبدا شقیا ولم یفضل له شیء فتقول الملائکة ربنا فنیت حسناته وبقی طالبوه فیقول الله خذوا من سیئاتهم فاضیفوها الی سیئاته ثم صك له صکا الی النار ویؤید ذلك ما تقدم

مروی ہے کہ پکڑا جائے گا آدمی قیامت کے دن غلام یا لونڈی کے ہاتھ میں پھر منادی کی جائے گی تمام مخلوقات کے سامنے کہ یہ فلاں بن فلاں ہے جس کا حق ہو اس کے اوپر بس آجائے وہ اپنا حق وصول کرنے کیلئے فرمایا پھر خوش ہوگی عورت جس کا حق ہوگا باپ پر یا بھائی پر یا خاوند پر پھر پڑھا آپ نے فَلَآ اَنْسَابَ بَیْنَهُمْ یَوْمَئِذٍ وَّلَا یَتَسَآءَلُوْنَ ۝ یعنی نہ کوئی رشتہ ہوگا آج کے دن اور نہ کوئی پوچھے گا۔

فرمایا پھر معاف فرمادے گا اللہ تعالیٰ اپنے حقوق سے جو چاہیگا اور نہ معاف کرے گا لوگوں کے حقوق سے کچھ بھی پھر کھڑا رہے گا بندہ لوگوں کیلئے سو فرمادے گا اللہ تعالیٰ حقوق والوں کو کہ آؤ اپنے حقوق کیطرف پھر کہے گا اللہ تعالیٰ فرشتوں سے کہ اس کی نیکیاں لیکر صاحب حق کو بقدر اُن کے مطالبہ کے دیدو پھر اگر وہ اللہ تعالیٰ کا ولی ہوگا اور اگر بچ گئی اس کی نیکی تھوڑی سی بھی تو بڑھا دے گا اللہ تعالیٰ اس کو یہاں تک کہ داخل کردے گا اس کو جنت میں اور اگر ہوگا وہ بدبخت اور نہ بچی اس کی کوئی نیکی تو کہیں گے فرشتے اے ہمارے پروردگار ختم ہو چکی ہیں اس کی نیکیاں اور حقوق طلب کرنے والے ابھی باقی ہیں پھر حکم دیگا باری تعالیٰ کہ ان کی برائیاں لیکر اس کے اوپر ڈال دو۔ پھر دوزخ میں پھینک دو۔

اور تائید کرتی ہے اس کی وہ جو پیشتر گذر چکی ہے حدیث پاک نبی پاک نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی کہ آپ نے فرمایا کیا جانتے ہو تم کہ مفلس کون

(۱) من قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم
اتدرون من المفلس فذکر ان المفلس
من امتہ من یأتی یوم القیامۃ
بصلاۃ وزکاۃ وصیام ویاتی
وقد شتم ھذا وضرب ھذا
واخذ مال ھذا فیؤخذ لھذا من
حسناتہ ولھذا من حسناتہ فان فنیت
حسنتہ قبل ان یقضی ما علیہ اخذ
من خطایاھم فطرحت علیہ ثم طرح
فی النار"

فصل

ومن الظلم ان یستاجر اجیرا او
انسانا فی عمل ولا یعطیہ اجرتہ
لما ثبت فی صحیح البخاری ان رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ، قال
یقول اللہ تعالی وثلاثۃ انا خصمھم
یوم القیامۃ ومن کنت خصمہ
خصمتہ :-
رجل اعطی بی ثم غدر ورجل باع
حرا فاکل ثمنہ ورجل استاجر
اجیرا فاستوفی منہ العمل ولم
یعطہ اجرتہ ، وکذلک اذا ظلم

ہے ؟ پھر آپ نے خود ہی ارشاد فرمایا کہ میری اُمّت
کا مفلس وہ ہے جو آوے قیامت کے دن ساتھ
نماز کے زکوٰۃ کے روزہ کے اور آوے اس حال
میں کہ کسی کو گالی دی ہو اور کسی کو مارا تھا اور کسی
کا مال کھایا تھا پھر لی جائیں گی اس کی نیکیاں اس
سے پھر اگر نیکیاں ختم ہو گئیں پیشتر ازیں کہ پورا
کیا جائے ہر ایک کا حق تو اُن کی برائیاں اس پر رکھ
کر دوزخ میں پھینکا جائے گا۔

فصل

اور مظالم میں سے یہ بھی ہے کہ مزدوری کرا دے
مزدور سے یا کسی آدمی سے کسی کام میں اور نہ دے
اس کو اس کی اُجرت (مزدوری) اس لئے ثابت
ہے صحیح بخاری میں کہ فرمایا نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام
نے کہ ارشاد ہے باری تعالیٰ کا کہ میں تین آدمیوں
کی طرف سے جھگڑوں گا قیامت کے دن اور
جس کی طرف سے میں جھگڑوں گا میں غالب ہونگا۔
۱ ایک وہ آدمی جو امن دے میرے نام سے پھر
دھوکا کرے اور ۲ دوسرا وہ جو بیچے آزاد آدمی کو پھر
کھا گیا اس کے پیسے اور ۳ تیسرا وہ جو مزدور سے پوری
مزدوری کرائے اور اس کو اُجرت مزدوری کی نہ

(۱) تقدم قریبا رواہ مسلم ، ت من حدیث ابی ھریرۃ

marfat.com

يهوديًا او نصرانيًا او نقصه او كلفه
فوق طاقته او اخذ منه شيئًا بغير
طيب نفسه فهو داخل في قوله تعالى
انا حجيجه او قال انا خصمه يوم القيامة
ومن ذلك ان يحلف على دين في ذمته
كاذبًا فاجرا لما ثبت في الصحيحين
ان رسول الله صلى الله عليه وسلم
قال من اقتطع حق امرئ مسلم
بيمينه فقد اوجب الله له النار
وحرم عليه الجنة قيل يا رسول الله
وان كان شيئًا يسيرا قال وان كان
قضيبا من اراك .

تخف القصاص غدا اذا وفيت ما
كسبت يداك اليوم بالقسطاس
في موقف ما فيه الا شاخص
او مهطع او مقنع للراس
اعضاؤهم فيه الشهود وسجنهم
نار وحاكمهم شديد الباس
ان تمطل اليوم الحقوق مع الغنى
فغدا تؤديها مع الافلاس

وقد روى انه لا اكره للعبد
يوم القيامة من ان يرى من يعرفه
خشية ان يطالبه بمظلمة ظلمه بها
في الدنيا كما قال النبي صلى الله عليه
وسلم .

دے۔ اور اسی طرح اگرچہ ظلم کرے یہودی پر یا نصرانی پر یا کم مزدوری دی یا زیادہ تکلیف دی اس کو اس کی طاقت سے یا اس سے لی کوئی چیز بغیر اس کی دلی رضامندی اُس کی کے۔ پس وہ داخل ہے اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد میں کہ میں جھگڑوں اس کی طرف سے یا فرمایا میں اس کی طرف سے جھگڑنے والا ہوں گا قیامت کے دن۔ اور اسی طرح جو شخص قسم کھالے قرضہ کے بارہ میں جھوٹی ثابت ہے صحیحین میں کہ بے شک نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کاٹے حق کسی مسلمان کا ساتھ جھوٹی قسم کے پس اللہ تعالیٰ واجب کر دیتا ہے اس کے لئے آگ اور حرام کرتا ہے اس پر جنت کو اور کہا گیا ہے اگرچہ ذرا سی چیز بھی ہو یا رسول اللہ! آپ نے فرمایا اگرچہ ہو برابر ٹہنی درخت پیلو کے۔

(اشعار)

پس ہلکا کر بدلہ کو کل کیلئے جبکہ پورا دیا جائے گا تو انصاف کے ساتھ جو کچھ تو نے کمایا آج کے دن۔

اور ایسے مَوقف میں نہیں ہوگا ایک بھی بجز آنکھ نیچی کرنیوالے کے اور گردن نیچے کرنیوالے کے اور سر نیچے کرنے والے کے ــــ اُن کے اعضاء اس روز گواہ ہوں گے اور ان کا قید خانہ آگ ہوگا اور ان کا حاکم سخت قوت والا ہے ــــ اگر ڈھیل کرتا ہے تو آج کے دن ادائے حقوق میں باوجود طاقت کے پس کل ادا کرے گا تو ان کو ساتھ تنگی کے۔

اور تحقیق روایت کیا گیا ہے کہ بیشک نہیں جبر کیا جائے گا

(١) لتؤدن الحقوق الى اهلها يوم القيامة حتى يقاد للشاة الجلحاء من الشاة القرناء، وقال صلى الله عليه وسلم (٢) ومن كانت عنده مظلمة لاخيه من عرضه او من شيئ فليتحلل منه اليوم من قبل ان لا يكون دينار ولا درهم ان كان له عمل صالح اخذ منه بقدر مظلمته و ان لم يكن له حسنات اخذ من سيئات صاحبه فحمل عليه ثم طرح فی النار وروی عبد الله بن ابی الدنيا بسنده الى ابی ایوب (٣) الانصاری ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال، اول من يختصم يوم القيامة الرجل وامرأته والله ما يتكلم لسانها و لكن يداها ورجلاها يشهدان عليها بما كانت تعنت لزوجها فی الدنيا ويشهد على الرجل يده ورجله بما كان لزوجته من خير او شر ثم يدعى بالرجل وخدمه مثل ذلك فما يوخذ منهم دوانيق

آدمی سے قیامت کے دن اس بات سے کہ دیکھے اس آدمی کو جس کو وہ پہچانتا ہو بوجہ خوف اس کے کہ وہ مطالبہ کرے گا اس سے اپنے حق کا جو دُنیا میں ظلم کیا تھا۔

جس طرح فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ ضرور ادا کئے جائیں گے حقوق اُن کے اہل کی طرف قیامت کے دن حتیٰ کہ بکری سینگ والی سے بغیر سینگ والی کو اور فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جس شخص کے پاس ہو کوئی چیز اپنے بھائی کی (لی ہوئی) بطور ظلم کے سامان یا کوئی اور چیز تو اس کو چاہیئے کہ آج حلال کرالے اس سے قبل کہ نہ ہوگا۔ اس کے لئے کوئی دینار نہ درہم اگر ہوگا کوئی نیک عمل تو لیا جائیگا اس سے بقدر ظلم کے اور اگر کوئی نیکی نہ ہوئی تو اس کے صاحب کے گناہ لیکر اس پر رکھ دئے جائیں گے پھر دوزخ میں پھینک دیا جائے گا۔ اور روایت کیا عبد اللہ بن ابی الدنیا نے ابواب انصاری رضی اللہ عنہ کی طرف سے بیشک فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ پہلا جو جھگڑا کریگا۔ قیامت کے دن مرد اور عورت۔ اور خدا کی قسم نہ بولے گی زبان اس کی لیکن بولیں گے ہاتھ اور پاؤں گواہی دینگے اس عورت پر ساتھ اس کے جو سختی کرتی

(١) رواه مسلم، ت من حديث ابی هريرة رضی الله عنه

(٢) رواه البخاری والترمذی من حديث ابی هريرة قاله المنذری فی ترغيبه

(٣) الطبرانی فی مسنده عن عبد العزيز الليثی وهو ضعيف ووثقه سعيد بن منصور وقال كان مالك يرضاه اه مجمع الزوائد (١).

ولا قراريط ولكن حسنات هذا الظالم
تدفع الى هذا المظلوم وسيئات
هذا المظلوم تحمل على هذا الظالم
ثم يؤتى بالجبارين فى مقامع من
حديد فيقال سوقوهم الى النار وكان
شريح القاضى يقول سيعلم الظالمون
حق من انتقصوا ان الظالم ينتظر
العقاب والمظلوم ينتظر النصر والثواب
وروى انه اذا اراد الله بعبده خيرا
سلط الله عليه من يظلمه ، ودخل
طاؤس اليمانى على هشام بن عبد الملك
فقال له اتق الله يوم الاذان قال هشام
وما يوم الاذان قال قوله تعالى (فَاَذَّنَ
مُؤَذِّنٌ بَيْنَهُمْ اَنْ لَّعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى
الظّٰلِمِيْنَ) فصعق هشام فقال طاؤس
هذا ذل الصفة فكيف بذل المعاينة؟
يا راضيا باسم الظالم كم عليك من
المظالم ؟ السجن جهنم ، والحق الحاكم !

(فصل)

فى الحذر من الدخول على الظلمة
ومخالطتهم ومعونتهم قال الله تعالى
(وَلَا تَرْكَنُوْا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ
النَّارُ) والركون ههنا السكون الى
الشيء والميل اليه بالمحبة قال ابن

تھی اپنے خاوند پر دُنیا میں اور گواہی دینگے اُس مرد پر اس کے ہاتھ اور پاؤں ساتھ اس کے جو اس نے اپنی بیوی کے حق میں کی ہوگی بھلائی یا بُرائی سے پھر بلایا جائیگا مرد اور اس کے خادم کو اسی طرح نہ لیا جائیگا اس سے سونا چاندی لیکن نیکیاں اس ظالم کی دی جائیں گی مظلوم کو اور گناہ مظلوم کے ظالم کو پھر لایا جائے گا سختی کرنے والے فرشتوں کے پاس جن کے پاس گرز ہوں گے لوہے کے پھر کہا جائیگا ہانکو ان کو دوزخ کی طرف قاضی شریح کہتے تھے عنقریب معلوم ہو جائیگا ظالموں کو یہاں تک کہ بدلہ جائیگا ان سے بیشک ظالم انتظار کرتے ہیں عذاب کا اور مظلوم انتظار کر رہا ہے مدد کی اور ثواب کی۔ اور روایت کیا گیا ہے کہ بیشک جب ارادہ کرتا ہے اللہ تعالیٰ اپنے بندہ سے بھلائی کا تو مسلط کرتا ہے اس پر اسکو جو ظلم کرے اس پر۔ طاؤس یمانی ہشام بن عبد الملک کے پاس گئے اور کہا کہ ڈر اللہ تعالیٰ سے یوم الاذان سے ہشام نے کہا کہ یوم الاذان کیا ہے کہ فرمایا اللہ تعالیٰ فَاَذَّنَ مُؤَذِّنٌ بَيْنَهُمْ اِنَّ لعنة الله على الظالمين پھر بیہوش ہو گیا ہشام اور کہا طاؤس نے یہ ذلت تو ہے اس کی تعریف سننے سے کیسی ذلت ہوگی بوقت معائنہ کے؟ اے راضی ہونیوالے ساتھ نام ظالم کے کسقدر ہوں گے تیرے ذمہ مظالم۔

فصل: ظالموں کے پاس جانے اور میل ملاپ کرنے اور اُنکی مدد کرنے سے بچنا چاہیئے۔ فرمایا اللہ تعالیٰ نے اور نہ جھکو تم اُن لوگوں کی طرف جنہوں نے ظلم کیا ورنہ

عباس رضی اللہ عنہما لا تمیلوا کل
المیل فی المحبة ولین الکلام والمودة
وقال السدی وابن زید لا تداھنوا
الظلمة ، قال عکرمة ھو ان یطیعھم
ویودھم وقال ابو العالیة لا ترضوا
باعمالھم (فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ) فیصیبکم
لفحھا (وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ
اَوْلِيَاءَ) وقال ابن عباس رضی اللہ عنہما
ما لکم من مانع یمنعکم من عذاب اللہ
(ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ) لا تمنعون من
عذابہ وقال تعالیٰ (اُحْشُرُوا الَّذِيْنَ
ظَلَمُوْا وَاَزْوَاجَهُمْ) ای اشباھھم
وامثالھم واتباعھم وعن (۱) ابن
مسعود رضی اللہ عنہ قال : قال
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
سیکون امراء یغشاھم غواش او
حواش من الناس یظلمون ویکذبون
فمن دخل علیھم وصدقھم بکذبھم
واعانھم علی ظلمھم فلیس منی و
لست منہ ومن لم یدخل علیھم
ولم یعنھم علی ظلمھم فھو منی وانا
منہ ، وعنہ

پکڑے گی تم کو آگ ۔ ابن عباسؓ نے فرمایا نہ میلان کرو پورا میلان کرنا محبت میں نرم کلامی میں اور دوستانے وغیرہ میں ۔

کہا سُدی اور ابن زید نے کہ ظالم کے ساتھ نرمی نہ کرو اور عکرمہ نے کہا وہ اُنکی اطاعت کرنا اور ان سے دوستی کرنا مراد ہے اور ابو العالیہ نے کہا نہ راضی ہوں اُن کے اعمال سے ۔ فتمسکم النار کا مطلب کہ پہنچے گی تم کو تکلیف اُس کی ۔ فرمایا ابن عباس رضی اللہ عنہ نے اللہ کے عذاب سے تم کو کوئی روکنے والا نہ ہوگا اور اللہ کے عذاب سے نہ بچ سکو گے ۔ قال تعالیٰ ۔ جمع کئے جائیں گے وہ لوگ جنہوں نے ظلم کیا ہوگا اور ان کی مثال (جو پہلے گذر گئے)

اور ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا عنقریب اُمراء ہوں گے جو ڈھانک لیگی اُن کو دھوکا دہی لوگوں کی ظلم کریں گے اور جھوٹ بولیں گے پس جو شخص اُن کے پاس آئے اور اُن کے جھوٹ کی تصدیق کرے اور اعانت کی ان کے ظلم کرنے پر پس وہ مجھ سے نہیں ہے اور میں اس سے نہیں ہوں (یعنی خارج از امت ہے) اور جو شخص نہ جائے اُن کے پاس اور نہ اعانت کرے ان کے ظلم کرنے کی پس وہ مجھ سے ہے اور میں اس سے ہوں اور انہیں سے روایت ہے ، فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص مدد کرے ظالم کی مسلط کیا جاویگا اس پر ۔

(۱) رواہ احمد وابو یعلی وابن حبان فی صحیحہ من حدیث ابی سعید الخدری
لا ابن مسعود کما فی المنذری فلعل ھذا من خطأ النساخ

marfat.com

(١) رضی اللہ عنہ عن النبی صلی اللہ
علیہ وسلم من اعان ظالما سلط
علیہ. وقال سعید بن المسیب رحمہ
اللہ ولا تملؤا اعینکم من اعوان الظلمۃ
الا بانکار من قلوبکم لئلا تحبط
اعمالکم الصالحۃ، وقال مکحول
الدمشقی: ینادی مناد یوم القیامۃ
این الظلمۃ واعوانہم فما یبقی احد
مد لہم حبراً او حبر لہم دواۃ او بری
لہم قلماً فما فوق ذلک الا احضر
معہم فیجمعون فی تابوت من نار
فیلقون فی جہنم۔ وجاء رجل خیاط
الی سفیان الثوری فقال انی رجل اخیط
ثیاب السلطان هل انا من اعوان الظلمۃ؟
فقال سفیان بل انت من الظلمۃ انفسہم
ولکن اعوان الظلمۃ من یبیع منک
الابرۃ والخیوط:

وقد روی عن النبی صلی اللہ علیہ
وسلم انہ قال، اول من یدخل النار
یوم القیامۃ السواطون الذین یکون
معہم الاسواط یضربون بہا الناس
بین یدی الظلمۃ، وعن ابن عمر
رضی اللہ عنہما قال: الجلاوزۃ والشرط

سعید بن مسیب نے فرمایا نہ بھرو اپنی آنکھیں ظالم
کے امدادیوں سے مگر ساتھ انکار کے اپنے دلوں سے
تاکہ نہ حبط ہو جائیں تمہارے اعمال صالح اور مکحول دمشقی
نے کہا منادی کرنے والا ندا دیگا۔ قیامت کے دن کہ
کہاں ہیں ظالم اور ان کے امدادی پس نہ رہیگا کوئی
باقی جس نے ان کے واسطے قلم بنادی ہو دوات یا
سیاہی دی ہو یا اس سے اوپر کوئی چیز۔ مگر حاضر کی جائے
گی ان کے ساتھ پھر آگ کی صندوق میں اکٹھا کر کے دوزخ
میں پھینک دیئے جائیں گے۔ اور ایک درزی سفیان
ثوری کے پاس آیا اور کہا کہ میں بادشاہ کے کپڑے
سیتا ہوں کیا میں بھی ظالم کے امدادیوں میں سے ہوں؟
سفیان ثوری نے فرمایا بلکہ تو تو ظالموں میں سے ہے۔
اور امدادی ظالم کے وہ ہیں جو تیرے پاس سوئی اور
دھاگہ بیچتے ہیں۔

اور تحقیق روایت کیا گیا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے
فرمایا آپ نے اول وہ شخص جو دوزخ میں داخل ہوگا
قیامت کے دن وہ سواط ہوں گے اور وہ وہ لوگ
ہیں جن کے پاس کوڑے ہوتے تھے جن سے لوگوں کو
مارتے تھے ظالموں کے سامنے (یعنی جلاد وغیرہ) اور
ابن عمر سے روایت ہے کہ ظالم کے امدادی اور پولیس
والے جہنم کے کتے ہونگے قیامت کے دن۔ روایت کی
گئی ہے کہ بے شک اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام
کو وحی کی تھی کہ بنی اسرائیل سے فرمادیں کہ میرا ذکر نہ

(١) عزاہ السیوطی فی جامع الصغیر الی ابن عساکر عن ابن مسعود
واشار الی ضعفہ

كلاب النار يوم القيامة۔ الجلاوزة : اعوان الظلمة .

وقد روی ان الله تعالی اوحی الی موسی علیه السلام ان مر بنی اسرائیل ان لا یتلوا من ذکری فانی اذکر من ذکرنی وان ذکری ایاهم ان العنهم ، وفی روایة فانی اذکر من ذکرنی منهم باللعنة (۱)

وجاء عن النبی صلی الله علیه وسلم انه قال : لا یقف احدکم فی موقف یضرب فیه رجل مظلوم فان اللعنة تنزل علی من حضر ذلک المکان اذا لم یدفعوا عنه"

وروی (۲) عن رسول الله صلی الله علیه وسلم انه قال . اتی رجل فی قبره فقیل له انا ضاربوک مائة ضربة فلم یزل یتشفع الیهم حتی صاروا الی ضربة واحدة فضربوه فالتهب القبر علیه نارًا فقال لم ضربتمونی هذه الضربة فقالوا انک صلیت صلاة بغیر طهور

کریں کیونکہ یاد کرتا ہوں میں جو مجھے یاد کرے اور میری یاد ان کے لئے لعنت کرتا ہے اور فرمایا نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کہ تم میں سے کوئی آدمی ایسی جگہ نہ ٹھہرے جہاں مظلوم مارا جا رہا ہو۔ بے شک ایسے مکان میں ٹھہرنے والوں پر لعنت اترتی ہے جبکہ نہ روکیں اس کو

اور فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ ایک آدمی کو قبر میں لایا گیا۔ پھر کہا گیا اس سے کہ تجھ کو سو کوڑے ماریں گے ہم تو اس نے بہت کچھ منت سماجت کی حتیٰ کہ ایک کوڑا مارا انہوں نے تو بھڑک اٹھی اس کی قبر پر آگ پھر اس نے کہا کہ مجھے کیوں مارتے ہو تو انہوں نے کہا تو نے بغیر طہارت کے نماز پڑھی تھی اور ایک مظلوم پر سے گذرا تھا اور اس کی مدد نہ کی تھی پس یہ حال ہے اس کا جو باوجود قدرت کے مظلوم کی مدد نہ کرنے پر تو کیا حال ہوگا خود ظالم کا ؟

اور صحیحین سے ثابت ہے نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام سے کہ فرمایا آپ نے اپنے بھائی ظالم اور مظلوم کی مدد کرو عرض کیا یا رسول اللہ مظلوم کی تو مدد کروں ظالم کی مدد کس طرح کروں ؟ آپ نے فرمایا روک اس کو ظلم کرنے سے یہ ہے مدد ظالم کی !

(۱) رواه الطبرانی باسناد حسن من حدیث ابن مسعود مبلفظ یقتل فیه رجل ظلما الخ اھ ترغیب

(۲) رواه الطبرانی من حدیث ابن عمر وفی سنده یحیی بن عبد الله البابلی وهو ضعیف قاله فی مجمع الزوائد ورواه وعزاه فی الترغیب الی کتاب التوبیخ لابی الشیخ ابن حبان واشار لضعفه۔

marfat.com

ومررت برجل مظلوم فلم تنصره،
فهذا حال من لم ينصر المظلوم مع
القدرة على نصره فكيف حال
الظالم!؟

وقد ثبت فى الصحيحين
(١) عن رسول الله صلى الله عليه وسلم
انه قال: انصر اخاك ظالمًا او مظلومًا
فقال يا رسول الله انصره اذا كان
مظلومًا فكيف انصره اذا كان ظالمًا؟
قال تمنعه من الظلم فان ذلك نصره"
ومما حكى قال بعض العارفين:
رأيت فى المنام رجلا ممن يخدم
الظلمة والمكاسين بعد موته
بمدة فى حالة قبيحة فقلت له
ما حالك؟ قال شر حال فقلت الى اين
صرت؟ قال الى عذاب الله قلت فما
حال الظلمة عنده؟ قال: شر حال
اما سمعت قول الله عزوجل (وسيعلم
الذين ظلموا اى منقلب ينقلبون)
ومما حكى قال بعضهم: رأيت رجلا
مقطوع اليد من الكتف وهو ينادى
من رآنى فلا يظلمن احدًا فتقدمت
اليه فقلت له يا اخى ما قصتك؟

حکایت

ایک عارف نے کہا میں نے خواب میں دیکھا ایک شخص کو جو کہ ظالم کا خادم تھا اور مکاس تھا (یعنی ٹیکس وصول کرنے والا) بعد اس کے مرنے کچھ عرصہ کے بعد بہت بری حالت میں میں نے کہا کہ کیا حال ہے تیرا؟ اس نے کہا بہت ہی برا حال ہے میں نے کہا کہاں گیا تو اس نے کہا عذاب الٰہی کی طرف پھر میں نے اس ظالم کے متعلق دریافت کیا جس کے پاس یہ رہتا تھا اس نے کہا اس کا بہت برا حال ہے کیا تو نے نہیں سنا ارشاد باری تعالیٰ وسیعلم الذین الآیۃ

حکایت دیگر ۔ اور کسی عارف نے کہا کہ میں نے ایک شخص کو دیکھا جس کا کندھے سے ہاتھ کٹا ہوا تھا اور پکار رہا تھا کہ جو مجھے دیکھے ہرگز نہ ظلم کرے کسی پر میں اس کے قریب گیا اور پوچھا کہ اے بھائی کیا قصہ ہے اس نے کہا بھائی یہ عجیب قصہ ہے اور وہ یہ ہے کہ میں ایک ظالم کا یار تھا میں نے ایک دن ایک شکاری کے پاس مچھلی دیکھی جو اس نے شکار کی تھی مجھے بڑی پسند آئی میں نے اس کے پاس جا کر کہا کہ یہ مچھلی مجھے دیدے اس نے کہا میں نہیں دیتا میں تو اس کو بیچوں گا تاکہ کچھ گذر ہو جائے

(١) خ من حديث انس ومسلم من حديث جابر قاله المنذرى

قال یا أخی قصة عجیبة وذلك انی کنت
من اعوان الظلمة فرأیت یوم صیاداً
وقد اصطاد سمكة كبيرة فاعجبتني
فجئت اليه فقلت اعطني هذه السمكة
فقال لا اعطيكها انا اخذ بثمنها قوتاً
لعيالي فضربته واخذتها منه قهراً و
مضيت بها قال فبينا انا امشي بها
حاملها اذا عضت على ابهامي عضة
قوية فلما جئت بها الى بيتي والقيتها
من يدي ضربت على ابهامي والمتني
المًا شديدًا حتى لم انم من شدة الوجع
والالم وورمت يدي فلما اصبحت اتيت
الطبيب وشكوت اليه الألم فقال
هذه مبدء الاكلة اقطعها والا تقطع
يديك فقطعت ابهامي ثم ضربت
على يدي فلم اطق النوم ولا القرار من شدة
الألم فقيل لي اقطع كفك فقطعته
وانتشر الألم الى الساعد والمني المًا
شديدًا ولم اطق القرار وجعلت استغيث
من شدة الألم فقيل لي اقطعها الى المرفق
فقطعتها فانتشر الألم الى العضد وضربت
على عضدي اشد من الالم الاول
فقيل اقطع يدك من كتفك والاسرى
الى جسدك كله فقطعتها فقال لي
بعض الناس ما سبب المك فذكرت

میرے بال بچے کا. تو میں نے اس کو مارا اور اُس سے
مچھلی چھین لی زبردستی کر کے چنانچہ اس کو لیکر جا رہا
تھا کہ اس مچھلی نے میرے انگوٹھے کو کاٹا بڑے زور
سے جب میں گھر آیا تو اس کو پھینک دیا اور اس کے
کاٹنے سے مجھے سخت درد ہوا یہاں تک کہ نہ سویا میں
رات بھر بوجہ شدت درد کے اور سوج گیا ہاتھ صبح کو
طبیب کے پاس گیا اور اپنے درد کا تبلایا تو اس نے کہا
کہ ابھی ابتدا ہے اس پھوڑے کی اگر اس کو نہ کاٹا گیا
تو پورا ہاتھ کاٹنا پڑے گا چنانچہ اس نے میرا انگوٹھا کاٹ
دیا پھر درد شروع ہو گیا پورے ہاتھ میں جس کی وجہ سے
نہ تو مجھے نیند آتی نہ آرام بوجہ شدۃ درد کے پھر مجھے
طبیب نے کہا کہ اب تو پورا ہاتھ ہی کاٹنا پڑیگا چنانچہ
کاٹ دیا اس نے پورا ہاتھ اور پھیل گئی تکلیف کلائی
تک اور سخت درد ہوا اور بے قراری میں نے شدت
درد کی فریاد کی تو کاٹ ڈالا اس نے کہنی سے پھر پھیل
گیا درد کندھے تک اور سخت درد ہوا تو اس نے کہا کہ کندھے
سے ہاتھ کاٹونگا ورنہ تو پورے جسم میں سرایت کر جائیگی
زہر اس کی چنانچہ کندھے ہی سے کاٹ ڈالا مجھ سے بعض
لوگوں نے دریافت کیا کہ یہ درد کیوں ہو گیا تھا تو میں
نے وہ مچھلی والا واقعہ بیان کر دیا تو مجھے انہوں نے کہا کہ تو
لوٹ جاتا پہلی ہی مرتبہ جبکہ درد شروع ہوا تھا مچھلی والے
کے پاس اور معاف کروا لیتا اس سے اور راضی کر لیتا تو تیرا
یہ بازو نہ کٹتا اب بھی اس کے پاس جا کر اس کو راضی کر لے
پیشتر ازیں کہ پورے بدن میں زہر پھیل جائے چنانچہ میں
پورے شہر میں گھوما اور اس کو تلاش کیا اور اس کے قدموں

marfat.com

قصة السمكة فقال لی لو کنت رجعت فی اول ما اصابك الألم الی صاحب السمكة واستحللت منه وارضيته لما قطعت من اعضائك عضواً فاذهب الآن اليه واطلب رضاه قبل ان يصل الألم الی بدنك قال فلم أزل اطلبه فی البلد حتی وجدته فوقعت علی رجليه اقبلها وابكی وقلت له يا سيدی سألتك بالله الا ما عفوت علی فقال لی من انت قلت انا الذی اخذت منك السمكة غصبا وذكرت ما جری واريته يدی فبكی حين رآها ثم قال يا اخی قد احللتك منها لما قد رايته بك من هذا البلاء فقلت يا سيّدی بالله هل كنت قد دعوت علی لما اخذتها قال نعم قلت اللهم ان هذا تقوی علیّ بقوته علی ضعفی ما رزقتنی ظلما فأرنی قدرتك فيه فقلت يا سيدی قد اراك الله قدرته فی وانا تائب الی الله عزوجل عما كنت عليه من خدمة الظلمة ولا عدت اقف لهم علی باب ولا اكون من اعوانهم ما دمت حيا ان شاء الله وبالله التوفيق"

(موعظة)

اخوانی كم اخرج الموت نفساً من

پر گر گیا اور رویا اور اس کو کہا کہ اے سردار میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ خدا کیلئے مجھے معاف کر دے اس نے مجھے کہا کہ تُو کون ہے؟ میں نے کہا میں وہ ہوں کہ تجھ سے زبردستی مچھلی چھین لی تھی اور پُورا قصہ بعد کا سنایا اور اپنا ہاتھ بھی اس کو دکھایا تو وہ رو پڑا جب اس نے میرے ہاتھ کو دیکھا تو کہا اے بھائی میں نے تجھے معاف کر دیا ہے بوجہ اس کے جو کچھ میں نے دیکھا ہے تیرے ساتھ ہوا. میں نے اس کو کہا کہ اے سردار کیا تو نے بددعا کی تھی میرے حق میں جب میں نے تجھ سے مچھلی چھینی تھی؟ اس نے کہا ہاں میں نے کہا تھا یا اللہ بیشک یہ طاقت ور ہے جس نے مجھ کمزور پر زیادتی کی ہے اس چیز پر جو تُو نے مجھے روزی کے طور پر دی تو دکھا تو اپنی قدرت اس میں۔ میں نے کہا اے سردار بیشک دکھلائی اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت مجھے میرے معاملہ میں اور توبہ کرتا ہوں میں اللہ کیطرف اس سے جو میں خدمت کر چکا ہوں ظالم کی اور نہیں اعادہ کروں گا جو کھڑا ہوں اس کے دروازے پر اور نہ اس کا معاون بنوں گا جب تک زندہ رہوں گا انشاء اللہ وباللہ التوفیق۔

موعظت

اے بھائی موت نے کتنے نفوس گھروں سے نکالے ہیں جو نہیں پھرتے اور کتنے اتارے ہیں وجود ایسے پڑوس میں جس کے پڑوسی نہیں تھے اور کتنی

marfat.com

دارها لم يدارها وكم انزل اجسادًا بجارها لم يجارها وكم اجرى العيون كالعيون بعد قرارها شعرًا :

یا معرضا لوصال عیش ناعم
ستصد عنه طائعًا او کارها
ان الحوادث تزعج الاحرار عن
اوطانها والطیر عن اوکارها

این من ملك للمغارب والمشارق وعمر النواحی وغرس الحدائق و نال الأمانی ورکب العوائق صاربه من داره غراب بین ناعق، وطرقه فی لهوه افظع طارق وزجرت علیه رعود وصواعق، وحل به ما شیب بعض المفارق، وقلاه الحبیب الذی لم یفارق، وهجره الصدیق والرفیق الصادق، ونقل من جوار المخلوقین الی جوار الخالق نازله والله الموت فلم یحاشه، واذله بالقهر بعد عز جاشه وابدل له خشن التراب بعد لین فراشه وخرقه الدود فی قبره کتمزیق قماشه وبقی فی ضنك شدید من معاشه وبعد عن الصدیق فکانه لم یماشه، ما نفعه والله الاحتراز، ولا ردت عنه الرکاز، ملی ضره من السزاد الاعوان، وصار والله عبرة للمجان

آنکھیں چلائیں چشموں کی طرح بعد قرار کے۔

(شعر)

اے منہ موڑنے والے بوجہ اچھی عیش کے عنقریب پھیرا جائیگا تو اس سے خوشی سے یا ناخوشی سے۔ حوادثات بے وطن کر دیتی ہیں آزادوں کو اپنے وطن سے اور پرندوں کو اپنے آشیانوں سے۔

کہاں ہیں وہ جو مالک تھے مشرق اور مغرب کے اور آباد کیا کنارے دنیا کے اور باغات لگائے اور پہنچے اپنے مقاصد میں اور سوار ہوئے اچھی سواریوں پر۔ لے گیا ان کو اپنے گھر سے جدائی کا بولنے والا کوا اور چلایا اس کو اس کی خواہشات میں بُرے چلانے والے نے اور پڑی اُن پر رعد و صواعق اور اُتریں اُن پر وہ جنہوں نے اس کے بالوں کو سفید کر دیا۔ اور جدا کر دیا اس نے اس دوست کو جو جُدا نہیں ہوتا تھا اور علیحدہ ہوگیا اس سے دوست اور لے گیا اس کو مخلوقات کے پاس سے اللہ کے پاس۔ اُتری اس پر موت خدا کی قسم اس نے نہ پرواہ کی اور ذلیل کیا اس کو موت نے زبردستی سے بعد عزت کے۔ اور بدل دیا اس کی موت نے قبر کا سخت فرش بعد نرم بستر کے اور پھاڑ دیا اس کو کیڑوں نے قبر میں مثل پھٹ جائے کپڑے کے اور باقی رہا بیچ تنگ زندگی کے اور دور ہوگیا اپنے دوست سے گویا وہ اس کے ساتھ کبھی نہیں رہا اور نہ نفع دیا اس کو خدا کی قسم احتیاط نے اور نہ لوٹایا اس کی طرف خزانہ بلکہ نقصان دیا اس کو سامان نے اور ساتھیوں نے۔ ہو گیا خدا کی قسم عبرت

marfat.com

وقطع شاسعا من السبل الا وفاة
وبقى رهينا الايدرى اهلك ام فاز
وهذا الك بعد ايام، وما انت فيه
الان احلام ودنياك لا تصلح وما
سمعت ستراه غدا على التمام، و
يقع لى ولك، ويحك اما يؤثر فيك
هذا الكلام؟

جانے والوں کے لئے اور قطع کئے اس نے دور دراز کے راستے جنگلوں کے. اور پابند ہے نہیں معلوم ہوسکتا کہ کامیاب ہے یا ناکام. اور یہ تیرے لئے بھی ہے کچھ دنوں کے بعد اور نہیں ہے تو اس کے لئے فکر مند اور تیری دُنیا تیرے لیے خیر کا ذریعہ نہیں بنیگی اور نہیں سُنا تو نے عنقریب دیکھے گا تو کل پورا پورا اور یہ تیرے لئے بھی اور میرے لئے بھی ہونیوالا ہے خدا تجھے سمجھ دے یہ بات تیرے اندر اثر نہیں کرتی؟ (اللہ تعالیٰ ہدایت فرما دے)

الكبيرة السابعة والعشرون: المكاس

وهو داخل فى قوله تعالى: (إِنَّمَا السَّبِيلُ عَلَى الَّذِينَ يَظْلِمُونَ النَّاسَ وَيَبْغُونَ فِي الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ أُولَٰئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ) و المكاس من اكبر اعوان الظلمة بل هو من الظلمة انفسهم فانه ياخذ مالا يستحق ويعطيه لمن لا يستحق، و لهذا قال النبى صلى الله عليه وسلم، المكاس لا يدخل الجنة، وقال صلى الله عليه وسلم، لا يدخل الجنة صاحب مكس، رواه ابو داود، وما ذاك الا لانه يتقلد مظالم العباد و من اين للمكاس يوم القيامة ان يؤدى للناس ما اخذ منهم انما ياخذ من حسناته ان كان له حسنات وهو داخل

(محصول وصول کرنے والا)

الزام تو ان پر ہے جو ظلم کرتے ہیں لوگوں پر اور فساد اُٹھاتے ہیں ملک میں ناحق۔ ان لوگوں کے لیے عذاب دردناک ہے۔ (شوریٰ)

مکاس. ظالم کے بڑے مددگار نیوالوں سے ہے بلکہ وہ ظلم کرنیوالے ہیں اپنے نفسوں پر اس لیے کہ وہ لیتا ہے وہ چیز جس کا اس کو حق نہیں اور دیتا ہے اس کو جس کا مستحق نہیں وہ۔ پس فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ مکاس جنت میں نہیں جائے گا اور نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں داخل ہوگا جنت میں صاحب مکس (ابو داؤد) اور نہیں ہے یہ ایسے ہے کہ لوگوں کے مظالم اس کے گلے میں ڈالے جائینگے کہاں ہوگا مکاس کے لیے قیامت کے دن جو ادا کرے حقوق لوگوں کے جو لیا اُن سے بجز اسکے لینگے نیکیاں اگر وہ بھی ہوئیں تو۔ اور وہ داخل ہے

في قوله (۱) النبي صلى الله عليه وسلم
اتدرون من المفلس قالوا يا رسول الله
المفلس فينا من لا درهم له ولا متاع
قال ان المفلس من امتي من ياتي بصلاة
وزكاة وصيام وحج ويأتي وقد شتم
هذا وضرب هذا واخذ مال هذا
فيؤخذ لهذا من حسناته وهذا
من حسناته فان فنيت حسناته
قبل ان يقضي ما عليه اخذ من
سيئاتهم فطرحت عليه ثم طرح في
النار"

وفي حديث المرأة التي طهرت
نفسها بالرجم لقد تابت توبة لو تابها
صاحب مكس لغفر له او لقبلت منه
والمكاس من فيه شبه من قاطع الطريق
وهو من اللصوص وجابي المكس وكاتبه
وشاهده وآخذه من جندي وشيخ
وصاحب رواية شركاء في الوزر
آكلون للسحت والحرام وصح ان
رسول الله صلى الله عليه وسلم
قال، لا يدخل الجنة لحم نبت من
السحت النار اولى به" والسحت
كل حرام قبيح الذكر يلزم منه العار،

ارشاد نبی صلے اللہ علیہ وسلم میں فرمایا کیا جانتے ہو تم
کہ مفلس کون ہے؟ لوگوں نے کہا یا رسول اللہ!
مفلس وہ ہے کہ اس کے پاس پیسہ ہو نہ کوئی
سامان! آپ نے فرمایا میری امت کا مفلس وہ
ہے جو آئیگا ساتھ نماز کے، روزہ کے، حج
کے اور گالی دی اس کو اور مارا اس کو اور مال لیا
اس سے پس لی جائیں گی اس سے اس کی نیکیاں
اگر ختم ہو گئیں۔ نیکیاں قبل از یں کہ پورے کئے
جائیں حقوق لوگوں کے تو ان کی برائیاں لے کر
اس پر رکھ کر دوزخ میں پھینک دیا جائیگا

—٭—

اور ایک حدیث پاک میں آیا ہے۔ وہ عورت
جس نے پاک کیا اپنے نفس کو رجم سے۔ البتہ
اس نے توبہ کرلی۔ اگر توبہ کرے صاحب مکس
البتہ معاف کیا جائے گا اس سے اور قبول کیا
جائے گا اس سے اور مکاس جس میں شبہ ہو
قطع طریق سے اور وہ چور ہوتے ہیں کھینچا ہے
مکس اور اس کا لکھنے والا اور گواہی دینے والا اور لینے
والا لشکر والے سے شیخ سے یا صاحب روایت سے شریک
ہوگا گناہ میں حرام کھانے والے ہیں اور صحیح فرمایا نبی
کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں جائیگا جنت میں وہ گوشت
جو بنا ہو حرام سے۔ آگ اس کے لیے بہتر ہے۔ ہر
حرام قبیح سے بچنا لازم ہے۔

(۱) رواه مسلم والترمذي من حديث ابي هريرة كما في ترغيب المنذري

marfat.com

وذكره الواحدي (١) رحمه الله
في تفسير قوله تعالى (قُلْ لَا يَسْتَوِي
الْخَبِيثُ وَالطَّيِّبُ) وعن جابر ان
رجلا قال يا رسول الله ان الخمر
كانت تجارتي واني جمعت من بيعها
مالا فهل ينفعني ذلك المال ان
عملت فيه بطاعة الله تعالى فقال
رسول الله صلى الله عليه وسلم
ان انفقته في حج او جهاد او صدقة
لم يعدل عند الله جناح بعوضة
ان الله لا يقبل الا الطيب، فانزل
الله تعالى تصديقا لقول رسول الله
صلى الله عليه وآله وسلم (قُلْ لَا
